بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مقدمہ

(1)موضوع

تخریج الاحادیث الواردۃو الآثار المذکورۃ

فی کتاب "نہج البلاغہ" لعلی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا۔ اس میں اپنی روح پھونک دی۔ پھر اسے مسجود ملائکہ قرار دیا۔ اس کے بعد اسے اپنا نائب بنایا۔ اسے وہ کچھ سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ اللہ نے انسان کو علم و شریعت عطا کیا تا کہ وہ گمراہی سے محفوظ رہے اور اللہ وحدہ لاشریک کی اطاعت وبندگی سے دور نہ ہو جائے۔ جیسے جیسے انسانوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا ویسے ان میں اختلافات اور خرافات کا بھی اضافہ ہوتا گیا۔ اللہ نے ان کے اختلاف کو مٹانے اور ان کو یکجا جمع کرنے کے لیے اپنی طرف سے ضرورت کے مطابق انبیاء کرام علیہم السلام کو اپنے احکام دے کر بھیجتا رہا۔ انبیاء علیہم السلام کی آمد کا یہ سلسلہ چلتا ہوا آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم تک پہنچا اور اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو آخری نبیؐ بنایا۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ایسی کتاب و شریعت عطا کی، جو تمام بنی نوع انسان کے لیے ہدایت ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۃ ابراہیم کی پہلی آیت میں ارشاد فرماتا ہے :

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ "1(سورۃ ابراہیم، آیت:1)

ترجمہ: الف لام را یہ ایک ایسی عظیم کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا تا کہ آپ لوگوں کو ان کے رب کے اذن سے اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائیں، غالب آنے والے قابل ستائش اللہ کے راستے کی طرف۔

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے لوگوں کو گمراہی سے نکالا، نور کی طرف لے آئے اور انہیں راہ راست پر لگا دیا۔ اس دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے انسانیت کی رشد و ہدایت کے لیے دو گراں قدر چیزوں کو چھوڑا اور فرمایا:

"وانا تارك فيكم ثقلين: اولهما كتاب الله فيه الهدى والنور فخذوا بكتاب الله، واستمسكوا به فحث على كتاب الله ورغب فيه، ثم قال: واهل بيتي، اذكركم الله في اهل بيتي، اذكركم الله في اهل بيتي، اذكركم الله في اهل بيتي۔"2(صحیح مسلم،، حدیث: 6225)

میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ان میں سے ایک اللہ کی کتاب ہے، جس میں ہدایت اور نور ہے، پس اللہ کی کتاب کو لے لو اور اسے تھامے رکھو۔ پس آپؐ نے کتاب اللہ کی ترغیب دی اور اس

کے بعد فرمایا: دوسرے میرے اہل بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں تاکید کرتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کا حق یاد دلاتا ہوں اور میرے اہل بیت کے بارے میں خوف خدا کرنا۔

آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے انہی اہل بیت میں سے ایک حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں، جس کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"**انا مدینة العلم و علی بابها فمن اراد العلم فلیات الباب۔**"3(المستدرک علی الصحیحین للحاکم، حدیث:4695)

میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے، جو علم چاہتا ہے وہ دروازے سے آئے۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں ارشاد فرمایا:

"**انا دار الحكمة و علی بابها۔**"4(سنن الترمذي الجامع الصحیح، حدیث:3741)

میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

اسی طرح حضرت علی علیہ السلام خود اپنے علمی مقام کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"**ایّها النّاس سلونی قبل ان تفقدونی فلأنا بطرق السماء اعلم من طرق الارض۔**"5(نہج البلاغہ، خطبہ 189)

اے لوگو! مجھے کھو دینے سے پہلے مجھ سے جو چاہو پوچھ لو کیونکہ میں زمین کے راستوں سے زیادہ آسمان کے راستوں سے واقف ہوں۔

ایک حدیث میں آیا ہے:

"**قال النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلّم لعلی انت منّی و انا منک۔**"6(صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب: مناقب علی ابن ابی طالب القرشی الہاشمی ابی الحسن رضی اللہ عنہ۔))

نبی صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے علیؑ سے فرمایا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تجھ سے ہوں۔

اسی حضرت علی علیہ السلام کے خطبات، مکتوبات اور اقوال کا ایک شاہکار کتاب نہج البلاغہ کی صورت میں ہمارے ہاتھوں میں موجود ہے۔ نہج البلاغہ آپؑ کے کلام کا وہ مشہور ترین مجموعہ ہے، جسے جناب سید رضیؒ (متوفّی 404ھ) نے مرتب فرمایا تھا۔ یہ علوم اور معارف کا وہ گراں بہا سرمایا ہے، جس کی اہمیت اور عظمت ہر دور میں مسلم رہی ہے اور ہر دور کے علماء اور ادباء نے اس کی بلند پائیگی کا اعتراف کیا ہے۔ عدیم المثال فصاحت اور بلاغت سے بڑھ کر اس میں انسانی زندگی کے تمام اخلاقی، فکری، دینی، دنیوی، سماجی، سیاسی، اقتصادی، غرض کہ انسانیت کو فلاح اور

کمال سے ہمکنار کرنے والے تمام پہلوئوں کو اتنے اعلیٰ انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ جس سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ کلام کی اتنی جامعیت کسی ترجمانِ وحی کے یہاں پائی جاتی ہے، کسی عام انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

نہج البلاغہ صرف ادبی شاہکار ہی نہیں ہے، بلکہ اسلامی تعلیمات کا صحیفہ، حکمت اور اخلاق کا سرچشمہ اور معارفِ ایمان اور حقائقِ تاریخ کا ایک انمول خزانہ ہے، جس کے گوہر آبدار علم اور ادب کے دامن کو زرنگار بنائے ہوئے ہیں اور اپنی چمک اور دمک سے جوہر شناسوں کو محوِ حیرت کیے ہوئے ہیں۔ افصح العرب کے آغوش میں پلنے والے اور آبِ وحی میں دھلی ہوئی زبان چوس کر پروان چڑھنے والے نے بلاغتِ کلام کے وہ جوہر دکھائے ہیں کہ جس کے بارے میں ابن ابی الحدید معتزلی لکھتے ہیں:

"**و اما الفصاحۃ فھو علیہ السلام امام الفصاحۃ و سید البلغاء۔**"7 (شرح ابن ابی الحدید، جلد 1، صفحہ 24)

اور آپ علیہ السلام کی فصاحت تو ایسی ہے کہ فصاحت کے امام اور بلاغت والوں کے سردار ہیں۔

(2) مقاصد تحقیق (Aims and Objectives of the Research)

1۔ کتاب نہج البلاغہ کا کتب حدیث میں جو مقام ہے اسے واضح کرنا۔

2۔ نہج البلاغہ میں موجود مستند احایث نبویہ کے ایک بہت بڑے چھپے ہوئے ذخیرے کے حوالہ جات کا ذکر کرنا۔

3۔ محققین کے لیے نہج البلاغہ میں تحقیق کی آسانی میسر کرنا۔

4۔ علماء کرام کے لیے شرعی احکام کا نہج البلاغہ سے اخذ کرنے میں آسانی پیدا کرنا۔

5۔ نہج البلاغہ میں موجود صحیح، حسن اور ضعیف احادیث نبویہ کو ممیز کرنا۔

(3) موضوع کے انتخاب کے اسباب (Purpose of Selection of the Topic)

دین اور دینی علوم کی معرفت کا دار و مدار قرآن اور احادیث رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم پر ہے۔ قرآن تو ہمارے لیے قطعی الصدور ہے، جس میں ذرہ برابر بھی شک و شبہ نہیں ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ وحی نازل ہوا ہے، جس کے متعلق خود اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"ذَالِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ۔" 8(سورۃ البقرہ، آیت ۱)

یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ لیکن احادیث کی اکثریت قطعی الصدور نہیں ہیں، اس میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس کے متعلق حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

"و قد كذب على رسول الله صلّى االله عليه و آله وسلّم على عهده حتى قام خطيبا: ايها الناس قد كثرت عليّ الكذابة فمن كذب على متعمدا فليتبو أمقعده من النار ثم كذب عليه من بعده۔"9(نہج البلاغہ، خطبہ 210)

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم پر آپؐ کے عہد میں جھوٹ بولا گیا یہاں تک کہ آپؐ کو خطاب کرنا پڑا کہ اے لوگو! مجھ پر کثرت سے جھوٹ بولا جارہا ہے، پس جو بھی مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے گا، وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں پائے گا۔ پھر آپؐ کی رحلت کے بعد آپؐ پر جھوٹ بولا گیا۔ اسی لیے علماء کرام نے احادیث کو پرکھنے کے لیے کچھ اصول وضع کئے ہیں۔ احادیث کو اپنے مقررہ اصول وضوابط پر پرکھنا انتہائی ضروری ہے، تاکہ دین کے اصلی مصادر کو صحیح پہچانا جاسکے۔ اس لحاظ سے تخریج حدیث کا فن ایک دینی علوم کے طالب علم کے لیے بہت ہی اہم ہے کیونکہ تخریج حدیث کے بہت سے فوائد ہیں، جن میں سے ایک اہم فائدہ دین کی درست معرفت اور شناخت ہے۔ لہٰذا کوئی بھی طالب علم کسی حدیث سے استشہاد کرتے وقت جب تک اپنے استشہاد کی نسبت اس کے اصلی مصادر کی طرف نہیں دیگا اس وقت تک اس کی نقل کردہ کسی بھی حدیث پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا کیونکہ مستند حدیث ہی دین کی معرفت کا پہلا زینہ ہے۔ اگر کسی حدیث کی سند ہی نہ ہو تو وہ حدیث ہمیں معرفت دین تک رسائی نہیں دے سکے گی۔

نہج البلاغہ بلا شک وشبہ فصاحت و بلاغت کے ساتھ ساتھ دینی علوم و معارف کا ایک عظیم الشان ذخیرہ ہے۔ علماءِ دین نے اس کو کلام خدا کے بعد کا درجہ دیا ہے اور کہتے ہیں:

"دون كلام الخالق فوق كلام المخلوقين۔"10(10۔ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد 1، صفحہ 24)

خالق کے کلام سے کم ہے اور مخلوقات کے کلام سے بلند تر ہے۔

نہج البلاغہ کے مؤلف کا مقصدِ تالیف فقط فصاحت و بلاغت کے ان جواہر پاروں کو جمع کرنا تھا، جو حضرت علی علیہ السلام کے خطبات و فرامین کی صورت میں موجود تھے۔ وہ کوئی حدیث کی کتاب نہیں لکھ رہے تھے کہ اس کو سند کے ساتھ تحریر کرتے بلکہ ایک ادیب ہونے کے ناطے ایک ادبی جوہر پارہ و شاہ کار تخلیق کر رہے تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کے خطبات، مکتوبات اور فرامین چونکہ دینی علوم و معارف اور بہت سے فرامینِ نبوی پر مشتمل ہیں، اس لیے علماء اور محققین نے نہج البلاغہ کی اسناد بھی جمع کی ہیں اور کئی کتابیں بھی لکھی جاچکی ہیں۔ جیسے سید عبد الزہراء الحسینی نے "مصادر نہج البلاغہ و اسانیدہ" 20 جلدوں میں تالیف کی ہے۔ اور امتیاز علی خان عرشی رامپوری نے "استناد نہج البلاغہ" لکھا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کو رسول اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے صحابی اور شاگردِ خاص ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ آپ علیہ السلام باب مدینۃ العلم کے سند یافتہ بھی ہیں، اس لیے آپؑ کے کلام میں بہت سی احادیث نبوی

سے استشہاد کیا گیا ہے۔ ان احادیث میں سے ایک بہت بڑا ذخیرہ نہج البلاغہ کے جواہر پاروں میں بھی آ گیا ہے۔ ابھی تک نہج البلاغہ سے احادیث نبویہ کی تخریج کا کام نہیں ہوا ہے، لہٰذا انہی احادیث کی شناخت اور معرفت کے لیے نہج البلاغہ سے تخریج کے کام کی ضرورت محسوس کی گئی تا کہ نہج البلاغہ کی طرف رجوع کرنے والے طالب علموں کے لیے تحقیق کرنے میں آسانی ہو۔

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے کلام میں احادیث کا حوالہ دیا اس طرح دیا ہے: **"قال لی" یا "سمعت رسول اللہ" یا "کان یقول"، یا" ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم"** وغیرہ کہہ کر روایت حدیث کی ہے۔ یا آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کسی فعل کی طرف اشارہ کیا ہے۔ لیکن بہت سے موارد ایسے ہیں جہاں آپؑ نے حوالہ دیئے بغیر اپنے کلام میں حدیث نقل کی ہے۔ کچھ ایسے بھی موارد ہے جہاں لفظ تو حضرت علی علیہ السلام کے ہیں لیکن اس کا مفہوم و معنی حدیث ہیں یا وہ کسی حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ اسی لیے نہج البلاغہ سے حدیث کی تخریج محسوس کئی گئی تا کہ احادیث نبویہ کا ایک چھپا ہوا خزانہ ظاہر ہو جائے۔

(4) طریقہ تحقیق Research Methodology

موضوع: **"تخریج الاحادیث الواردة و الآثار المذکورة فی کتاب نہج البلاغہ لعلی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام"**، کو ایک مقدمہ اور پانچ ابواب اور ایک خاتمہ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ نہج البلاغہ سے حوالہ دینے کے لیے شیخ محمد عبدہ کی شرح والا نسخہ اختیار کیا گیا ہے۔ شیخ محمد عبدہ والا نسخہ دو طرح کا ہے: ایک دو جلدوں میں ہے جو المطبعۃ الرحمانیۃ مصر سے شایع ہوا ہے۔ دوسرا چار جلدوں میں ہے، جو دار المعرفت للطباعۃ و النشر بیروت لبنان سے شایع ہوا ہے۔ مقالہ نگار نے پہلا دو جلدوں والا نسخہ اختیار کیا ہے۔ نہج البلاغہ سے حوالہ دینے کے لیے جلد اور صفحہ نمبر کے بجائے خطبہ نمبر یا مکتوب نمبر یا قول نمبر دیا گیا ہے کیونکہ شیخ محمد عبدہ کے دونوں طرح کے نسخوں کے خطبات، مکتوبات اور اقوال میں یکسانیت پائے جاتی لیکن ان کے جلد اور صفحہ نمبر میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ نہج البلاغہ کی عربی عبارت کا ترجمہ کے لیے سید ذی شان حیدر جوادی کے نسخہ کو اختیار کیا گیا ہے، کیونکہ سید ذیشان حیدر جوادی نے ترجمہ کے لیے شیخ محمد عبدہ والے نسخہ کو ہی اختیار کیا ہے۔

نہج البلاغہ میں استعمال شدہ تمام احادیث کو اصل مصادر سے سند کے ساتھ تلاش کیا گیا ہے۔ احادیث کی تخریج اور جانچ پڑتال کے لیے محدثین کرام نے پانچ طریقے وضع کئے ہیں جن میں سے کسی ایک کو اپنا کر حدیث نبوی تک رسائی ممکن ہو سکتی ہے۔ وہ پانچ طریقے یہ ہیں :

(1) صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی معرفت سے تخریج حدیث کرنا،

(2) حدیث کے متن کے پہلے لفظ کو دیکھ کر تخریج کرنا،

(3)حدیث کے متن کے کسی ایک لفظ کو دیکھ کر حدیث کی تخریج کرنا،

(4)حدیث کے موضوع کو دیکھ کر حدیث کی تخریج کرنااور

(5)حدیث کی سند اور متن کو سامنے رکھ کر تخریج کرنا۔

انداز تحقیق

1۔ تمام روایتوں کو درایۃً وروایۃً تحقیقی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ خاص طور پر اُس حدیث اور روایت کے بارے میں علماء کے اقوال کی روشنی میں اس کا صحیح مقام تعین کیا گیا ہے۔ اُس کے مقام کی حیثیت کو دیکھ کر اس حدیث اور روایت پر حکم لگایا گیا ہے اور اس کا معیار متعین کیا گیا ہے۔

2۔ تمام روایتوں کی تخریج کرنا یعنی وہ تمام روایات جس جس مصدر میں موجود ہیں، ان میں سے اکثر مصادر کا ذکر کیا گیا ہے، باقی جتنی تعداد زیر مطالعہ آئی ہے اس کو تعداد کی صورت میں بتایا گیا ہے کہ یہ حدیث کتنی کتابوں میں موجود ہے۔ اگر مختلف مصادر میں ان اقوال میں لفظی فرق ہے، تو اس فرق کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اگر نہج البلاغہ کا " جملہ " حدیث کا جزء ہے، تو مکمل حدیث بیان کر کے اس جزء کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اگر ان مصادر میں موجود روایت کے بارے میں حکم مختلف ہے، تو ان میں سے صحیح حکم کو رکھا گیا ہے۔ تمام روایات کا اس معیار کے مطابق تقابل کیا گیا ہے جو معیار علماء حدیث نے متعین کئے ہیں۔ اس معیار کے مطابق صحیح، حسن اور ضعیف روایت کو متمیّز کیا گیا ہے۔ صحاح ستہ میں سے "صحیحین" کی تمام احادیث کو صحیح کا درجہ دیا گیا ہے۔اسی طرح اصول اربعہ میں سے صرف "کتاب کافی" کی احادیث کو صحیح کا درجہ دیا گیا ہے۔ باقی تمام کتب کی احادیث کو جو اُن میں حکم لگایا گیا ہے، اسے اُسی طرح رکھا گیا ہے۔

3۔ نہج البلاغہ میں بہت سے ایسے اقوال ہیں جو بظاہر حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب ہیں لیکن در حقیقت وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی احادیث ہیں، ان کی بھی نشاندہی کی گئی ہے اور اصلی مصادر سے تخریج کی گئی ہے۔

4۔ کچھ مقامات پر ایسا بھی ہوا ہے کہ الفاظ حضرت علی علیہ السلام کے ہیں، لیکن ان کا مفہوم حدیث کا ہے، تو اس کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

5۔ حدیث کا حوالہ، جدید تحقیق کے مطابق کتاب کا جلد اور صفحہ نمبر کے بجائے کتب حدیث میں دیئے گئے کتاب، باب اور حدیث نمبر کا ترتیب وار ذکر کیا گیا ہے۔ حدیث کی تخریج کو حاشیہ میں لکھا گیا ہے۔ پہلے جس کتاب سے حوالہ دیا گیا ہے، اس کتاب سے حدیث کو سند اور متن دونوں کے ساتھ تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے بعد صرف کتاب کا باب اور حدیث نمبر بیان کیا گیا ہے۔

6۔ صحاح ستہ کی ترتیب اس طرح رکھی گئی ہے: صحیح بخاری، صحیح مسلم ، سنن ابی داود، سنن ابن ماجہ، جامع ترمذی اور سنن النسائی۔ اس کے بعد کوئی خاص ترتیب نہیں رکھی گئی ہے، جس مصدر سے حدیث ملی ہے اسے رکھا گیا ہے۔

7۔ حدیث کی تخریج میں چار درجہ رکھے گئے ہیں، سب سے پہلے تخریج کی گئی ہے۔ اس کے بعد راویان حدیث یعنی جن صحابہ نے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے حدیث روایت کی ہے۔ اس کے بعد حدیث پر حکم (یعنی صحیح، حسن، ضعیف وغیرہ) لگایا گیا ہے۔ اور آخر میں حدیث کی کیفیت یعنی مرفوع، موقوف یا مقطوع کا ذکر کیا گیا ہے۔ جس حدیث کے بارے میں کوئی حکم نہیں ملا اس حدیث کے حکم کو لفظ "غیر معلوم" سے بیان کیا گیا ہے۔

(5) فہرست ابواب (Content of the Chapters)

حصہ اول: دراسۃ (First Part:Study)

الباب الاول: حضرت علیؑ کی سوانح حیات، موئلف نہج البلاغہ سید رضیؒ اور نہج البلاغہ

اس باب میں تین فصل ہیں، پہلی فصل میں حضرت علی علیہ السلام کی سوانح حیات اور فضائل و کمالات بیان کیے گئے ہیں۔ اور دوسری فصل میں موئلف نہج البلاغہ سید رضیؒ کی سوانح حیات اور ان کی علمی و ادبی خدمات بیان کی گئی ہیں۔ اور تیسری فصل میں نہج البلاغہ کا تعارف بیان کیا گیا ہے، جس میں نہج البلاغہ کے بارے میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور دانشوروں کے نظریات بیان کئے گئے ہیں تا کہ نہج البلاغہ کے بارے میں جو شکوک اور شبہات ہیں، وہ دور ہو جائیں اور یہ ثابت ہو جائے کہ نہج البلاغہ حضرت علی علیہ السلام کا ہی کلام ہے۔ نیز نہج البلاغہ میں موجود کچھ علمی موضوعات کا مختصر ذکر بھی کیا گیا ہے۔ آخر میں حضرت علی علیہ السلام کے خطبات اور اقوال وغیرہ پر مشتمل کتب کا تذکرہ کیا گیا جو سید الشریف الرضیؒ کی ولادت سے بھی پہلے لکھے گئے تھے۔

الباب الثانی: تعارف حدیث Introduction of Hadith

اس باب میں حدیث کا تعارف اور اس کی اصطلاحات بیان کی گئی ہیں۔ کتب حدیث کے اسماء کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ نیز علم روایت اور درایت کی اہمیت کو اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

حصہ دوئم: التخریج Second Part:Tracing of the Ahaadith

الباب الثالث: احادیث الخطبات Ahaadith of Sermons

نہج البلاغہ کا پہلا حصہ حضرت علی علیہ السلام کے "خطبات اور کلام" پر مشتمل ہے۔ اس حصہ میں سے (64) احادیث کی تخریج کی گئی ہے۔ جن میں سے صحیح احادیث کی تعداد (43) ہے۔ حسن احادیث کی

تعداد(2)ہے۔ حسن غریب کی تعداد(2)ہے۔ کچھ احادیث کے دو حکم وارد ہوئے ہیں یعنی حسن صحیح یا حسن غریب اور صحیح ان کی تعداد(4) ہے۔(13) احادیث کا حکم معلوم نہ ہو سکا۔ اور ضعیف احادیث اس حصہ میں نہیں ہیں۔ مرفوع متصل احادیث کی تعداد(62)ہے، جبکہ مرفوع منقطع کی تعداد صرف دو(2) ہے۔ موقوف اور مقطوع احادیث اس حصہ میں موجود نہیں ہیں۔

الباب الرابع: احادیث المکتوبات والرسائل — Ahaadith of Letters

نہج البلاغہ کا دوسرا حصہ حضرت علی علیہ السلام کے " مکتوبات اور رسائل ووصایا" پر مشتمل ہے۔ اس حصہ میں سے (19) احادیث کی تخریج کی ہے۔ جن میں سے صحیح احادیث کی تعداد(11)ہے۔ حسن صحیح احادیث کی تعداد(1)ہے اور ضعیف احادیث کی تعداد(2)ہے۔ اسی طرح غریب احادیث کی تعداد بھی (2) ہے۔(3) احادیث کا حکم معلوم نہ ہو سکا۔ مرفوع متصل احادیث کی تعداد(16)ہے۔ موقوف احادیث کی تعداد(3)ہے، جبکہ اس حصہ میں مقطوع احادیث موجود نہیں ہیں۔

الباب الخامس: الکلمات والحکم — Ahaadith of wise sayings

نہج البلاغہ کا تیسرا حصہ حضرت علی علیہ السلام کے " حکم اور کلمات قصار" پر مشتمل ہے۔ اس حصہ میں سے (49) احادیث کی تخریج کی ہے۔ جن میں سے صحیح احادیث کی تعداد(25)ہے۔ حسن صحیح احادیث کی تعداد (2) حسن احادیث کی تعداد(1)ہے، حسن غریب کی تعداد(1) ہے۔ ضعیف احادیث کی تعداد(7)ہے۔ غریب احادیث کی تعداد(2) ہے اور (11) احادیث کا حکم معلوم نہ ہو سکا۔ مرفوع متصل احادیث کی تعداد(43)ہے۔ موقوف احادیث کی تعداد(6)ہے۔ جبکہ اس حصہ میں مقطوع احادیث موجود نہیں ہیں۔

الباب الاول — Chapter-1

الفصل الاول — Part-1

حضرت علی علیہ السلام کی سوانح حیات — Biography of Imam Ali (A.S)

حضرت علی علیہ السلام کا نسب

علم التشریح (ANATOMY)، نفسیات، اخلاقیات اور علم الاجتماع میں اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ انسان کے اندر خون اور خاندان کے اثرات بڑی حد تک موجود رہتے ہیں اور اس کی سیرت کی تشکیل، فطری صلاحیتوں، رجحانات اور ذہنیت کے بنانے میں موروثی اثرات کا خاصہ دخل ہوتا ہے۔ 1

یہ قانون فطرت نا قابل انکار ہے کہ اصل کے خصوصیات فرع کی طرف منتقل ہوتے ہیں اور ہر انسان آبائی موئثرات کی پیداوار اور اپنے اسلاف کی شکل و شمائل کا ورثہ دار ہوتا ہے۔ چنانچہ ہر فرد کے خدوخال میں اس کے آباؤ اجداد کے خطوط و نقوش کی جھلک کم و بیش پائی جاتی ہے۔ 2

ابن ابی الحدید معتزلی شرح نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ اسلام کے نسب کے بارے میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

"ھو ابو الحسن علی ابن ابی طالب۔ و اسمہ عبدمناف۔ ابن عبدالمطلب۔ و اسمہ شیبۃ۔ بن ھاشم۔ و اسمہ عمرو۔ بن عبدمناف بن قصی" 3

آپ علیہ السلام ابو الحسن علی ابن ابی طالب ہیں اور اس کا نام عبد مناف (عمران) ابن عبد المطلب اس کا نام شیبہ ہے، جو ہاشم کا بیٹا ہے اس کا نام عمرو ہے جو عبد مناف کا بیٹا ہے جو بیٹا ہے قصی کا۔

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے نسب کے بارے میں ایک اور حدیث میں حضرت جابر بن عبد اللہ انصاریؒ روایت کرتے ہیں:

"سألتُ رسول اللہ صلّی اللہؐ علیہ و آلہ وسلّم عن میلاد امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب قال آہ آہ؟ لقد سألتنی عن خیر مولود ولد بعدی علی سنّۃ المسیح علیہ السلام انّ اللہ تبارک و تعالیٰ خلقنی و علیّا من نورٍ واحد قبل ان یخلق الخلق بخمسمائۃ الف عام فکنا نسبح اللہ و نقدسہ، فلما خلق اللہ آدم قذف بنا فی صلبہ و استقررت انا فی جنب الایمن، و علی فی الایسر ثمّ نقلنا الیٰ صلبہ فی الاصلاب الطاھرۃِ الی الارحام الطیّبۃِ فلم نزل کذالک حتّی اطلعنی اللہ تبارک و تعالیٰ من ظھر طاھر و ھو عبد اللہ بن عبد المطلّب فاستودعنی خیر رحمٍ و ھی آمنۃُ، ثُمّ اطلع اللہ تبارک و تعالیٰ علیا من ظھر طاھر و ھو ابو طالب و استودعہ خیر رحمٍ و ھی فاطمۃ بنت اسدٍ۔" 4

میں نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب کی میلاد کے بارے میں پوچھاتو آپؐ نے فرمایاواہ! ٗ آپؐ نے مجھ سے سوال کیاہے بہترین مولود کے بارے میں جو میرے بعد مسیح کے طریقے پر پیدا ہوا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے اور علی کو ایک ہی نور سے پیدا کیا ہے، مخلوق کو پیدا کرنے سے پانچ ہزار سال پہلے، ہم اللہ تعالی کی تسبیح اور تقدیس کرتے رہے، جب اللہ تعالی نے آدم کو پیدا کیاتو اس نے ہمیں آدم کے صلب میں ٹھہرایا۔ میں اس کے دائیں جانب ٹھہرااور علیؑ اس کے بائیں جانب ٹھہرا، اس کے بعد ہمیں صلب آدم علیہ السلام سے پاک صلبوں اور پاک رحموں میں منتقل کرتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مجھے طاہر پشت میں منتقل کیا، وہ عبد اللہ ابن عبد المطلب ہیں اور اس کے بعد مجھے بہترین رحم میں ٹھہرایا وہ آمنۃ ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے علیؑ کو طلوع کیا طاہر پشت میں اور وہ ابو طالب ہیں، پھر بہترین رحم میں ٹھہرایااور وہ فاطمۃ بنت اسد ہیں۔

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم اور علی علیہ السلام دونوں چچیرے بھائی ہیں لہٰذا ان دونوں کا نسب بھی ایک ہی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے نسب کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"عترته خير العتر و اسرته خير الاسر و شجرته خير الشجر نبتت فی حرمٍ و بسقت فی کرمٍ لها فروع طوال وثمرة لاتنالُ۔"5

آپ(صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم) کی عترت بہترین عترت ہے، آپؐ کا قبیلہ بہترین قبیلہ ہے، آپؐ کا شجرہ بہترین شجرہ ہے، جو سرزمین حرم پر اگا اور بزرگی کے سایہ میں بڑھا، جس کی شاخیں دراز اور پھل دسترس سے باہر ہیں۔

حضرت ابو طالب

آپ علیہ السلام کے والد گرامی حضرت ابو طالب سید البطحا کے لقب سے مشہور تھے۔ جنہوں نے اپنی پوری زندگی نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی حفاظت میں گزاری۔ شعب ابی طالب میں بنی ہاشم کو جمع کیا، تین سال تک سخت مشکلات کا صبر و تحمل سے مقابلہ کیا۔ ان کی شان میں ایک ہی جملہ کافی ہے، جو ابن ابی الحدید المعتزلی شارح نہج البلاغہ نے لکھا ہے:

"ان الاسلام لو لا ابو طالب لم يكن شيئا مذكورا۔"6

اگر ابو طالب نہ ہوتے تو اسلام بھی نہ ہوتا۔

حضرت فاطمۃ بنت اسد رضی اللہ عنہا

امام حاکم نے مستدرک میں فاطمۃ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے متعلق ایک روایت بیان کرتے ہیں :

حدثني بكير بن محمد الحداد الصوفي، بمكة، ثنا الحسن بن علي بن شبيب المعمري، ثنا عبد الرحمن بن عمرو بن جبلة الباهلي، ثنا أبي، عن الزبير بن سعيد القرشي، قال: كنا جلوسا عند سعيد بن المسيب فمر بنا

علي بن الحسين، ولم أرهاشميا قط كان أعبد لله منه، فقام إليه سعيد بن المسيب وقمنا معه، فسلمنا عليه فرد علينا، فقال له سعيد: يا أبا محمد، أخبرنا عن فاطمة بنت أسد بن هاشم أم علي بن أبي طالب رضي الله عنهما، قال: نعم، حدثني أبي، قال: سمعت أمير المؤمنين علي بن أبي طالب يقول: لما ماتت فاطمة بنت أسد بن هاشم كفنها رسول الله صلى الله عليه وسلم في قميصه وصلى عليها، وكبر عليها سبعين تكبيرة، ونزل في قبرها فجعل يومي في نواحي القبر، كأنه يوسعه ويسوي عليها وخرج من قبرها وعيناه تذرفان، وحثا في قبرها فلما ذهب، قال له عمر بن الخطاب رضي الله عنه: يا رسول الله، رأيتك فعلت على هذه المرأة شيئا لم تفعله على أحد، فقال: يا عمر، إن هذه المرأة كانت أمي التي ولدتني، إن أبا طالب كان يصنع الصنيع، وتكون له المأدبة، وكان يجمعنا على طعامه، فكانت هذه المرأة تفضل من كله نصيبا فأعود فيه، وإن جبريل عليه السلام أخبرني عن ربي عز وجل أنها من أهل الجنة، وأخبرني جبريل عليه السلام أن الله تعالى أمر سبعين ألفا من الملائكة يصلون عليها۔"7

حضرت علی بن الحسین سے فاطمہ بنت اسد کے بارے میں پوچھا گیا، تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب سے فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب فاطمہ بنت اسد بن ہاشم کا جب انتقال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انہیں اپنے کرتے کا کفن دیا۔ اس کی خود نماز جنازہ پڑھائی اور اس کی جنازہ پر ستر تکبیریں کہیں۔ آپؐ ان کی قبر میں اترے اور قبر کے اطراف میں اپنا جسم داخل کیا گویا کہ آپؐ اس کو وسیع کر رہے تھے اور اس کو برابر کر رہے تھے۔ جب آپ ان کی قبر سے باہر نکلے تو آپ کی آنکھوں سے آنسوں جاری تھے، جو ان کی قبر میں گر رہے تھے۔ جب آپؐ چلے گئے، تو حضرت عمر بن خطاب نے آپ صلی اللہ علیہ و آلہ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ و آلہ) میں نے آپؐ کو اس عورت پر جو کچھ کرتے ہوئے دیکھا ہے، اس سے پہلے آپ نے کسی پر اس طرح نہیں کیا، تو آپؐ نے فرمایا: یہ عورت میری حقیقی ماں کی طرح ہے۔ ابو طالب جب کوئی کھانا تیار کرتے تو دستر خوان لگاتے تھے اور ہم سب کو کھانے کے لیے جمع کرتے تھے تو یہی خاتون اس کھانے میں سے تھوڑا سا میرے لیے بچا کر رکھتی تھی، میں واپس آ کر وہ کھانا تناول کرتا تھا۔ جبرائیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے خبر دی ہے کہ یہ جنتی عورت ہے۔ جبرائیل علیہ السلام نے یہ بھی بتایا ہے کہ اللہ تعالی نے ستر ہزار فرشتوں کو ان پر درود بھیجنے کے لیے مامور کیا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کی ولادت

کعبۃ اللہ شریف ایک قدیم ترین عبادتگاہ ہے، جس کی بنیاد حضرت آدم علیہ السلام نے ڈالی تھی اور اس کی دیواریں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اٹھائیں تھیں۔ یہ گھر تمام گھروں میں سے با برکت اور عزت والا گھر ہے۔ جس کے متعلق قرآن کریم میں ارشاد ہے کہ: "جَعَلَ اللّٰہُ الْکَعْبَۃَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیَامًا لِّلنَّاسِ۔"8

اسی محترم اور بابرکت گھر میں امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کی ولادت باسعادت بروز جمعہ تیس عام الفیل اور تیرہ رجب المرجب کو ہوئی۔ علی ابن حسین المسعودی اپنی کتاب تاریخ مروجُ الذہب میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

"ولد الامام علی علیہ السلام فی یوم الجمعة الثالث عشر من شھر رجب بعد ثلاثین سنّةً من عام الفیل فی الکعبةِ المکرمۃِ۔"9

امام علی علیہ السلام جمعۃ المبارک کے دن ماہِ رجب کی تیرہ تاریخ اور تیس عام الفیل کے بعد کعبۃ المکرمہ میں پیدا ہوئے۔

اور اسی طرح امام حاکم اپنی کتاب "المستدرک علی الصحیحین" میں بیان کرتے ہیں:

"قد تواترت الاخبارُ اَنّ فاطمة بنت اسد ولدت امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب فی جوف الکعبۃِ۔"10

تواتر اخبار سے یہ ثابت ہے کہ امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب کو فاطمۃ بنت اسد نے کعبۃ اللہ شریف میں جنم دیا۔

اسی طرح شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے بھی بیان کیا ہے:

"واز مناقب وے رضی اللہ عنہ درحین ولادت او ظاہد شدیکی آن است کہ درجوف کعبہ معظمہ تولد یافت۔"11

آپ علیہ السلام کا حلیہ مبارک

کتب تاریخ و سیر میں امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا حلیہ مبارک اس طرح بیان کیا جاتا ہے۔

آپ علیہ السلام کا جسم بھاری بھرکم، رنگ کھلتا ہوا گندم گوں، خدوخال انتہائی موزوں اور دلکش، چہرہ متبسم، اور چودھویں رات کے چاند کی طرح درخشاں، پیشانی کشادہ تھی، جس کے بارے میں ابن عباس کہتے ہیں:

"مارأیت احسن من شرصۃ علی۔"12

میں نے علی کی کنپٹیوں سے زیادہ حسین کنپٹیاں کسی کی نہیں دیکھیں۔

ماتھے پر سجدوں کی کثرت کی وجہ سے نشان تھا۔ آنکھیں بڑی اور سیاہ اور ان میں عزم و ایقان کی چمک تھی۔ پتلیاں روشن، بھویں کوس نما پلکیں لانبی، دانت سلک منظم کی طرح ضیاء بار تھیں۔ جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے:

"ان تبسم فعن مثل اللؤلوء المنظوم۔"13

اگر مسکراتے تو دانت موتی کی لڑیوں کی طرح چمکتے تھے۔

گردن موٹی صراحی دار، سینہ چوڑا چکلا اور اس پر بال، بازؤں کی مچھلیاں ابھری ہوئی، شانے بھرے بھرے، کلائیاں ٹھوس، اسی لیے کلائیوں اور بازؤں میں جوڑ کا پتہ نہیں چلتا تھا۔ دونوں کندھوں کی ہڈیاں چوڑی اور مضبوط تھیں، ہتھیلیاں سخت، پنڈلیاں نہ لاغر اور نہ پُر گوشت، پیٹ کچھ نکلا ہوا، ریش مبارک گھنی اور عریض، سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے:

"اختضب (خضب) علی بالحناء مرة ثم ترکه۔"14

علیؑ نے ایک بار مہندی کا خضاب کیا تھا اور پھر چھوڑ دیا تھا۔

آپ علیہ السلام کا قد درمیانہ تھا۔ جس کے متعلق آپ علیہ السلام کا ارشاد ہے:

"خلقنی معتدلا اضرب القصیر فاقده و اضرب الطویل فاقطه۔"15

اللہ تعالی نے مجھے قد و قامت میں اعتدال بخشا، اگر میرا مد مقابل کوتاہ قد ہوتا ہے تو میں اس کے سر پر وار کرتا ہوں اور اگر دراز قد ہوتا ہے تو اس کے پیچ سے وار کر کے دو ٹکڑے کر دیتا ہوں۔

آپ علیہ السلام کی آواز پر شکوہ، رفتار پیغبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی رفتار سے مشابہہ پر وقار اور کچھ آگے کو جھکی ہوئی، جب میدان جنگ میں دشمن کی طرف بڑھتے تو تیزی کے ساتھ چلتے اور آنکھوں میں سرخی دوڑ جاتی تھی۔

اخلاق و عادات

امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام خندہ پیشانی، شگفتہ مزاج، بے غرضی و اخلاص کا پیکر، غریبوں کے ہمدرد، یتیموں کے غمخوار، اور اخلاق نبوی کا مکمل نمونہ تھے۔ اعلیٰ و ادنیٰ سے یکساں خندہ پیشانی کے ساتھ ملتے، غلاموں سے عزیزوں کا برتاؤ کرتے، مزدوروں کو بوجھ اٹھانے میں مدد دیتے۔ خود بینی و خود نمائی سے نفرت کرتے۔ انتہائی سادہ زندگی بسر کرتے۔ عام لوگوں کی طرح سادہ اور معمولی خوراک کھاتے اور انہی کی طرح عام اور معمولی لباس پہنتے۔ اکثر کام اپنے ہاتھ سے انجام دیتے۔ اپنی جوتیاں خود گانٹھتے۔ کپڑوں کو پیوند خود لگاتے اور بازار سے سودا سلف خود خرید کر لاتے۔ کھیتوں میں ایک مزدور کی طرح کام کرتے۔ اپنے ہاتھ سے چشمے کھودتے۔ درخت لگاتے اور ان کی آبیاری کرتے۔ مال سمیٹ کر رکھنے کے بجائے غریبوں اور ناداروں میں تقسیم کرتے۔ رنگ و نسل کا امتیاز اور طبقاتی تفریق گوارانہ کرتے۔ حاجتمندوں کے کام آتے۔ مہمانوں کو بڑے احترام سے ٹھہراتے۔ کسی سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹاتے۔ بغض و کینہ اور انتقامی جذبات کو پاس نہ پھٹکنے دیتے۔ حیرت انگیز حد تک عفو و درگزر سے کام لیتے۔ دینی معاملات میں سختی برتتے اور عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے۔ حق و صداقت کے جادہ پر گامزن رہتے اور کسی کی رورعایت نہ کرتے۔ دشمن کے مقابلہ میں مکر و فریب اور داؤں پیچ سے کام نہ لیتے۔ رات کا بیشتر حصہ

مناجات اور نوافل میں گزارتے۔ صبح کے تعقیبات کے بعد قرآن وفقہ کی تعلیم دیتے۔ خوف خدا سے لرزاں وترساں رہتے اور دعاؤ اور مناجات میں اتنا روتے کہ ریش مبارک تر ہو جاتی۔

روایت ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین علی علیہ السلام کے ایک صحابی ضرار ابن ضمرہ ضبائی کی معاویہ سے ملاقات ہوئی، تو معاویہ نے ان سے علی علیہ السلام کے متعلق کچھ بیان کرنے کا کہا اور بہت اصرار کیا، تو اس نے یوں بیان کیا:

"فانه كان والله بعيد المدى، شديد القوى، يقول فصلا، و يحكم عدلا، و يتفجر العلم من جوانبه، و تنطق الحكمة من نواحيه، و يستوحش من الدنيا و زهرتها، و يستانس بالليل و وحشته (و ظلمته)، و كان غزير العبرة (الدمعة)، طويل الفكرة، (يقلب كفه و يخاطب نفسه) يعجبه من اللباس ما قصر، و من الطعام ما خشن (جشب) كان فينا كاحدنا يجيبنا اذا سالناه و ينبئنا اذا استنبئناه و نحن والله مع تقربه ايانا و قربه لنا لا نكادنكلمه هيبة له يعظم اهل الدين و يقرب المساكين لا يطمع القوى فى باطله و لا ييئس الضعيف من عدله و اشهد انه لقد رايته فى بعض مواقفه و قد ارخى اللهيل سدلته و غارت نجومه قابضا على لحيته يتململ تململ السلميم و يبكى بكاء الحزين و يقول يا دنيا غرى غيرى الى تعرضت ام الى تشوقت هيهات هيهات قد باينتك ثلاثا لا رجعة فيها فعمرك قصير و خطرك حقير آه من قلة الزاد و بعد السفر و وحشة الطريق۔"16

خدا کی قسم ان کے ارادے بلند اور قوی مضبوط تھے۔ فیصلہ کن بات کہتے اور عدل و انصاف کے ساتھ حکم کرتے۔ ان کے پہلوؤں سے علم کے سوتے پھوٹتے اور کلام کے گوشوں سے حکمت و دانائی کے نغمے گونجتے تھے۔ دنیا اور اس کی رونق و بہار سے وحشت کھاتے۔ رات اور اس کے سناٹوں سے جی بہلاتے۔ آنکھوں سے ٹپاٹپ آنسو گرتے اور فکر اور سوچ میں ڈوبے رہتے۔ لباس وہ پسند آتا جو مختصر ہوتا اور کھانا وہ بھاتا جو روکھا پھیکا ہوتا۔ وہ ہم میں ایک عادمی کی طرح رہتے سہتے۔ ہم کچھ پوچھتے تو جواب دیتے اور کچھ دریافت کرتے تو بتاتے۔ خدا کی قسم باوجود قرب کے ان کی ہیبت و جلال کے سامنے ہمیں لب کشائی کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ اہل دین کی تعظیم کرتے۔ مسکینوں کو قرب کا شرف بخشتے۔ طاقتور کو یہ توقع نہ ہوتی تھی کہ بے راہروی میں ان کی ہمدردی حاصل کر سکے گا اور کمزور کو ان کے انصاف سے مایوسی نہ ہوتی تھی۔ خدا شاہد ہے میں نے بعض مقامات پر جبکہ رات کے پردے آویزاں اور ستارے پنہاں ہوتے تھے، انہیں دیکھا ہے کہ اپنی ریش مبارک کو ہاتھوں میں پکڑے ہوئے اس طرح تڑپتے تھے، جس طرح کوئی مار گزیدہ تڑپتا ہے اور اس طرح روتے تھے جیسے کوئی غمزدہ روتا ہے۔ اور کہہ رہے تھے اے دنیا جا کسی اور کو فریب دے۔ کیا میرے سامنے اپنے کو لاتی ہے یا مجھ پر فریفتہ ہو کر آئی ہے۔ یہ کیونکر ہو سکتا ہے میں تو تین بار تجھے

طلاق دے چکا ہوں جس کے بعد رجوع کی صورت نہیں۔ تیری عمر چند روزہ اور تیری اہمیت بہت کم ہے۔ افسوس زاد راہ تھوڑا اور سفر دور و دراز اور راستا وحشتناک ہے۔

ایک اور روایت میں اس طرح بیان ہے :

"کان فینا کاحدنا، لین جانب و شدة تواضع، و سهولة قیاد، و کنا نهابه مهابة الاسیر المربوط للسیاف الواقف علی رأسه۔"17

آپؑ ہم میں سے ایک عام آدمی کی طرح رہتے سہتے تھے، خوش خلقی، انتہائی انکسار اور نرم روی کے باوجود ہم ان کے سامنے اس طرح خائف و ترساں رہتے جس طرح وہ جکڑا ہوا قیدی جس کے سر پر جلاد تلوار لئے کھڑا ہو۔

آپ علیہ السلام کے اسی دبدبہ و ہیبت اور جذبہ محبت و عطوفت کو دیکھتے ہوئے ملا مہر علی آذر بائیجانی کیا خوب کہاہے:

"اسد اللہ اذا صال و صاح ابو الایتام اذا جاد و بر۔"18

دشمن کو للکارتے اور اس پر حملہ آور ہوتے، تو اللہ کے شیر اور بخشش و احسان کرتے، تو یتیموں کے باپ نظر آتے۔

حضرت علی علیہ السلام کا لباس

امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سادہ اور کم قیمت لباس پہنتے تھے، جو عرب میں اس دور کا غریب طبقہ پہنتا تھا بلکہ بعض اوقات اس سے بھی گر جاتا تھا۔ لباس سے صرف جسم پوشی منظور و مقصود ہوتی تھی۔ آپ علیہ السلام نہ لباس میں نمود و نمائش کرتے اور نہ ہی گرمی و سردی کا لحاظ رکھتے تھے۔ کپڑے کو اکثر پیوند لگاتے تھے اور اس میں کبھی عار بھی محسوس نہیں کرتے تھے۔ آپ علیہ السلام اپنے لباس کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"و اللہ لقد رقَّعتُ مِدرعَتی هٰذہٖ حتّی استَحییتُ من راقِعِها، لقد قال لی قائلٌ: لا تنبذُها عنک؟ فقلتُ اغرُبْ عنِّی، فعندَ الصَّباحِ یحمدُ القومُ السُّرَی۔"19

خدا کی قسم میں نے اپنی اس قمیص میں اتنے پیوند لگائے ہیں کہ مجھے پیوند لگانے والے سے شرم آنے لگی ہے۔ مجھ سے ایک کہنے والے نے کہا کہ کیا آپ اسے اتاریں گے نہیں؟ تو میں نے اسے کہا میری نظروں سے دور ہو کہ صبح کے وقت ہی لوگوں کو رات کے چلنے کی قدر ہوتی ہے اور وہ اس کی مدح کرتے ہیں۔

اسی طرح امام احمد ابن حنبل روایت بیان کرتا ہے :

"حدثنا عبد الله، حدثني أبو عبد الله السلمي، حدثنا إبراهيم بن عقبة، عن سفيان الثوري، عن عمر بن قيس قال: قيل لعلي عليه السلام: "لم ترقع قميصك؟" قال: "يخشع القلب ويقتدي به المؤمن۔"20

اے امیر المؤمنین: آپؑ نے اپنی قمیص میں (اتنے) پیوند کیوں لگائے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ ایسا لباس پہننے سے دل میں عجز و فروتنی کا احساس پیدا ہوتا ہے اور اہل ایمان مجھے اس لباس میں دیکھیں گے، تو (لباس کی سادگی میں) میری اقتدا کریں گے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر ابن ابی الحدید معتزلی لکھتے ہیں:

"کان ثوبہ مرقوعا بجلد تارۃ، و لیف اخری، و نعلاہ من لیف۔" 21

آپ کے لباس کو پیوند لگے ہوتے تھے، کبھی کھال کے ہوتے تھے تو کبھی کھجور کی چھال کے اور آپ کے جوتے کھجور کی چھال کے ہوتے تھے۔

آپ علیہ السلام کا عام لباس تہہ بند، کرتہ اور چادر تھی، سر پر عمامہ اکثر پہنتے تھے اور کہا کرتے تھے:

"العمائم تیجان العرب۔" 22

عمامہ عربوں کا تاج ہے۔

آپ علیہ السلام اکثر ایک پھٹی پرانی جوتی پہنتے تھے۔ نہج البلاغہ میں ایک خطبہ کے آغاز میں ارشاد ہے:

"قال عبد الله ابن عباس دخلت علی امیر المؤمنین علیه السلام بذی قار و هو یخصف نعله فقال لی ما قیمة هذه النعل فقلت لا قیمة لها، فقال علیه السلام لهی احب الی من امرتکم الا ان اقیم حقا او ادفع باطلا۔" 23

عبد اللہ ابن عباس کا بیان ہے کہ میں مقام ذی قار میں امیر المؤمنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا، جب آپ اپنی نعلین کی مرمت کر رہے تھے۔ آپ نے مجھ سے فرمایا، کہ ان جوتیوں کی قیمت کیا ہے؟ میں نے کہا اس کی کوئی قیمت نہیں ہے، تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کی قسم یہ مجھے تمہاری حکومت سے زیادہ عزیز ہیں، مگر یہ کہ حکومت کے ذریعے میں کسی حق کو قائم کر سکوں یا کسی باطل کو دفع کر سکوں۔

آپ علیہ السلام کا کھانا پینا

پہناوے کی طرح آپ علیہ السلام کا کھانا پینا بھی انتہائی سادہ اور روکھا سوکھا ہوتا تھا۔ ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ کے مقدمہ میں تحریر کرتے ہیں:

"کان یأتدم اذا ائتدم بخل او ملح، فان ترقی عن ذالک فبعض نبات الارض، فان ارتفع عن ذالک فبقلیل من البان الابل، و لا یاکل اللحم الا قلیلا، و یقول: لا تجعلوا بطونکم مقابر الحیوان۔" 24

اگر روٹی کے ساتھ کوئی اور چیز استعمال کرتے تو وہ سرکہ ہوتا یا نمک، اس سے آگے بڑھتے، تو کوئی سبزی اور اس سے آگے بڑھتے، تو تھوڑا سا اونٹنی کا دودھ ہوتا۔ اور گوشت بہت کم کھاتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ اپنے شکموں کو جانوروں کا گورستان نہ بناؤ۔

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں:

"کان لیطعم خبز البر و اللحم و ینصرف الی منزلہ و یأکل خبز الشعیر و الزیت و الخل۔"25

آپ مہمانوں کو گوشت اور گندم کی روٹی کھانے میں دیتے تھے اور گھر واپس آکر خود جَو کی روٹی روغن زیتون یا سرکہ سے کھاتے تھے۔

آپ علیہ السلام روٹی کے سوکھے ٹکڑے اور ستو ایک تھیلی میں بند رکھتے تھے اور اس پر مہر لگا دیتے تھے کچھ لوگوں نے جب آپ علیہ السلام پر اعتراض کیا تو انہیں جواب میں فرمایا :

"انی لا احب ان یدخل بطنی شئ اعرف سبیلہ۔"26

مجھے یہ پسند نہیں کہ میں اس چیز سے پیٹ بھر لوں جسے میں جانتا نہیں ہوں۔

آپ علیہ السلام نے اپنے گورنر عثمان بن حنیف کو تنبیہ کرنے کے بعد انہیں اپنی حالت و کیفیت کے بارے میں بتاتے ہیں :

"الا انّ لکلّ مأمومٍ اماماً یقتدِی بہ و یستضیئ بنور علمہٖ ! الا و انّ امامکم قد اکتفیٰ من دنیا کم بطمریہ و من طعَمہٖ بقرضیہ۔ فو اللہِ ما کنزتُ من دنیاکم تبرًا و لا ادّخرتُ من غنائمھا وفراً و لا اعددتُ لبالی ثوبیّ طمراً۔ و لو شئت لاھتدیتُ الطّریق الیٰ مصفّی ھٰذا العسلِ و لُبابِ ھٰذا القمح و نسائج ھٰذا القزّ۔ و لٰکن ھیھات ان یغلبنی ھوای و یقودنی جشعی الیٰ تخیّرِ الاطعمہ۔ و لعلّ بالحجاز او الیمامۃ من لا طمع لہٗ فی القرص و لا عھد لہٗ بالشّبعِ، او ابیتُ مبطاناً و حولی بطونٌ غرثی و کباداً حرّی۔ أأقنعُ من نفسی بان یقال امیر المؤمنین و لا اشارکھم فی مکارہِ الدّھر۔ او اکون اسوۃً لھم فی جشوبۃ العیش۔ فما خُلقتُ لیشغلنی اکل الطیّبات کالبھیمۃِ المربوطۃِ ھمّھا علفھا، او المرسلۃِ شغلھا تقمّمھا، تکترشُ من اعلافھا و تلھو عمّا یرادُ بھا۔"27

تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہر مقتدی کا ایک امام ہوتا ہے، جس کی وہ پیروی کرتا ہے اور جس کے نور علم سے روشنی حاصل کرتا ہے۔ دیکھو ! تمہارے امام کی حالت تو یہ ہے کہ اس نے دنیا کے ساز و سامان میں سے دو چادروں اور کھانے میں سے دو روٹیوں پر قناعت کر لی ہے۔ خدا کی قسم میں نے تمہاری دنیا سے سونا سمیٹ کر نہیں رکھا اور نہ اس کے مال و متاع میں سے انبار جمع کر رکھے ہیں اور نہ ان کپڑوں کے بدلے میں کوئی اور کپڑے مہیا کیے ہیں۔ اگر میں چاہتا تو صاف ستھرے شہد، عمدہ گیہوں اور ریشم کے بنے ہوئے کپڑوں کے لیے ذرائع مہیا کر سکتا تھا۔ ایسا کہاں ہو سکتا ہے کہ خواہشات مجھے مغلوب بنالیں اور حرص مجھے اچھے اچھے کھانوں کے چن لینے کی دعوت دے۔ حجاز و یمامہ میں شاید ایسے بھی لوگ ہوں کہ جنہیں ایک روٹی کے ملنے کی بھی آس نہ ہو، اور انہیں پیٹ بھر کھانا کبھی نصیب نہ ہوا ہو۔ کیا میں اپنا پیٹ بھر کر سویا رہوں اس حالت میں کہ میرے گرد بھوکے اور پیاسے جگر تڑپتے ہوں کیا میں اسی میں مگن رہوں کہ مجھے امیر المؤمنین کہا جاتا ہے ؟ مگر میں زمانے کی سختیوں میں مؤمنوں کا شریک نہ بنوں۔ اور زندگی کی بدمزگیوں میں ان کے لیے نمونہ نہ بنوں۔ میں اس لیے تو پیدا نہیں ہوا ہوں کہ اچھے اچھے کھانوں کی فکر

میں لگا رہوں۔ اس بندھے ہوئے چوپایہ کی طرح جسے صرف اپنے چارے ہی کی فکر لگی رہتی ہے۔ یا اس کھلے ہوئے جانور کی طرح کہ جس کا کام منہ مارنا ہوتا ہے، وہ گھاس سے پیٹ بھر لیتا ہے اور جو اس سے مقصد پیش نظر ہوتا ہے اس سے غافل رہتا ہے۔

ابن شہر آشوب ایک روایت میں بیان کرتے ہیں:

"و ترصد غداه عمرو ابن حريث فاتت فضة بجراب مختوم فاخرج منه خبزا متغيرا خشنا فقال عمرو: يا فضة لو نخلت هذا الدقيق و طيبته قالت كنت افعل فهاني و كنت اضع في جرابه طعاما طيبا فختم جرابه۔ ثم ان امير المؤمنين فته في قصعة و صب عليه الماء ثم ذر عليه الملح و حسرت عن ذراعه فلما فرغ قال: يا عمرو لقد حانت هذه، مد يده الى محاسنه ، خسرت هذه ان ادخلها النار من اجل الطعام و هذه يخزيني۔"28

عمرو ابن حریث کہتے ہیں کہ ایک دن دوپہر کے وقت مجھے آپؑ کی خدمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا۔ میں نے دیکھا کہ ایک مہر شدہ تھیلی آپ علیہ السلام کے آگے رکھی ہوئی ہے۔ آپ علیہ السلام نے اس میں سے سوکھی روٹی کے ٹکڑے نکالے اور انہیں پانی میں بھگو کر اور ان پر نمک چھڑک کر کھانے لگے۔ میں نے روٹی کے ٹکڑوں کو دیکھ کر فضہؓ سے کہا: تم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ گوندھنے سے پہلے آٹا چھان کر بھوسی الگ کر دیا کرو۔ فضہ نے کہا کہ میں نے ایک دفعہ آٹا چھانا تھا مگر آپ علیہ السلام نے آئندہ ایسا کرنے سے روک دیا۔ میں نے اس تھیلی میں سوکھے ٹکڑوں کے علاوہ کھانے کی کچھ اور چیزیں بھی رکھ دی تھیں، مگر آپ نے اس پر مہر لگا دی تاکہ اس میں کسی اور چیز کا اضافہ نہ کر سکوں

اسی طرح ابن شہر آشوب ایک اور روایت بیان کرتے ہیں:

"و رأه عدی بن حاتم و بین یدیه شنة فیها قراح ماء و کسرات من خبز شعیر و ملح فقال انی لا اری لک یا امیر المؤمنین لتظل نهارک طاو یا مجاهدا و باللیل ساهرا مکایدا ثم یکون هذا فطورک! فقال: علل النفس بالقنوع و الا طلبت منک فوق ما یکفیها۔"29

عدی ابن حاتم کہتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ آپ کو دیکھا کہ آپؑ کے آگے جو کی روٹی کے سوکھے ٹکڑے اور نمک رکھا ہے اور ایک پیالہ پانی کا بھرا ہوا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ آپ دن کے اوقات میں مصروف جہاد اور راتوں کے اوقات میں عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور پھر یہ کھانا کھاتے ہیں؟ آپ نے میری طرف دیکھ کر فرمایا کہ نفس کو ریاضت کا خوگر بنانا چاہیے تاکہ وہ طغیانی اور سرکشی پر نہ اتر آئے۔ اس کے بعد آپ نے یہ شعر پڑھا: اپنے نفس کو قناعت کا خوگر بناؤ ورنہ وہ ضرورت سے زیادہ کا خواہشمند ہوگا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ:

"ان علیا علیہ السلام قدم الیہ لحم غث فقیل لہ نجعل لک فیہ سمنا ، فقال علیہ السلام انا لا نا کل ادامین جمیعا۔"30

ایک دفعہ علی علیہ السلام کے سامنے بغیر روغن کے پکا ہوا گوشت پیش کیا گیا تو آپ سے کہا گیا کہ اگر آپ اجازت دیں تو اس میں ہم روغن ڈال دیں تو آپ علیہ السلام نے فرمایا ہم ایک وقت میں دو قسم کی چیزیں نہیں کھاتے۔

عدی بن ثابت بیان کرتے ہیں کہ ایک بار آپ کے سامنے فالودہ پیش کیا گیا تو آپ علیہ لسلام نے اس کے کھانے سے انکار کر دیا اور فرمایا:

"کل شیء لم یا کل منہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم لا احب ان اکل منہ۔"31

ہر وہ چیز جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نہ کھایا ہو اس کا کھانا مجھے پسند نہیں۔

آپ علیہ السلام کے کھانے کے متعلق کہا جاتا ہے:

"ما شبع من طعام قط۔"32

آپ نے کبھی کھانا پیٹ بھر نہیں کھایا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے :

"کان امیر المؤمنین علیہ السلام اشبہ الناس طعمة برسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کان یا کل الخبز و الخل و الزیت ویطعم الناس الخبز و اللحم۔"33

امیر المؤمنین علیہ السلام کھانے کے معاملے میں سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مشابہ تھے۔ آپؑ مہمانوں کو گوشت اور روٹی کھانے میں دیتے تھے اور خود جَو کی روٹی یا سرکہ یا روغن زیتون سے کھاتے تھے۔

آپ علیہ السلام کی تعلیم وتربیت

حضرت علی علیہ السلام رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے چچازاد بھائی تھے آپؑ اس قرابت داری کو بیان کرتے ہیں:

"وقدعلمتم موضعی مِن رسول اللہ صلّی االلہ علیہ و آلہٖ وسلّم بالقرابۃِ القریبۃِ و المنزِلۃِ الخَصِیصَۃِ، وضعنی فی حِجرہٖ و انا ولدٌ یضُمّنی الیٰ صدرہ، و یکنفنی الیٰ فِراشِہ، و یُمِسُّنی جسدہٗ، و کانَ یمضغُ الشّیئَ ثُمَّ یُلقِمُنیہِ، و ما وجدَلی کَذبَۃً فی قولٍ، و لا خطلۃً فی فعلٍ۔"34

تم میرے اس مقام کو جانتے ہی ہو، جو رسول اللہ صلّی اللہُ علیہ و آلہٖ وسلّم سے قریب کی قرابت داری اور مخصوص منزلت کی وجہ سے ہے۔ میں بچہ ہی تھا کہ آپؐ نے مجھے گود میں لیا تھا، اپنے سینے سے چمٹائے رکھتے تھے،

بستر میں اپنے پہلو میں جگہ دیتے تھے، اپنے جسم مبارک کو مجھ سے مس کرتے تھے، اور اپنی خوشبو مجھے سنگھاتے تھے، پہلے آپؐ کسی چیز کو چباتے تھے، پھر اس کے لقمے بنا کر میرے منہ میں دیتے تھے، انہوں نے نہ تو میری کسی بات میں جھوٹ کا کبھی شائبہ پایا اور نہ میرے کسی کام میں لغزش و کمزوری دیکھی۔

آپ علیہ السلام کو تعلیم و تربیت کی جو درسگاہ نصیب ہوئی وہ اس دنیا میں کسی اور کو نصیب نہ ہو سکی۔ آپ علیہ السلام نے اللہ کے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی گود میں آنکھیں کھولیں۔ آپ ہی کی پاکیزہ آغوش میں پرورش پائی۔ بچپنے سے لیکر جوانی تک آپ کے ساتھ گذارے۔ آپ ہی کے سرچشمہ علم و ہدایت سے فیضیاب ہوئے اور آپ ہی کی زبان چوس کر پروان چڑھے۔ اسی طرح ایک روایت میں بیان ہے :

"عن فاطمۃ بنت اسد ام علی۔ رضی اللہ تعالی عنھا۔ قالت: لما ولدتہ سماہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم علیا و بصق فی فیہ ثم انہ القمہ لسانہ فما زال یصمہ حتی نام قالت فلما کان من الغدطلبنا مرضعۃ فلم یقبل ثدی احد فدعو نالہ محمدا فالقمہ لسانہ کذالک ماشاء اللہ تعالیٰ۔"35

حضرت علی علیہ السلام کی مادر گرامی فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب میں نے علی کو جنم دیا تو آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے ان کا نام علی رکھا۔ اپنا لعاب دہن ان کے منہ میں ٹپکایا اور اپنی زبان ان کے منہ میں دے دی، جسے چوستے چوستے سو گئے۔ جب دوسرا دن ہوا تو ہم نے دایہ تلاش کی مگر انہوں نے کسی کی چھاتی کی طرف منہ نہ بڑھایا۔ ہم نے محمد (صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم) کو یاد کیا، تو آپ نے اپنی زبان ان کے منہ میں رکھ دی، تو وہ پھر سکون کی نیند سو گئے۔ جب تک اللہ نے چاہا ایسا ہی ہوتا رہا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ علیہ السلام نے اگرچہ پرورش اپنی ماں کی گود میں پائی مگر اس کی دیکھ بھال آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم ہی کرتے رہے۔ اپنے ہاتھوں سے نہلاتے تھے، اکثر و بیشتر اپنے گود میں لیے رہتے تھے، جب علی علیہ السلام سو جاتے تھے، تو خود رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم جھولا جھلاتے تھے۔ جاگتے تو لوری دیتے اور غیر معمولی محبت کا اظہار کرتے اور ماں باپ سے بڑھ کر نگرانی و تربیت میں حصہ لیتے، بلکہ چھ برس کے سن میں علی علیہ السلام مستقل طور پر پیغمبر اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تربیت و کفالت میں آگئے اور ماں باپ دونوں ان کی طرف سے بے فکر ہو گئے۔ جس کے متعلق تاریخ طبری میں ایک روایت بیان کی گئی ہے:

"حدثنا ابن حمید قال حدثنا سلمۃ قال حدثنی محمد ابن اسحاق قال فحدثنی عبد اللہ بن ابی نجیح عن مجاھد بن جبیر ابی الحجاج قال کامن نعمۃ اللہ علی علی ابن ابی طالب و ما صنع اللہ لہ و ارادہ بہ من الخیر ان قریشا اصابتھم ازمۃ شدیدۃ و کان ابو طالب ذا عیال کثیر فقال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم للعباس عمہ و کان من ایسر بنی ھاشم یا عباس اخاک ابا طالب کثیر العیال و اصاب الناس ما تری من ھذہ الازمۃ فانطلق بنا فلنخفف عنہ من عیالہ آخذ من بنیہ رجلا تاخذ من بنیہ رجلا فنکفھما عنہ قال العباس حتی

اتیا اباطالب فقالا انا نرید ان نخفف عنک من عیالک حتی ینکشف عن الناس ما هم فیہ فقال لھما ابو طالب اذا ترکتما لی عقیلا فاصنعا ما شئتما فاخذ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلم علیا فضمہ الیہ و اخذ العباس جعفرا فضمہ الیہ فلم یزل علی ابن ابی طالب مع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلم حتی بعثہ اللہ نبیا فاتبعہ علی فآمن بہ و صدقہ و لم یزل جعفر عند العباس حتی اسلم و استغنی عنہ۔"36

علی ابن ابی طالب پر اللہ تعالیٰ کا یہ خصوصی انعام تھا کہ قریش شدید قحط کی زد میں آ گئے اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے علی کے لیے جس بہتری اور بھلائی کا ارادہ کیا تھا اسے پورا کیا۔ ابو طالب کثیر العیال تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اپنے چچا عباس، جو بنی ہاشم میں مالدار تھے، سے فرمایا کہ اے عباس! آپ کا بھائی ابو طالب کثیر العیال ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ قحط نے لوگوں کو گھیر لیا ہے۔ چلیں ہم ابو طالب سے کچھ بار ہلکہ کریں اور اس کی اولاد میں سے ایک بیٹے کو آپ لے لیں اور ایک بیٹے کو میں لے لوں ہم دونوں ان کی کفالت کریں۔ ہم دونوں ابو طالب کے پاس آئے اور کہا ہم آپ سے آپ کا بار ہلکہ کرنا چاہتے ہیں، تو ابو طالب نے کہا کہ آپ عقیل کو میرے پاس رہنے دو اور اس کے علاوہ جس کو چاہو لے جاؤ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے علیؑ کو لے لیا اور عباس نے جعفر کو لے لیا۔ علی ابن ابی طالب آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے جدا نہ ہوئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو مبعوث برسالت کیا۔ علیؑ نے آپؐ کی اتباع کی آپؐ پر ایمان لائے اور آپؐ کی تصدیق کی۔ جعفر، عباس سے اس وقت تک جدا نہ ہوئے جب تک وہ اسلام سے مشرف ہوئے اور اس سے بے نیاز ہو گئے۔

اسی طرح حضرت علی علیہ السلام رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے زیر تربیت ہونے کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

"و لقد قرنَ اللہ بہٖ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم مِن لدنْ اَنْ کانَ فطیمًا اعظمُ مَلَکٍ مِن ملآئِکتہٖ یسلُکُ بہٖ طریقَ المکارِمِ و محاسِنِ اَخلاقِ العالَمِ لیلہٗ و نہارَہٗ و لقد کنتُ اتّبِعہٗ اتّباعَ الفصیلِ اثرَ اُمِّہٖ، یرفعُ لِیْ فی کلّ یومٍ مِن اَخلاقِہٖ علما، و یامُرُنی بالاقتِداۤءِ بِہٖ، و لقد کانَ یُجَاوِرُ فی کُلِّ سنۃٍ بِحِراۤءَ فَاَراہُ و لایراہُ غیری، و لم یجمعْ بیتٌ واحِدٌ یو مئذٍ فی الاسلام غیرُ رسولِ اللہِ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم و خدیجۃَ و انا ثالِثُھما۔ اریٰ نُورَ الوحیِ و الرِّسالۃِ۔ و اشُمُّ ریحَ النُّبوّۃِ۔ و لقد سمِعْتُ رنّۃَ الشّیطانِ حینَ نزلَ الوَحْیُ علیہِ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم فقُلتُ یا رسولَ اللہِ ماھٰذِہٖ الرَّنّۃُ؟ فقالَ ھٰذا الشّیطانُ اَیِسَ من عَبادتِہٖ، اِنّکَ تَسمعُ ما اَسمَعُ تَریٰ ما اَریٰ اِلّا انّکَ لستَ بِنَبیٍّ و لکنّکَ و زیرٌ و انّکَ لعلیٰ خیرٍ۔"37

اللہ نے آپؐ کی دودھ چھڑائی کے وقت ہی سے فرشتوں میں سے ایک عظیم المرتبت فرشتہ کو آپؐ کے ساتھ لگایا تھا۔ جو انہیں شب و روز بزرگ خصلتوں اور پاکیزہ سیرتوں کی راہ پر لے چلتا تھا اور میں ان کے پیچھے پیچھے یوں لگا رہتا تھا جیسے اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کے پیچھے لگا رہتا ہے۔ آپؐ ہر روز میرے لیے اخلاق حسنہ کے پرچم بلند کیا کرتے تھے، مجھے ان کی پیروی کا حکم دیتے تھے، ہر سال غارِ حراء میں کچھ عرصہ قیام فرماتے تھے اور وہاں میرے علاوہ کوئی

اور انہیں نہیں دیکھتا تھا۔ اس وقت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اور خدیجہؓ کے گھر کے علاوہ کسی گھر کی چار دیواری میں اسلام نہ تھا البتّہ میں ان میں تیسرا تھا۔ میں وحی و رسالت کا نور دیکھتا تھا۔ میں نبوّت کی خوشبو سونگھتا تھا۔ جب آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم پر پہلی وحی نازل ہوئی تو میں نے شیطان کی ایک چیخ سنی، جس پر میں نے پوچھا کہ یا رسولؐ اللہ یہ آواز کیسی ہے، تو آپؐ نے فرمایا کہ یہ شیطان ہے کہ جو اپنے پوجے جانے سے مایوس ہو گیا ہے۔ جو میں سنتا ہوں وہ تم بھی سنتے ہو اور جو میں دیکھتا ہوں وہ تم بھی دیکھتے ہو، فرق اتنا ہے کہ تم نبی نہیں ہو بلکہ وزیر ہو اور یقینا بھلائی کی راہ پر ہو۔

حضرت علی علیہ السلام کا علم

حضرت علی علیہ السلام اپنے علم کے بارے میں نہج البلاغہ میں ارشاد فرماتے ہیں :

"ایّھا النّاسُ سلونی قبل ان تفقدونی فلانا بِطرقِ السَّمآئِ اعلمُ منّی بِطرقِ الارضِ۔"38

اے لوگو! مجھے کھو دینے سے پہلے مجھ سے پوچھ لو کیونکہ میں زمین کی راہوں سے زیادہ آسمان کے راستوں سے واقف ہوں۔

اور مزید ارشاد فرماتے ہیں:

"واللہ لو شئتُ ان اُخبر کلَّ رجلٍ منکم بِمخرجہٖ و مولجہٖ و جمیعِ شأنِہٖ لفعلتُ۔ وَ لٰکن اخافُ ان تکفروا فِیَّ برسولِ اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم۔ اَلَا وَ اِنّی مفضیہِ اِلیٰ الخآصّۃِ مِمَّن یؤمن ذالک منہُ۔"39

اللہ کی قسم! اگر میں بتانا چاہوں تو تم میں سے ہر شخص کو بتا سکتا ہوں کہ وہ کہاں سے آیا ہے اور اسے کہاں جانا ہے اور اس کے پورے حالات کیا ہیں؟ لیکن مجھے یہ اندیشہ ہے کہ تم مجھ میں کھو کر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا انکار کر دوگے۔ البتہ میں اپنے خاص دوستوں تک یہ چیزیں ضرور پہنچاؤں گا جن کے بھٹکنے کا اندیشہ نہیں۔

آپ علیہ السلام کو یہ سارے علوم اللہ کے رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے بتائے ہیں:

"والّذی بعثہٗ بالحقّ و اصطفاہُ علی الخلقِ ما انطق الّا صادقاً و لقد عَھِدَ الیَّ بِذالک کُلِّہٖ، و بِمھلکِ مَن یھلک و منجی مَن ینجو۔ و مآلِ ھٰذا الامرِ۔ و ما ابقیٰ شیئاً یمُرُّ علیٰ رأسِی الّا اَفرغَہٗ فی اذنیَّ و افضیٰ بہٖ الیَّ۔"40

اس ذات کی قسم جس نے پیغمبرؐ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا اور ساری مخلوقات میں سے اسے منتخب کیا، میں جو کہتا ہوں سچ کہتا ہوں، مجھے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے ان تمام چیزوں اور ہلاک ہونے والوں کی ہلاکت، اور نجات پانے والوں کی نجات اور اس امر کے انجام کی خبر دی ہے۔ اور ہر وہ چیز جو سر پر سے گذرے گی اسے میرے کانوں میں ڈالے اور مجھ تک پہنچائے بغیر نہیں چھوڑا۔

حضرت علی علیہ السلام رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے علم کا دروازہ ہیں:

"نحنُ الشِّعارُ و الاصُحابُ و الخزنۃُ و الابوابُ، لاتؤتی البیوتَ الّا مِن ابوابِها، فَمنُ اتاھا مِن غیرِ ابوابِھا سمِّی سارِقاً۔" 41

ہم قریبی تعلق رکھنے والے اور خاص ساتھی، خزانہ دار اور دروازے ہیں اور گھروں میں دروازوں ہی سے آیا جاتا ہے اور جو دروازوں کو چھوڑ کر کسی اور طرف سے آئے اس کا نام چور ہوتا ہے۔

ابن ابی الحدید اس قول کی وضاحت میں لکھتے ہیں :

"یعنی بہ خزنۃُ العلمِ و ابوابہ قال رسولُ اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم انا مدینۃ العلم و علیٌّ بابھا، و من اراد الحکمۃ فلیأتِ الباب و قال صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم فیہ علیہ السلام: خازنُ علمی، و تارۃً اُخرٰی عیبۃُ علمی۔" 42

علم کے خزانے اور اس کے دروازے " اس بارے میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا قول ہے: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے اور جو حکمت چاہتا ہو، اسے دروازے کے پاس آنا چاہیے اور آپ علیہ السلام کے بارے میں آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا ہے خازن علمی (میرے علم کے خزانے دار) اور کبھی کبھی عیبۃ علمی (میرے علم کو محفوظ رکھنے والے) فرماتے تھے۔

اسی طرح ایک حدیث پاک میں آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا ارشاد ہے:

"انا مدینۃ العلمِ و علی بابھا فمن اراد العلمَ فلیأتِ الباب۔" 43

میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے، جو علم کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ دروازہ سے آئے۔

جس طرح حضرت علی علیہ السلام رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے علم کا دروازہ ہے اسی طرح آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی حکمت کا بھی دروازہ ہے، اس بارے میں ایک حدیث پاک میں ارشاد ہے:

"انا دار الحکمۃ و علیٌ بابھا۔" 44

میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کی شجاعت

حضرت علی علیہ السلام اپنی شجاعت کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"انا وضعتُ فی الصِغَرِ بکلاکلِ العربِ و کسرْتُ نواجِمَ قرونِ ربیعۃَ و مُضَرَ۔" 45

میں نے تو بچپن ہی میں عرب کا سینہ پیوندِ زمین کر دیا تھا اور قبیلہ ربیعہ اور مضر کے ابھرے ہوئے سینگوں کو توڑ دیا تھا۔

ایک اور مقام پر ارشاد فرماتے ہیں:

"انّی و اللہ لو لقیتُھم واحداً و ھم طِلا عُ الارضِ کُلِّھا ما بَالَیتُ و لا استوحَشْتُ، وَ انّی مِن ضَلاَلِھم الّذِی ھُم فِیہِ و الھُدیٰ الّذِی انا علیہِ لَعلٰی بَصِیرۃٍ مِن نفسی و یقینٍ مِن ربّی و انّی الی لقائِ اللہ و حسنِ ثوابِہٖ لمنتَظِرٌ راجٍ۔"46

اللہ کی قسم میں تن تنہا ان کے مقابلے کے لیے نکلوں اور زمین کی ساری وسعتیں ان سے چھلک رہی ہوں، جب بھی میں پرواہ نہ کروں اور نہ پریشان ہوں، جس گمراہی میں وہ ہیں اور جس ہدایت پر میں ہوں، اس کے متعلق میں پوری بصیرت پر ہوں۔ اور اپنے پروردگار کے فضل سے یقین رکھتا ہوں اور میں اللہ کے حضور میں پہنچنے کا مشتاق ہوں اور اس کے حسن ثواب کے لیے دامنِ امید پھیلائے ہوئے منتظر ہوں۔

شجاع اور پرہیزگار انسان کبھی بھی موت سے گھبراتا نہیں کیونکہ موت اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا نام ہے۔ اس لیے حضرت علی علیہ السلام اپنے لیے موت کو زیادہ پسند کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے:

"امّا قولُکم أَ کُلُّ ذالک کراھیۃُ الموتِ فَوَاللہ ما اُبالی دخلتُ الی الموتِ او خرج الموتُ الیَّ۔"47

لیکن تم لوگوں کا یہ کہنا کہ یہ پس و پیش کیا اس لیے ہے کہ میں موت کو ناخوش جانتا ہوں؟ تو اللہ کی قسم! مجھے ذرا پرواہ نہیں کہ میں موت کی طرف بڑھوں یا موت میری طرف بڑھے۔ "

جب آپ علیہ السلام کو موت سے ڈرایا گیا تو فرمایا:

"و انَّ علیَّ مِن اللہ جنّۃً حصینۃً فِاذا جآئَ یومی انفرجتُ عنّی و اسلمتْنی، فحینئذٍ لا یطیشُ السّھمَ و لا یبرأُ الکلْمُ۔"48

مجھ پر اللہ کی ایک سپر ہے، جب موت کا دن آئے گا تو وہ مجھے موت کے حوالے کر کے مجھ سے الگ ہو جائے گی اس وقت نہ تیر خطا کرے گا اور نہ زخم بھر سکے گا۔

حضرت علی علیہ السلام اپنی جرأت و بہادری کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"فقمتُ بالامرِ حین فشِلوا و تطَلّعتُ حینَ تقبّعوا و نطقتُ حینَ تعتعوا، و مضیتُ بنورِ اللہ حین وقفوا، و کنتُ اخفضھم صوتاً و اعلاھم فوتاً۔ فطِرتُ بعنانھا و استبددتُ برِھانھا کالجبلِ لاَ تُحرّکُہُ القواصِفُ۔"49

میں نے اس وقت اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ قیام کیا جبکہ اور سب اس راہ میں قدم بڑھانے کی جرأت نہ رکھتے تھے اور اس وقت سر اٹھا کر سامنے آیا جبکہ دوسرے گوشوں میں چھپے ہوئے تھے اور اس وقت زبان کھولی جب دوسرے گنگ نظر آتے تھے۔ اس وقت نور خدا میں آگے بڑھا جبکہ دوسرے زمین گیر ہو چکے تھے۔ گو میری آواز ان سب سے دھیمی تھی، مگر سبقت اور پیش قدمی میں، میں سب سے آگے تھا۔ میرا اس تحریک کی باگ تھامنا تھا کہ

وہ اڑ سی گئی اور میں صاف تھا جو اس میدان میں بازی لے گیا۔ معلوم ہوتا تھا جیسے پہاڑ جسے نہ تند ہوائیں جنبش دے سکتی ہیں اور نہ تیز جھکڑ اپنی جگہ سے ہلا سکتے ہیں۔

اسلام اور ایمان علی علیہ السلام

حضرت علی علیہ السلام دین فطرت پر پیدا ہوئے ہیں جس کے متعلق انہوں نے خود نہج البلاغہ میں ارشاد فرمایا ہے:

"فانی ولدت علی الفطرۃ و سبقت الی الایمان و الھجرۃ۔"50

میں دین فطرت پر پیدا ہوا ہوں اور میں نے ایمان اور ہجرت میں سبقت حاصل کی ہے۔

اس سے صاف واضح ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام پیدا ہی اسلام پر ہوئے تھے کیونکہ اسلام دین فطرت ہے اور علی علیہ السلام اسی فطرت پر پیدا ہوئے تھے۔ اس کے متعلق قرآن کریم کی ایک آیت کریمہ میں ارشاد ہے:

"فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۔"51

ترجمہ: ہر چیز سے منہ موڑ کر دین کی طرف رخ کر لو یہ اللہ کی وہ فطرت ہے جس پر لوگوں کو پیدا کیا ہے۔

اسی طرح آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ایک حدیث مبارکہ ہے:

"حدثنا آدم، حدثنا ابن أبي ذئب، عن الزهري، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة رضي الله عنه، قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: "كل مولود يولد على الفطرة، فأبواه يهودانه، أو ينصرانه، أو يمجسانه۔"52

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پس اس کے والدین اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام کے ایمان کے بارے میں احمد ابن زینی الدحلان لکھتے ہیں:

"لم یتقدم من علی رضی اللہ عنہ شرک ابدا لانہ کان مع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم فی کفالتہ کاحد اولادہ و تبعہ فی جمیع امورہ۔"53

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کبھی شرک کا سابقہ نہیں پڑا، کیونکہ وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تربیت و کفالت میں آپؐ کی اولاد کی طرح رہے اور تمام امور میں انہی کی پیروی کرتے تھے۔

لہٰذا جس انسان کی ولادت اسلام پر ہو اور تربیت اسلام کے بانی، اللہ کے رسول صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سائے میں ہو اور وہ تمام افعال و اعمال میں نبی صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تابع بھی رہا ہو، اسے قانون فطرت اور حکمِ تربیت کے لحاظ سے ایک لمحہ کے لیے بھی کافر و مشرک تصور نہیں کیا جاسکتا۔

امام زین العابدین علی ابن الحسین علیہما السلام سے جب حضرت علی السلام کے ایمان کے بارے پوچھا گیا کہ آپ علیہ السلام کب ایمان لائے تھے، تو آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"او کان کافرا قط, انما کان لعلی علیہ السلام حیث بعث اللہ عز و وجل رسولہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم عشر سنین و لم یکن یومئذ کافرا و لقد آمن باللہ تبارک و تعالی و برسولہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم و سبق الناس کلھم الی الایمان باللہ و برسولہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔"54

کیا آپؑ کبھی کافر بھی رہے ہیں جو (یہ پوچھتے ہو؟) البتہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو اس وقت ان کی عمر دس برس تھی اور وہ اس وقت کافر نہ تھے۔ آپ علیہ السلام نے اللہ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر تمام لوگوں سے پہلے ایمان لے آنے میں سبقت حاصل کی۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ایک لمحہ کے لیے بھی کافر نہیں تھے، تو اس کے اسلام کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ کب مسلمان ہوئے درست نہیں ہے۔ حضرت علی علیہ السلام پیدا ہی فطرت پر ہوئے ہیں اور ابھی بچہ ہی تھے کہ آن حضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اعلان نبوت کیا اور آپ علیہ السلام نے انہیں فوراً تسلیم کیا۔ ابتدا میں آن حضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی تبلیغ کا آغاز اپنے گھر سے کیا اور گھر کے افراد میں سے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور حضرت علی علیہ السلام نے آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر بلاناغہ ایمان لے آئے اور آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کی۔ جس کے بارے میں خود حضرت علی علیہ السلام کا نہج البلاغہ میں ارشاد ہے:

"ولم یجمع بیت واحد یومئذ فی الاسلام غیر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و خدیجۃ و انا ثالثھما۔"55

اس وقت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے گھر کے علاوہ کسی گھر یا چار دیواری میں اسلام نہ تھا البتہ میں ان میں سے تیسرا میں تھا۔

اسی طرح تاریخ طبری میں حضرت زید ابن ارقم سے مروی ہے:

"اول رجل صلّی مع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم علی علیہ السلام۔"56

علی علیہ السلام پہلے مرد تھے جنہوں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

اسی طرح عباد بن عبد اللہ الاسدی حضرت علی علیہ السلام سے روایت بیان کرتے ہیں:

"أنا عبد الله و أخو رسوله صلى الله عليه و سلم ، و أنا الصديق الأكبر ، لا يقولها بعدي إلا كذاب ، صليت قبل الناس لسبع سنين۔"57

میں اللہ کا عبد ہوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی ہوں، میں ہی صدیق اکبر ہوں میرے بعد سوائے جھوٹے مفتر کے کوئی یہ دعوی نہیں کرے گا، میں تمام لوگوں سے سات سال پہلے رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔

اسی طرح ایک اور روایت میں اس طرح بیان ہے:

"أخبرني محمد بن عبيد بن محمد الكوفي قال: حدثنا سعيد بن خثيم، عن أسد بن عبد الله البجلي، عن يحيى بن عفيف، عن عفيف قال: جئت في الجاهلية إلى مكة، فنزلت على العباس بن عبد المطلب، فلما ارتفعت الشمس، و حلقت في السماء، و أنا أنظر إلى الكعبة أقبل شاب، فرمى ببصره إلى السماء، ثم استقبل القبلة، فقام مستقبلها، فلم يلبث حتى جاء غلام، فقام عن يمينه، فلم يلبث حتى جاءت امرأة، فقامت خلفهما ، فركع الشاب، فركع الغلام و المرأة، فرفع الشاب، فرفع الغلام و المرأة، فخر الشاب ساجدا، فسجدا معه فقلت: يا عباس أمر عظيم فقال لي: أمر عظيم؟ فقال: أتدري من هذا الشاب؟ فقلت: لا فقال: هذا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب، هذا ابن أخي، و قال: تدري من هذا الغلام؟ فقلت: لا قال علي بن أبي طالب بن عبد المطلب، هذا ابن أخي۔ هل تدري من هذه المرأة التي خلفهما؟ قلت: لا قال: هذه خديجة ابنة خويلد زوجة ابن أخي هذا حدثني أن ربك رب السموات و الأرض أمره بهذا الدين الذي هو عليه، و لا و الله ما على ظهر الأرض كلها أحد على هذا الدين غير هؤلاء الثلاثة۔"58

مجھ سے بیان کیا ہے محمد ابن عبید الکوفی نے، ان سے بیان کیا ہے سعید ابن خثیم، ان سے بیان کیا ہے اسد ابن عبدۃ الجلیل، ان سے بیان کیا ہے یحیی ابن عفیف نے ان سے بیان کیا ہے عفیف نے کہ وہ زمانہ جاہلیت میں مکہ میں (تجارت کی خاطر مکہ آیا کرتا تھا) عباس ابن عبد المطلب کے ہاں مہمان ٹھہرے وہ کہتے ہیں کہ جب سورج بلند ہو کر وسط آسمان کی طرف پہنچا اور میں کعبہ کی طرف دیکھ رہا تھا کہ ایک جوان آیا اور آسمان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھا پھر کعبہ کی طرف بڑھا اور قبلہ رخ ہو کر کھڑا ہو گیا۔ تھوڑی ہی دیر گذری کہ ایک بچہ آیا جو ان کے دائیں طرف کھڑا ہو گیا پھر تھوڑی دیر بعد ایک خاتون آئی جو ان کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ پس اس جوان نے رکوع کیا اور اس کے ساتھ اس بچہ اور خاتون نے بھی رکوع کیا۔ پھر اس جوان نے (رکوع سے) سر اٹھایا اس کے ساتھ اس بچہ اور خاتون نے بھی سر اٹھایا۔ پھر وہ جوان سجدے میں چلا گیا اور اس کے ساتھ اس بچہ اور خاتون نے بھی سجدہ کیا۔ میں نے عباس کو کہا کہ یہ تو امر عظیم ہے، تو عباس نے بھی کہا کہ واقعی یہ امر عظیم ہے۔ (پھر عباس نے مجھے کہا) کیا تم جانتے ہو کہ یہ کون ہیں؟ میں نے کہا کہ نہیں، تو انہوں نے کہا کہ یہ جوان محمد ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب میرے بھائی کے بیٹے ہیں۔ اس کے بعد پھر مجھ سے پوچھا کہ کیا آپ اس بچہ کو جانتے ہو؟ میں نے کہا نہیں، تو انہوں نے کہا کہ یہ علی ابن ابی طالب ابن عبد

المطلب ہیں یہ بھی میرے بھتیجے ہیں۔ پھر پوچھا کہ کیا آپ اس خاتون کو جانتے ہیں جو ان کے پیچھے تھیں؟ میں نے کہا نہیں، تو انہوں نے کہا کہ یہ خدیجۃ بنت خویلد ہیں، جو میرے بھتیجے کی بیوی ہیں۔ اور وہ (آپؐ) کہتے ہیں کہ انہیں آپ کے اور آسمان کے پروردگار نے اس دین کا حکم دیا ہے، جس پر آپ انہیں دیکھ رہے ہیں۔ خدا کی قسم مجھے علم نہیں ہے کہ تمام روئے زمین پر ان تین کے علاوہ کوئی اور بھی اس دین پر ہو۔

اس روایت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ روئے زمین پر ان تین ہستیوں کے علاوہ اور کوئی نماز ادا کرنے والا اور دین اسلام پر عمل کرنے والا نہیں تھا۔ یہی عفیف جب دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تو ہمیشہ ان کے دل میں حسرت رہی کہ اگر وہ اس وقت ایمان لے آتے تو ایمان لانے والواں کی صف اول میں حضرت علی علیہ السلام اور حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کے بعد ان کا نام آتا اور وہ اکثر کہا کرتے تھے:

"فلیتنی کنت آمنت یومئذ فکنت اکون ثالثا۔"59

کاش میں اس وقت ایمان لے آتا تو ایمان لانے والوں میں (حضرت خدیجۃ اور علی کے بعد) تیسرا ہوتا۔

حضرت علی علیہ السلام کی سبقت ایمانی کے متعلق سیرت ابن ہشام میں اس طرح بیان ہے:

"کان اول ذکر من الناس أمن برسول اللہ و صلی معه و صدق بما جاء من اللہ تعالی علی ابن ابی طالب ابن عبد المطلب ابن هاشم رضوان اللہ و سلامه علیه و هو یومئذ ابن عشر سنین۔"60

مردوں میں جو سب سے پہلے رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم) پر ایمان لایا اور ان کے ساتھ نمازوں میں شریک ہوا اور جو کچھ اللہ کی طرف سے رسول لے کر آئے اس کی تصدیق کی وہ علی ابن ابی طالب ابن عبد المطلب ابن ہاشم رضوان اللہ و سلامہ علیہ ہیں اس وقت ان کی عمر دس سال تھی۔

حضرت علی علیہ السلام کا سب سے پہلے اسلام لانے کے متعلق درج ذیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور چند کبار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم کے اقوال پیش کئے جارہے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لانے والے آپ علیہ السلام ہی تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں:

حدثنا أبو بكر بن إسحاق، أنبأ عبيد بن حاتم الحافظ، ثنا محمد بن حاتم المؤدب، ثنا سيف بن محمد، ثنا سفيان الثوري، عن سلمة بن كهيل، عن أبي صادق، عن الأغر، عن سلمان رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أولكم واردا على الحوض، أولكم إسلاما، علي بن أبي طالب۔"61

حدیث بیان کی ہے ابو بکر ابن اسحاق نے اس سے عبید ابن حاتم حافظ نے اس سے محمد ابن حاتم مؤدب نے اس سے سیف ابن محمد سفیان ثوری نے اس سے سلمۃ ابن کہیل نے اس سے ابی صادق نے اس سے الاغر نے اسے سلمان

فارسی رضی اللہ عنہ نے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سب سے پہلے مجھ پر حوض کوثر پر وارد ہونے والے اور سب سے پہلے اسلام لانے والے علی ابن ابی طالب ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

حدثنا علي، أنا شعبة، عن سلمة بن كهيل قال: سمعت حبة العرني يقول: سمعت عليا يقول: "أنا أول من أسلم أو صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم"62

میں ہی پہلا شخص ہوں جس نے اسلام قبول کیا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

اسی طرح ایک اور مقام پر ارشاد ہے:

"انا اول من اسلم مع رسول الله صلّى الله عليه وسلم۔"63

میں سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ اسلام لایا ہوں۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں:

حدثنا إسحاق بن إبراهيم، أنا عبد الرزاق، أنا معمر، عن عثمان الجزري، عن مقسم، عن ابن عباس، قال: " أول من أسلم علي "64

سب سے پہلے اسلام لانے والے علیؑ ہیں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

حدثنا معاوية بن هشام قال: ثنا قيس عن سلمة بن كهيل عن أبي صادق عن عليم عن سلمان قال: "إن أول هذه الأمة ورودا على نبيها أولها إسلاما علي بن أبي طالب۔"65

اس امت میں سے جو شخص نبی (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر حوض کوثر پر) سب سے پہلے وارد ہو گا وہ اور سب سے پہلے اسلام لانے والا علی ابن ابی طالب ہے۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"سمعت رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم يقول لعلى ابن ابى طالب انت اول من امن بى و صدق۔"66

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو علی بن ابی طالب سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ تم وہ پہلے شخص جو مجھ پر سب سے پہلے ایمان لائے ہو اور میری تصدیق کی ہے۔

اسی طرح یہ حدیث مبارکہ ایک اور طریقے سے اس طرح روایت ہوئی ہے:

حدثنا عباد بن يعقوب العرزمي، قال: نا علي بن هاشم، قال: نا محمد بن عبيد الله بن أبي رافع، عن أبيه، عن جده أبي رافع، عن أبي ذر، عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه، قال لعلي بن أبي طالب: "أنت أول من

آمن بي، و أنت أول من يصافحني يوم القيامة، و أنت الصديق الأكبر، و أنت الفاروق تفرق بين الحق و الباطل، و أنت يعسوب المؤمنين، و المال يعسوب الكفار۔ "67

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو علی ابن ابی طالب سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ تم وہ پہلے شخص جو مجھ پر سب سے پہلے ایمان لائے ہو اور تم سب سے پہلے قیامت کے دن مجھ سے مصافحہ کروگے، اور تم ہی صدیق اکبر ہو اور تم ہی فاروق ہو، جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والے ہو، اور تم مؤمنوں کے سردار ہو اور مال کفار کا سردار ہے۔

حضرت زید ابن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"حدثنا وكيع، حدثنا شعبة، عن عمرو بن مرة، عن أبي حمزة مولى الأنصار، عن زيد بن أرقم قال: " أول من أسلم مع رسول الله صلى الله عليه وسلم علي رضي الله عنه۔ "68

علی ابن ابی طالب سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ اسلام لائے تھے۔

حضرت علی علیہ السلام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ نماز کی ادائگی میں بھی دوسرے لوگوں پر سبق حاصل تھی۔ جس کے بارے میں درج ذیل چند احادیث پیش کی جارہی ہیں:

حدثنا شبابة قال: ثنا شعبة عن سلمة عن حبة العرني عن علي قال: "أنا أول رجل صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم "69

میں ہی پہلا شخص ہوں جس نے رسول اللہ صلّی اللہ وعلیہ وسلم کے ساتھ سب سے پہلے نماز پڑھی۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں اس طرح بیان ہے:

حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا الحسن بن علي بن عفان العمري، و حدثنا أبو بكر بن أبي دارم الحافظ، ثنا إبراهيم بن عبد الله العبسي، قالا: ثنا عبيد الله بن موسى، ثنا إسرائيل، عن أبي إسحاق، عن المنهال بن عمرو، عن عباد بن عبد الله الأسدي، عن علي رضي الله عنه قال: "إني عبد الله، و أخو رسوله، و أنا الصديق الأكبر لا يقولها بعدي إلا كاذب، صليت قبل الناس بسبع سنين قبل أن يعبده أحد من هذه الأمة 70"

میں اللہ کا عبد ہوں اور اس کے رسول کا بھائی ہوں، میں ہی صدیق اکبر ہوں میرے بعد اس کا دعوی جو کرے گا وہ جھوٹا ہو گا۔ میں نے دوسرے لوگوں سے سات سال پہلے نماز پڑھی ہے اس سے پہلے کہ کوئی اور اس امت میں سے اللہ کی عبادت کرتا۔

حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

حدثنا إسماعيل بن موسى قال: حدثنا علي بن عابس، عن مسلم الملائي، عن أنس بن مالك، قال: " بعث النبي صلى الله عليه وسلم يوم الإثنين، و صلى و علي يوم الثلاثاء۔ "71

نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پیر کو مبعوث ہوئے اور علی نے منگل کو نماز پڑھی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

حدثنا محمد بن حمید قال: حدثنا إبراهيم بن المختار، عن شعبة، عن أبي بلج، عن عمرو بن ميمون، عن ابن عباس، قال: "أول من صلى علي۔ "72

سب سے پہلے (حضرت) علی نے نماز پڑھی ہے۔

قال: أخبرنا محمد بن عمر، قال: أخبرنا إبراهيم بن نافع، وإسحاق بن حازم، عن أبي نجيح، عن مجاهد، قال: "أول من صلى علي وهو ابن عشر سنين "73

علیؑ نے سب سے پہلے نماز پڑھی جب کہ وہ دس سال کے بچے تھے۔

حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

"اشهد على رسول الله (صلى الله عليه و آله وسلم) لسمعته وهو يقول ان السموات السبع و الارضين السبع لو وضعتا فی کفة ثم وضع ایمان علی فی کفة میزان لرجح ایمان علی۔ "74

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ فرمارہے تھے کہ ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کا وزن ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور علی کا ایمان دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو علی کا ایمان بھاری ہو جائے گا۔

جس انسان کا ایمان تمام آسمانوں اور زمین کے ایمان سے بھاری ہو اس کے فضائل بیان کرنے سے زبان قاصر ہے اور کاغذ و قلم لکھنے سے عاجز ہیں۔

فضائل علی علیہ السلام

(الف) قرآن کی روشنی میں

1 آیت مباہلہ

حضرت علی علیہ السلام کو قرآن کی روشنی میں نفس رسول کہا گیا ہے۔ جیسے آیت مباہلہ میں ارشاد باری تعالی ہے:

"فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَكُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ ۫ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ۔ "75

ترجمہ: آپؐ کے پاس علم آجانے کے بعد بھی اگر یہ لوگ (عیسیٰؑ کے بارے میں) آپؐ سے جھگڑا کریں تو آپؐ کہیں: آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ، ہم اپنی عورتوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنی عورتوں کو بلاؤ، ہم اپنے نفسوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے نفسوں کو بلاؤ، پھر دونوں فریق اللہ سے دعا کریں کہ جو جھوٹا ہو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

حدیث مبارکہ میں اس آیۃ کریمہ کی وضاحت اس طرح بیان کی گئی ہے:

"حدثنا قتيبة قال: حدثنا حاتم بن إسماعيل، عن بكير بن مسمار، عن عامر بن سعد بن أبي وقاص، عن أبيه، قال: لما أنزل الله هذه الآية: تعالوا ندع أبناءنا وأبناءكم، دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا وفاطمة وحسنا وحسينا، فقال: "اللهم هؤلاء أهلي۔"76

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیۃ "فقل تعالوا ندع ابنائنا و ابنائکم" نازل ہوئی تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کو بلوایا اور فرمایا اے اللہ ! میرے اہل بیت یہی لوگ ہیں۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا جب نجران کے نصاریٰ کے ساتھ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بحث و مباحثہ ہوا کہ وہ اللہ کے برگزیدہ نبی ہیں نہ کہ وہ اللہ یا اس کے بیٹے ہیں، تو آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انہیں بہت دلائل سے سمجھایا لیکن وہ کوئی بات ماننے کو تیار نہ ہوئے، تو اس وقت اللہ تعالی کی طرف سے یہ اعلان ہوا کہ ان نصاریٰ کے ساتھ مباہلہ ہو جس میں دونوں فریق مل کر ایک میدان میں اکٹھے ہوں اور اللہ کی بارگاہ میں مل کر دعا کریں، جو جھوٹے ہوں گے وہ تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ اس مباہلہ میں اللہ کے رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم بیٹوں کی جگہ پر حضرت امام حسن اور حسین علیہما السلام کو اور عورتوں کی جگہ صرف حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کو اور نفس کی جگہ حضرت علی السلام کو لے گئے تھے۔ یہاں سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو قرآن نے نفس رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہا ہے۔

2 آیت تطہیر

یہاں اس آیہ کریمہ اور حدیث شریف سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اہل بیت سے مراد صرف یہ پانچ افراد ہیں۔ اہل بیت اطہار کے شان میں آیۃ تطہیر نازل ہوئی ہے:

"اِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔"77

ترجمہ: اللہ کا ارادہ بس یہی ہے کہ ہر طرح کی ناپاکی کو اے اہل بیت ! آپ سے دور رکھے اور آپ کو ایسا پاکیزہ رکھے جیسا پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔

اسی درج بالا آیۃ کریمہ کی وضاحت اس حدیث میں یوں بیان ہوئی ہے:

"حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، و محمد بن عبد الله بن نمير، و اللفظ لأبي بكر، قالا: حدثنا محمد بن بشر، عن زكرياء، عن مصعب بن شيبة، عن صفية بنت شيبة، قالت: قالت عائشة: خرج النبي صلى الله عليه و سلم غداة و عليه مرط مرحل، من شعر أسود، فجاء الحسن بن علي فأدخله، ثم جاء الحسين فدخل معه، ثم جاءت فاطمة فأدخلها، ثم جاء علي فأدخله، ثم قال: " إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا"78

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم ایک دن صبح کے وقت ایک سیاہ نقش کملی اوڑھے، باہر تشریف لائے کہ آپؐ کی خدمت میں حسن بن علی رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے۔ آپؐ نے ان کو کملی کے اندر بٹھالیا۔ پھر حسینؑ آئے، ان کو بھی آپؐ نے کملی کے اندر بٹھالیا۔ پھر فاطمہؑ آئیں، آپؑ نے ان کو بھی کملی کے اندر بٹھالیا۔ پھر علیؑ آئے، آپؑ نے ان کو بھی کملی کے اندر داخل کر لیا اور یہ آیۃ پڑھی: "اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡہِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَہۡلَ الۡبَیۡتِ وَ یُطَہِّرَکُمۡ تَطۡہِیۡرًا۔" اللہ کا ارادہ بس یہی ہے کہ ہر طرح کی ناپاکی کو اے اہل بیت! آپ سے دور رکھے اور آپ کو ایسا پاکیزہ رکھے جیسا پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔

اسی طرح ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔

3۔ سورۃ الدہر

سورۃ الدہر حضرت علی اور فاطمۃ الزہراء علیہما السلام کے بارے میں نازل ہوئی ہے:

"وَ یُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسۡکِیۡنًا وَّ یَتِیۡمًا وَّ اَسِیۡرًا۔"79

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں علامہ جلال الدین السیوطی اپنی تفسیر الدر المنثور میں لکھتے ہیں:

اخرج ابن مردویہ عن ابن عباس فی قولہ و یطعمون الطعام علی حبہ الایۃ قال نزلت فی علی ابن ابی طالب و فاطمۃ بنت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم۔80

ابن مردویہ (حضرت ابن عباس) سے اس آیت ویطعمون الطعام علی حبہ کے بارے میں روایت بیان کرتے ہیں کہ یہ آیت علیؑ ابن ابی طالب اور فاطمہ بنت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

4۔ آیت ولایت

قرآن کریم میں ارشاد ہے:

"اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوۡلُہٗ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا الَّذِیۡنَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَ یُؤۡتُوۡنَ الزَّکٰوۃَ وَ ہُمۡ رٰکِعُوۡنَ۔"81

ترجمہ: تمہارے ولی تو صرف اللہ اور اس کے پیغمبر ہیں اور وہ مومن لوگ ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوۃ دیتے ہیں۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں طبری لکھتے ہیں:

حدثنا هناد بن السري، قال ثنا عبدة: عن عبد الملك، عن أبي جعفر، قال: سألته عن هذه الآية: اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ رٰكِعُوْنَ۔ قلنا: من الذين آمنوا؟ قال: الذين آمنوا. قلنا: بلغنا أنها نزلت في علي بن أبي طالب، قال: علي من الذين آمنوا"82

ترجمہ: طبری بیان کرتے ہیں کہ اس سے حدیث بیان کی ہے ہناد بن السری نے، ان سے بیان کیا ہے عبدہ نے اس نے عبد الملک سے اور اس نے ابو جعفر سے کہ میں ان سے اس آیت: "اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ رٰكِعُوْنَ۔" کے بارے میں پوچھا کہ الذین آمنوا میں سے کون لوگ مراد ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ اس سے مراد ایمان والے لوگ ہیں۔ تو ہم نے کہا کہ ہم تک یہ پہنچا ہے کہ یہ آیت علی بن ابی طالب کے بارے میں نازل ہوئی ہے، تو انہوں کہا کہ علی بھی مومنوں میں سے ہیں۔

5۔ قرآن کریم کی سورہ توبہ میں ارشاد ہے:

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَ عِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ جٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ۔"83

ترجمہ: کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کو آباد کرنا اس شخص کے اعمال جیسا خیال کیا ہے جو خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔ اور خدا کی راہ میں جہاد کرتا ہے؟ یہ لوگ خدا کے نزدیک برابر نہیں ہیں۔ اور خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

اس آیت کریمہ کی وضاحت اس طرح بیان کی گئی ہے:

حدثنا وكيع عن إسماعيل عن الشعبي اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَ عِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قال: " نزلت في علي و العباس۔84

ترجمہ: شعبی نے بیان کیا ہے کہ یہ آیت اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَ عِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حضرت علی اور عباس (رضی اللہ عنہما) کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

6۔ اسی طرح قرآن کریم کی سورہ سجدہ میں ارشاد ہے:

"اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسۡتَوٗنَ۔"85

ترجمہ: بھلاجو مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔

اسی آیت کریمہ کی تفسیر میں الطبری جامع البیان فی تفسیر القرآن، سورۃ السجدۃ میں اس طرح بیان کرتے ہیں :

القول في تأويل قوله تعالى : "اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسۡتَوٗنَ ۔" وذكر أن هذه الآية نزلت في علي بن أبي طالب رضوان الله عليه، والوليد بن عقبة۔"86

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے اس قول:"اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسۡتَوٗنَ۔"کی تاویل کا ایک قول بیان کیا گیا ہے کہ یہ آیت کریمہ حضرت علی ابن ابی طالب رضوان اللہ تعالیٰ علیہ اور ولید بن عقبہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

7۔ **قرآن کریم میں کی سورہ مریم ارشاد ہے:**

"اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا۔" 87

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے خدا انکی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کر دے گا۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں درج ذیل حدیث مبارکہ ہے:

حدثنا محمد بن عثمان بن أبي شيبة قال: ثنا عون بن سلام قال: ثنا بشر بن عمارة الخثعمي، عن أبي روق، عن الضحاك بن مزاحم، عن ابن عباس قال: "نزلت في علي: اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا۔ قال: محبة في قلوب المؤمنين "88

حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ یہ آیت :اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا۔ حضرت علی کی شان میں نازل ہوئی ہے کہ اللہ نے ان کی محبت کو مؤمنوں کی دلوں میں ڈال دیا ہے۔

اس حدیث مبارکہ سے صاف واضح ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی علیہ السلام کی محبت کو مؤمنوں کی دلوں میں ڈال دیا ہے۔

8۔ **قرآن کریم کی سورہ بقرہ میں ارشاد ہے:**

"اَلَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ بِالَّيۡلِ وَ النَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً فَلَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ۔"89

ترجمہ: جو لوگ اپنا مال رات اور دن اور پوشیدہ اور ظاہر راہ خدا میں خرچ کرتے رہتے ہیں ان کا صلہ پروردگار کے پاس ہے اور ان کو (قیامت کی دن) نہ کسی طرح کا خوف ہو گا اور نہ غم۔

اس آیت کریمہ کی تفسیریوں بیان کی گئی ہے:

حدثنا عبد الله بن وهيب الغزي، ثنا محمد بن أبي السري العسقلاني، ثنا عبد الرزاق، ثنا عبد الوهاب بن مجاهد، عن أبيه، عن ابن عباس، في قول الله عز وجل: "اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً" قال: "نزلت في علي بن أبي طالب كانت عنده أربعة دراهم، فأنفق بالليل واحدا، وبالنهار واحدا، وفي السر واحدا، وفي العلانية واحدا"90

مجاہد نے ابن عباس سے روایت نقل کی ہے کہ یہ آیت: "اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً" علی ابن ابی طالب کے بارے میں نازل ہوئی ہے کہ ان کے پاس چار درہم تھے تو انہوں نے ایک درہم (اللہ کی راہ میں) رات کو خرچ کیا، ایک درہم دن کو خرچ کیا، ایک درہم مخفی طور پر خرچ کیا اور ایک درہم اعلانیہ خرچ کیا۔

(ب) فضائل علی علیہ السلام احادیث کی روشنی میں

امام حاکم المستدرک میں ایک حدیث بیان کرتے ہیں:

فحدثنا بشرح، هذا الحديث الشيخ أبو بكر بن إسحاق، أنا الحسن بن علي بن زياد السري، ثنا حامد بن يحيى البلخي بمكة، ثنا سفيان، عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس بن أبي حازم، قال: كنت بالمدينة فبينا أنا أطوف في السوق إذ بلغت أحجار الزيت، فرأيت قوما مجتمعين على فارس قد ركب دابة، وهو يشتم علي بن أبي طالب، والناس وقوف حواليه إذ أقبل سعد بن أبي وقاص فوقف عليهم، فقال: ما هذا؟ فقالوا: رجل يشتم علي بن أبي طالب، فتقدم سعد فأفرجوا له حتى وقف عليه فقال: يا هذا، علام تشتم علي بن أبي طالب؟ ألم يكن أول من أسلم؟ ألم يكن أول من صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ ألم يكن أزهد الناس؟ ألم يكن أعلم الناس؟ وذكر حتى قال: ألم يكن ختن رسول الله صلى الله عليه وسلم على ابنته؟ ألم يكن صاحب راية رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزواته؟" ثم استقبل القبلة ورفع يديه، وقال: "اللهم إن هذا يشتم وليا من أوليائك، فلا تفرق هذا الجمع حتى تريهم قدرتك". قال قيس: فوالله ما تفرقنا حتى ساخت به دابته فرمته على هامته في تلك الأحجار، فانفلق دماغه ومات۔"91

قیس ابن ابی حاتم کہتے ہیں کہ میں مدینہ کی بازار میں گھوم رہا تھا، جب میں تیل کے گھڑھوں کے پاس پہنچا، تو دیکھا کہ لوگ ایک گھوڑے سوار کے گرد جمع ہو گئے ہیں جو علی ابن ابی طالب کو سب و شتم کر رہا تھا اور لوگ اس کے گرد کھڑے تھے۔ اسی اثناء میں حضرت سعد بن ابی وقاص آگے بڑھے اور ان کے سامنے کھڑے ہو گئے اور کہا یہ کیا ہو رہا

ہے؟ ان لوگوں نے کہا یہ شخص علی ابن ابی طالب پر سب و شتم کر رہا ہے، تو حضرت سعد آگے بڑھے لوگوں نے اس کے لیے جگہ چھوڑ دی اور وہ سیدھا اس شخص کے سامنے کھڑا ہو گیا اور کہا اے شخص! آپ علی ابن ابی طالب پر سب و شتم کر رہے ہو۔ کیا وہ سب سے پہلے اسلام لانے والے نہیں ہیں۔ کیا وہ سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے والے نہیں تھے؟ کیا وہ سب سے زیادہ زاہد انسان نہیں تھے؟ کیا وہ سب سے زیادہ علم والے نہیں تھے؟ اس طرح ذکر کرتے ہوئے اور کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انہیں اپنی بیٹی کا رشتہ نہیں دیا؟ کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنگوں میں علمدار نہیں تھے؟ اس کے بعد قبلہ رخ ہو کر دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے کہا اے میرے اللہ! یہ شخص تیرے اولیاء میں سے ایک ولی پر سب شتم کر رہا ہے، تو اسے اس مجمعے کو متفرق ہونے سے پہلے اپنی قدرت دکھا۔ قیس کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم ہم ابھی متفرق ہوئے ہی نہیں تھے کہ اس کے اپنے جانور نے اسے ان گھوڑیوں میں سر کے بل گرا دیا تو اس کا دماغ پھٹ گیا اور وہ مر گیا۔

حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ روایت بیان کرتے ہیں:

حدثنا مسدد، حدثنا يحيى، عن شعبة، عن الحكم، عن مصعب بن سعد، عن أبيه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج إلى تبوك، واستخلف عليا، فقال: أتخلفني في الصبيان والنساء؟ قال: "ألا ترضى أن تكون مني بمنزلة هارون، من موسى إلا أنه ليس نبي بعدي"۔ 92

حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوہ تبوک کے لیے روانہ ہوئے تو حضرت علی کو اپنا خلیفہ بنایا تو علیؑ نے عرض کی کہ کیا آپ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑے جا رہے ہو؟ تو آپ ؐ نے فرمایا کہ کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تو میرے لیے ایسا ہی ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام تھے۔ البتّہ اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہو گا۔

حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے اپنے اصحاب کے درمیان بھائی چارہ قائم کر دیا تھا پھر علی علیہ السلام آئے اس حال میں کہ اس کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے عرض کیا کہ آپ ؐ نے صحابہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کر دیا اور مجھ کو کسی کا بھائی نہ بنایا تو آپ ؐ نے فرمایا:

"انتَ اخی فی الدنیا و الآخرۃ۔" 93

تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو۔

حُبشی بن جنادہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا:

"علیٌ مِنّی و انا من علیٍ و لا یؤدِّی عنّی الّا انا او علیٌ۔" 94

علی مجھ سے ہیں اور میں علی سے ہوں اور میری جانب سے کوئی عہد اور معاہدہ نہ کرے مگر میں خود کروں یا میری طرف سے علی۔

عمران بن حصین بیان کرتے ہیں کہ رسولُ اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا:

"اِنّ علیاًمنّی و انامنه وهو ولیُ کلِ مؤمنٍ مِنٔ بعدی۔"95

بے شک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور میرے بعد علی ہر مؤمن کا ولی ہے۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں :

"اَنَّ النَّبیَ صلّی اللہ علیه و آلہٖ و سلّم قال من کنتُ مو لاہ فعلی مو لاہ۔"96

بے شک رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا علی مولیٰ ہے۔

حضرت انس ابن مالک ایک حدیث میں بیان کرتے ہیں:

"عن انس رضی اللہ عنہ قال کان عند النبی صلّی اللہ علیه و آلہٖ و سلّم طیرٌ فقال اللّٰھمّ ائتنی باحبّ خلقک الیک یأکل معی ھٰذا الطیرُ فجاءہٗ علیٌ فأکل معه۔"97

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے پاس ایک بھنا ہوا پرندہ رکھا ہوا تھا، کہ آپؐ نے یہ دعا فرمائی اے اللہ تو میرے پاس اس شخص کو بھیج جو تجھ کو اپنی مخلوق میں بہت پیارا ہو، تاکہ وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ تو فوراً بعد آپؐ کی خدمت میں علی علیہ السلام حاضر ہوئے اور آپؐ کے ساتھ پرندے کا گوشت کھایا۔

ایک اور حدیث شریف میں بیان ہے:

"عن جابر قال دعا رسولُ اللہ صلّی اللہ علیه و آلہٖ و سلم علیّاً یو مَ الطائفِ فانتجاہ فقال النّاسُ لقد طال النّجو اہ مع ابن عمّهٖ فقال رسولُ اللہ صلّی اللہ علیه و آلہٖ و سلّم ما انتَجیتُهٗ و لٰکنّ اللہ انتَجاہ۔"98

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم غزوہ طائف کے دن علی کو بلایا اور ان سے چپکے سے کچھ فرمایا، جب ان باتوں میں دیر ہو گئی تو لوگوں نے کہا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے اپنے چچا کے بیٹے سے دیر تک سرگوشی کی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم یہ سن کر فرمایا میں نے سرگوشی نہیں کی، خدا نے ان سے سرگوشی کی ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے:

"عن ابی سعیدٍ قال قال رسولُ اللہ صلّی اللہ علیه و آلہٖ و سلّم لعلیٍّ یا علیُ لا یحِلُّ لاحدٍ یُجنَبُ فی ھٰذا المسجدِ غیری و غیرُک قال علیُ ابن المنذر لِضَرار ابن صردٍ ما معنیٰ ھٰذَا الحدیثِ قال لایحِلُّ لاحدٍ یستطرقه جُنُباً غیری و غیرُک۔"99

حضرت ابو سعیدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے علی سے فرمایا: میرے اور تیرے علاوہ کسی شخص کو یہ جائز نہیں کہ وہ جنابت کی حالت میں اس مسجد کے اندر آئے۔ علی ابن منذر کہتے ہیں: میں نے ضرار ابن صرد سے پوچھا، اس حدیث کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا یہ معنی ہیں کہ: میرے اور تیرے علاوہ کسی کو جنابت کی حالت میں اس مسجد کے اندر سے گذرنا جائز نہیں ہے۔

ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا:

"لایُحِبُّ علیّاً منافقٌ و لایُبْغِضُہ مؤمنٌ۔"100

منافق علی سے محبت نہیں کرے گا اور مؤمن علی سے دشمنی نہیں رکھے گا۔

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بارے میں اس طرح بیان ہے:

"لمّا دخل شهر رمضان کان امیر االمؤ منین علیه السلام یتعشّی لیلةً عند الحسن علیه السلام و لیلةً عند الحسین علیه السلام و لیلةً عند عبد االله ابن جعفر و کان لایزید علی ثلاث لقمٍ فقیل له لیلة من تلک اللیالی فی ذلک، فقال یاتینی امرُ االله و انا خمیص انّما هی لیلةٌ او لیلتان فاصیب علیه السلام فی آخر اللیل۔"101

جب رمضان کا مہینہ آیا تو امیر المؤمنین علی علیہ السلام ایک رات کھانا حسن علیہ السلام کے پاس کھاتے تھے اور ایک رات حسین علیہ السلام کے پاس کھاتے تھے اور ایک رات عبد اللہ ابن جعفرؓ کے پاس کھاتے تھے اور تین نوالوں سے زیادہ نہیں لیتے تھے، تو ان راتوں میں سے ایک رات آپ علیہ السلام سے اس بارے میں پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے جواب دیا کہ میرے پاس اللہ کا حکم (شہادت) آئے گا اور میں بھوک کی حالت میں رہوں، پس یہ ایک رات یا دو راتیں گذری تھیں کہ اسی رات کے آخری حصہ میں آپ علیہ السلام کو زخمی کر دیا گیا۔

اسی طرح ایک اور روایت میں ہے:

"خرج علی علیه السلام فلمّا دخل المسجد اقبل ینادی الصلاة الصلاة فشد علیه ابن ملجم ضربه علی رأسہٖ بالسّیفِ فوقعت ضربته فی موضع ضربة الّتی ضربه عمرو بن عبدوَدّ فی یوم الخندق۔"102

حضرت علی علیہ السلام گھر سے نکلے، جب مسجد میں الصلاۃ الصلاۃ کہتے ہوئے داخل ہوئے، تو ابن ملجم نے آپ علیہ السلام پر حملہ کیا اور آپ علیہ السلام کے سر پر تلوار سے ضرب لگائی اور یہ ضرب اس جگہ پر لگی تھی، جس جگہ پر خندق کے دن عمرو بن عبد ودّ نے ضرب لگائی تھی۔

جب عبد الرحمٰن ابن ملجم نے آپ علیہ السلام پر ضرب لگائی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا:

"فزتُ و ربِّ الکعبةِ۔"103

کعبۃ کے رب کی قسم میں کامیاب ہو گیا۔

انساب الاشراف میں ہے کہ جس رات کی صبح کو حضرت علی علیہ السلام کو ضرب لگی تھی، اس رات کی سحر کے وقت آپ علیہ السلام یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

اشدد حیازیمک للموت　　　　فانّ الموت لاقیک

ولا تجزع من الموت　　　　اذا حلّ بوادیک 104

موت کے لیے کمر بستہ ہو جا، کیونکہ وہ تجھ سے ملاقات کرنے والی ہے، جب کسی وادی میں موت تجھ سے ملے تو اس سے گھبرانا نہیں۔

مسعودی اپنی تاریخ مروج الذہب میں لکھتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام درج بالا اشعار اکثر پڑھا کرتے تھے۔ اور آپ علیہ السلام سے اس وقت سنے گئے جب آپ علیہ السلام مسجد میں نماز کے لیے جا رہے تھے۔" 105

تاریخ شہادت

تاریخ وفات کے بارے میں تاریخ یعقوبی میں اس طرح درج ہے:

"ومات لیلۃ الجمعۃِ اوّل لیلۃ العشر الاواخر من شھر رمضان سنۃ 40 ھجری۔" 106

آپ علیہ السلام نے جمعہ کی شب، ماہ رمضان کے آخری عشرے کی پہلی تاریخ، سنّ ۴۰ ہجری میں وفات پائی۔

کتاب الارشاد میں اس طرح بیان ہے:

"کانت وفاہ امیر المؤمنین علیہ السلام قبیل الفجرِ من لیلۃ الجمعۃِ احدیٰ و عشرین من شھر رمضان اربعین من الھجرۃِ قتیلاً بالسّیفِ تلہ ابن الملجم المرادی۔ لعنہ اللہ۔ فی مسجد الکوفۃِ۔" 107

امیر المؤمنین علیہ السلام کی وفات جمعہ کی رات، صبح سے پہلے، رمضان مہینے کی اکیس تاریخ کو اور سن چالیس ہجری میں ہوئی۔ آپ علیہ السلام مسجدِ کوفہ میں تلوار سے قتل کئے گئے تھے، جس تلوار کو ابن ملجم مرادی لعنۃ اللہ علیہ نے زہر آلود کیا تھا۔

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد پتھروں کے نیچے خون نکلنا

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد پتھروں کے نیچے تازہ خون نکلا تھا۔ جس کے متعلق ابن شہاب سے ایک روایت بیان ہے:

أخبرنا أبو جعفر محمد بن عبد الله البغدادي ، ثنا يحيى بن عثمان بن صالح السهمي ، ثنا سعيد بن عفير ، حدثني حفص بن عمران بن أبي الرسام، عن السري بن يحيى، عن ابن شهاب ، قال: قدمت دمشق وأنا أريد الغزو، فأتيت عبد الملك لأسلم عليه، فوجدته في قبة على فرش بقرب القائم، وتحته سماطان، فسلمت، ثم

جلست ، فقال لي : يا ابن شهاب ، أتعلم ما كان في بيت المقدس صباح قتل علي بن أبي طالب ؟ فقلت : نعم ، فقال : هلم ، فقمت من وراء الناس حتى أتيت خلف القبة ، فحول إلي وجهه ، فأحنا علي فقال : ما كان ؟ فقلت : " لم يرفع حجر من بيت المقدس إلا وجد تحته دم " ، فقال : لم يبق أحد يعلم هذا غيري وغيرك لا يسمعن منك أحد ، فما حدثت به حتى توفي۔108

ابن شہاب کہتے ہیں کہ میں دمشق گیا اور چاہا کہ غزو میں شامل ہوں تو عبد الملک کے پاس گیا تا کہ اسے سلام کروں، تو میں نے اسے ایک چھوٹے سے خیمہ میں ستون کے قریب فرش پر دیکھا۔ اس کے نیچے دو صفیں تھیں، میں نے اس پر سلام کیا پھر بیٹھ گیا تو اس نے مجھے کہا: اے ابن شہاب! کیا تو جانتا ہے کہ جس صبح کو علی ابن ابی طالب شہید ہوئے تھے اس وقت بیت المقدس میں کیا ہوا تھا؟ تو میں نے کہا جی ہاں! تو اس نے کہا آؤ، میں کھڑا ہو گیا اور لوگوں سے ہٹ کر اس خیمہ کے پیچھے آیا تو اس نے میری طرف دیکھا۔ بیت المقدس میں سے جس پتھر کو بھی اٹھاتے تھے اس کے نیچے خون ہوتا تھا۔ اس کے بعد عبد الملک نے مجھے کہا آپ کے اور میرے علاوہ اس کا کسی کو پتہ نہ چل سکے اور نہ ہی آپ کسی کو اس کا بتانا ہے۔ میں نے کسی کو نہیں بتایا تھا یہاں تک کہ ان کا انتقال ہو گیا۔

یہ امیر المؤمنین کی شخصیت جس کی مظلومانہ شہادت کا اتنا اثر تھا کہ بیت المقدس کی سرزمین کے ہر پتھر کے نیچے تازہ خون بہتا تھا، اس سے آپؑ کی عظمت کا پتا چلتا تھا۔

الفصل الثانی

سید محمد الشریف الرضی رحمۃ اللہ علیہ

ولادت اور سلسلہ نسب

جامع نہج البلاغہ علامہ سید محمد شریف رضی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب کچھ اس طرح ہے :

"هو ابو الحسن محمد ابن ابی احمد الحسين ابن موسى بن محمد ابن موسى ابن ابراهيم ابن موسى ابن جعفر الصادق عليه السلام۔"1

ابو الحسن محمد ابن ابی احمد الحسین ابن موسی بن محمد ابن موسی ابن ابراہیم ابن موسی ابن جعفر صادق علیہ السلام۔

الشریف الرضی کی ولادت ایک علمی اور بزرگی والے گھرانے میں بغداد میں ہوئی۔

"مولده سنة تسع و خمسين و ثلاثمائة۔"2

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت سن 359ھ میں ہوئی۔

آپ کے والد گرامی

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد گرامی کے متعلق ابن ابی الحدید اس طرح لکھتے ہیں:

"كان ابوه النقيب ابو احمد جليل القدر، عظيم المنزلة فی دولة بنی العباس و دولة بنی بويه، و لقب بطاهر ذی المناقب، و خاطبه بهاء الدولة ابو نصر ابن بويه بالطاهر الاوحد، و ولی نقابة الطالبيين خمس دفعات، و مات و هو متقلدها بعد ان حالفته الامراض، و ذهب بصره، و توفی عن سبع و تسعين سنة، فان مولده سنة اربع و ثلاثمائة، و توفی سنة اربع مائة۔"3

آپ کے والد گرامی نقیب ابو احمد، بنی عباس اور بنی بویہ کی حکومتوں میں جلیل القدر اور عظیم المرتبت سمجھے جاتے تھے، جبکہ بہاؤ الدولہ ابو نصر ابن بویہ آپ کو طاہر الاوحد کہا کرتے تھے۔ آل ابو طالب کی نقابت کے عہدے پر پانچ مرتبہ فائز ہوئے تھے حالانکہ امراض نے انہیں جکڑ لیا تھا، ان کی بینائی بھی ختم ہو گئی تھی۔ آپ نے 97 برس کی عمر میں وفات پائی اور اس وقت بھی وہ اسی عہدے پر فائز تھے۔ کیونکہ ان کی ولادت تین سو چار ہجری میں ہوئی تھی اور وفات چار سو میں ہوئی تھی۔

سید شریف ابو احمد ایک عظیم الشان سید تھے کہ جن کی لوگ اطاعت کیا کرتے تھے۔ ان کی ہیبت کا سکہ دلوں میں بیٹھا ہوا تھا۔ بہاؤ الدولہ کے نزدیک ان کی بڑی قدر و منزلت تھی انہوں نے آپ کو "الطاہر الاوحد ذی المناقب" کا لقب دیا تھا۔ آپ میں ہر قسم کی نیک خصلتیں پائی جاتی تھیں۔4

آپؒ کی والدہ ماجدہ

سید شریف رضیؒ کی والدہ ماجدہ کے بارے میں ابن ابی الحدید لکھتے ہیں:

"و ام الرضی ابی الحسن فاطمة بنت الحسین ابن احمد ابن الحسن الناصر الاصم صاحب الدیلم، وھو ابو محمد الحسن ابن علی ابن الحسن بن علی بن عمر بن علی ابن ابی طالب علیھم السلام۔شیخ الطالبین و عالمھم و زاھدھم ، ادیبھم و شاعرھم ۔ ملک بلاد الدیلم و الجبل ، و یلقب بالناصر للحق، جرت له حروب عظیمة مع السامانیة، و توفی بطبرستان سنة اربع و ثلاثمائة، و سنة تسع و سبعون سنة۔"5

آپ کی والدہ محترمہ کا نام فاطمہ بنت الحسین ابن احمد بن الحسن الناصر الاصم صاحب دیلم ہیں (اور ان کا سلسلہ نسب اس طرح ہے) ابو محمد حسن ابن علی ابن الحسن بن علی ابن عمر بن علی ابن الحسین ابن علی ابن ابی طالب علیہم السلام۔ ابو محمد آل ابو طالب کے سردار، عالم، زاہد، ادیب اور شاعر تھے۔ بلاد دیلم اور جبل پر ان کی حکمرانی تھی، وہ ناصر للحق کے لقب سے ملقب تھے۔ سامانیوں کے ساتھ اس کی کافی جنگیں ہوئی ہیں۔ انہوں نے طبرستان میں 302ھ میں 79 سال کی عمر میں وفات پائی۔

شریف رضیؒ اشعر قریش

شریف رضیؒ ایک بہت بڑے ادیب اور شاعر تھے یہاں تک کہ تمام قریش میں سب سے زیادہ اشعار آپ ہی کے ہیں۔ جس کے متعلق علامہ ابن کثیر البدایۃ والنہایۃ میں لکھتے ہیں:

"الشریف الرضی محمد ابن الطاھر ابو احمد الحسین ابن موسی ابو الحسن العلوی لقب بھاء الدولة بالرضی، ذی الحسبتین، و لقب اخاه المرتضی ذی المجدین، و لی نقابة الطالبیین ببغداد بعد ابیه، و کان شاعرا مطبقا، سخیا جوادا۔ و قال بعضھم: کان الشریف فی کثرة اشعاره اشعر من قریش۔"6

شریف رضی محمد ابن طاہر ابو احمد الحسین ابن موسی ابو الحسن العلوی بہاؤ الدولہ نے آپؒ کو الرضی ذی الحسبتین کا لقب دیا اور آپؒ کے بھائی کو المرتضی ذی المجدین کا لقب دیا۔ انہوں نے والد کی وفات کے بعد آل ابو طالب کی نقابت کا عہدہ سنبھالا۔ آپؒ ایک شاعر مطبق (مسلسل شعر گوئی کرنے والا) اور سخی و جواد تھے۔ بعض نے کہا ہے کہ شریف رضیؒ اپنے اشعار کی کثرت کی وجہ سے اشعر قریش ہیں۔

شریف رضیؒ نے اپنی عمر کے ابتدائی دور میں ہی شعر گوئی شروع کی تھی۔ شیخ محمد عبدہ شرح نہج البلاغہ کے مقدمے میں شریف رضیؒ کا تذکرہ کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

"و ابتدأ یقول الشعر بعد ان جاوز عشر سنین بقلیل۔ قال صاحب الیتیمة، وھو اشعر الطالبین: من مضی منھم و من غبر علی کثرة شعرائھم المفلقین و لو قلت انه اشعر قریش لم ابعد الصدق۔"7

انہوں نے دس سال کی عمر میں تھوڑے سے عرصے میں شعر کہنا شروع کیا۔ صاحب یتیمہ نے کہا ہے کہ موصوف، آل ابو طالب میں سے جتنے بھی انوکھے شاعر گذرے ہیں، ان سب سے بڑے شاعر تھے۔ اگر میں کہوں کہ وہ اشعر قریش ہیں تو یہ صدق سے دور نہیں ہو گا بلکہ مناسب ہو گا۔

اخلاق و آداب السید الشریف الرضیؒ

سید شریف الرضیؒ کی زندگی کا ہر پہلو ان کے آباء و اجداد کے کردار کا آئینہ دار اور سیرت کا ہر رخ ائمہ اطہار کی پاکیزہ زندگیوں کا نمونہ تھا۔ وہ علمی تبحر اور عملی کمال، پاکیزگی اخلاق اور حسن سیرت و استغناء نفس کی دل آویز اداوں میں اتنی کشش رکھتے تھے کہ نگاہیں ان کی خوبی و زیبائی پر جم کر رہ جاتی تھیں اور دل اس ورثہ دار عظمت و رفعت کے آگے جھکنے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ 8

اسی خاندانی عظمت پر فخر کرتے ہوئے خود سید شریف رضیؒ مقدمہ نہج البلاغہ میں تحریر کرتے ہیں:

"واردت ای یسوغ لی التمثل فی الافتخار به علیه السلام بقول الفرزدق:

اولئک آبائی فجئنی بمثلهم　　　　اذا جمعتنا یا جریر المجامع۔"9

میرے لیے جائز و خوشگوار ہو گا کہ میں حضرت کی طرف اپنے نسبی استناد کی بناء پر فخر و ناز کرتے ہوئے فرزدق کا شعر بطور مثل پیش کر دوں: "یہ ہیں میرے آباء واجداد اے جریر! جب مجلسیں ہمیں ایک جا اکٹھا کریں تو ذرا ان کی مثال تو لاؤ۔

شریف رضیؒ کی پاکدامنی اور عفت کے بارے میں اس طرح بیان ہے:

"کان عفیفا متشددا فی العفة بالغا فیها الی النهایة۔"10

آپؒ انتہائی پاکدامن تھے، بالغ ہونے سے لیکر آخری عمر تک پاکدامن رہے۔

آپؒ نے کبھی کسی سے کوئی صلہ یا ہدیہ قبول نہیں کیا، جس کے متعلق شیخ محمد عبدہ نے اپنی شرح کے مقدمہ میں اس طرح لکھتے ہیں:

"لم یقبل من احد صلة و لا جائزة حتی انه رد صلات ابیه، و قد اجتهد بنو بویه علی قبوله صلاتهم فلم یقبل۔ و کان یرضی بالاکرام و صیانة الجانب و اعزاز و الاتباع و الاصحاب۔"11

آپؒ نے کبھی کسی سے کوئی صلہ یا ہدیہ قبول نہیں کیا حتی کہ اپنے والد کے صلہ کو بھی قبول نہیں کیا، اسی سے آپ کی عزت نفس اور ذاتی شرافت کا پتہ چلتا ہے۔ جبکہ آل بویہ کی یہ پوری کوشش رہی ہے کہ آپؒ کسی طرح ان کے ہدیہ کو قبول کر لیں، لیکن ان میں سے کسی سے بھی کچھ قبول نہ کیا، اس لیے کہ وہ اس طرح سے اپنی عزت نفس اور حمیت و خودداری کو داغدار نہیں کرنا چاہتے تھے اور اپنے ساتھیوں اور پیروکاروں کو عزت و احترام دینا چاہتے تھے۔

خلیفہ طائع باللہ کا آپؒ کی طرف رجحان خلیفہ قادر باللہ کی نسبت زیادہ تھا اور آپؒ بھی اس سے قادر باللہ کی نسبت زیادہ محبت کرتے تھے چنانچہ ایک قصیدہ میں ان کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں:

عطفا امیر المؤمنین فاننا　　　　فی دوحة العلیاء لا نتفرق

ما بیننا و یوم الفخار تفاوت　　　　ابدا کلانا فی العلاء معرق

الا الخلافة شرفتک فاننی　　　　انا عاطل منها و انت مطوق۔ 12

اے امیر المؤمنین! مہربانی کرو کیونکہ ہم بلندی کے شجر ہیں اور ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے باہمی مفاخرت کے دن ہمارے درمیان کسی قسم کا فرق نہیں ہے اور بلندی مرتبہ میں ہم ہمیشہ سے ایک ہی اصل سے تعلق رکھتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ خلافت نے آپ کو شرف عطا کیا ہے اور میں اس سے محروم ہوں اور آپ کے گلے میں اس کا طوق پڑا ہوا ہے۔

"و ذکر ابو القاسم ابن فهد الهاشمی فی تاریخه اتحاف الوری باخبار ام القری فی حوادث سنة تسع و ثمانین و ثلاثمائة۔ قال فیها حج الشریف المرتضی و الرضی فاعتقلهما فی اثناء الطریق ابن الجراح الطائی فاعطیاه تسعة الاف دینار من اموالهما۔" 13

ابو القاسم ابن فہد الہاشمی اپنی تاریخ اتحاف الوری باخبار ام القری میں 389ھ کے حالات کے تحت ذکر کیا ہے کہ اس سال شریف مرتضیٰؒ اور شریف رضیؒ نے حج کی سعادت حاصل کی۔ اثناء سفر میں ان سے ابن جراح طائی کی ملاقات ہو گئی، تو انہوں نے اپنے مال سے اس کو نو ہزار دینار عطا کئے۔

سید رضیؒ کی فضیلت

ابن ابی الحدید نے فخار ابن معد العلوی الموسوی سے روایت بیان کرتے ہیں :

"رای المفید ابو عبد اللہ محمد ابن النعمان الفقیه الامام فی منامه، کأن فاطمة بنت رسول اللہ صلی اللہ علیه و سلم دخلت علیه و هو فی مسجده بالکرخ، معها ولداه : الحسن و الحسین علیهما السلام، صغیرین، سلمتهما الیه، و قالت له: علمهما الفقه، فانتبه متعجبا من ذالک، فلما تعالی النهار فی صبیحة تلک اللیلة التی رأی فیها الرؤیا دخلت الیه المسجد فاطمة بنت الناصر، و حولها جواریها، و بین یدیها ابناها محمد الرضی و علی المرتضی صغیرین، فقام الیها و سلم علیها فقالت له: ایها الشیخ، هذان ولدای، قد احضرتهما لتعلمهما الفقه فبکی ابو عبد اللہ و قص علیها المنام، و تولی تعلیمهما الفقه، و انعم اللہ علیهما و فتح لهما من ابواب العلوم و الفضائل ما اشتهر عنهما فی آفاق الدنیا، و هو باق ما بقی الدهر۔" 14

ایک رات شیخ مفیدؒ نے خواب میں دیکھا کہ جناب فاطمۃ بنت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم ان کے ہاں اپنے دونوں بچوں حضرت حسن اور حسین علیہما السلام کے ساتھ مسجد کرخ میں تشریف لائی ہیں اور ان سے فرمایا کہ ان دونوں کو آپؒ کے حوالے کرتی ہوں، ان کو فقہ سکھاؤ۔ شیخ جب خواب سے بیدار ہوئے، تو وہ بہت حیران و

پریشان ہوئے، اسی عالم میں صبح ہوئی تو دیکھا کہ فاطمۃ بنت الناصر الحسین اپنی کنیزوں کے ہمراہ تشریف لا رہی ہیں۔ ان کے دونوں بیٹے سید مرتضیٰؒ اور سید رضیؒ ان کے ہمراہ ہیں۔ شیخ مفید انہیں دیکھ کر تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے۔ جب وہ قریب آئیں تو فرمایا: اے شیخ یہ دونوں میرے بچے ہیں، ان کو آپؒ کے سپرد کرنے آئی ہوں۔ آپؒ انہیں علم دین پڑھائیں۔ یہ سن کر ابو عبد اللہ رونا شروع کیا اور رات خواب والا واقعہ سنایا۔ انہوں نے ان دونوں بھائیوں کو پڑھانے کی ذمہ داری سنبھال لی، اللہ تعالی نے ان دونوں پر انعام کیا، ان کے لیے علوم اور فضائل کے دروازے کھول دیئے، اس دنیا میں جو ان سے مشتہر ہوا، وہ رہتی دنیا تک باقی رہے گا۔

یہاں سے ان کی فضیلت کا اندازہ ہو تا کہ وہ نسب اور حسب دونوں لحاظ سے عظمت و شرافت کے مالک تھے۔b

سید رضیؒ کے القاب اور عہدے

388ھ میں بہاء الدولہ بویہی نے "الشریف الاجل" کا لقب دیا تھا، 392ھ میں " ذوالمنقبتین "، 398ھ میں الرضی ذوالحسبین کا لقب دیا اور 401ھ میں "بہاء الدولہ" نے حکم دیا کہ تمام تقریروں اور خطوط میں سید رضی کو "الشریف الاجل" کے لقب سے یاد کریں۔ 15

سید رضیؒ 380ہجری میں جب آپ کی عمر 21 سال سے زیادہ نہیں تھی، عباسی خلیفہ "الطائع باللہ" نے آپ کو حاجیوں کا سرپرست (امیر الحاج) اور دیوان مظالم کی سرپرستی پر معین کیا، اس کے بعد 16 محرم 403ہجری کو تمام شہروں کی طالبین کی سرپرستی کے عہدے پر فائز ہوئے اور آپ کو "نقیب النقباء" کہا جانے لگا۔

نقابت: یہ ایک ایسا عہدہ تھا جس کو نہ چاہتے ہوئے بھی ممتاز شخصیت، محبوب، عالم اور باتقویٰ انسان کو دیا جاتا تھا اور لوگ عام طور سے اس کے پاس جمع ہو جاتے تھے اور اس کی سرپرستی کو قبول کرتے تھے، خلفاء اور بادشاہ بھی شہرت حاصل کرنے کیلئے اس کا حکم دیتے تھے، اس منصب کے مالک کی درج ذیل ذمہ داریاں تھیں:

1۔ سادات خاندانوں کی شمارش اور حفاظت۔

2۔ آداب اور اخلاق کے لحاظ سے لوگوں کی حفاظت۔

3۔ پست اور نامشروع مشاغل سے ان کو دور رکھنا۔

4۔ پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے قانون کی بے حرمتی سے منع کرنا۔

5۔ دوسروں پر تجاوز کرنے سے منع کرنا۔

6۔ لوگوں کے حقوق کو ان تک پہچانا۔

7۔ ان کے حقوق کو بیت المال سے ادا کرانا۔

8۔ان کی لڑکیوں کی شادیوں پر نظر رکھنا۔

9۔عدالت کو جاری کرنا۔

10۔موقوفات پر نظارت کرنا وغیرہ16

تالیفات السید الشریف الرضیؒ

(i)تفاسیر

1 تلخیص البیان عن مجاز القرآن

2 حقائق التاویل فی تشابہ التنزیل

3 معانی القرآن

(ii)حدیث

4 مجازات الآثار النبویہ

(iii)ادب

5 تالیقہ علی ایضاح ابی علی الفارسی

6 الحسن من شری ابن الحجاج

7 الزیادات فی شعر ابی الحجاج

8 الزیادات فی شعر ابی تمام

9 مختار شعر ابی اسحاق الصابی

10 مادار بینہ وبین ابی اسحاق من الرسائل شعراء

11 کتاب مراسلات

12 انشراح الصدر فی مختارات من الشعر

13 دیوان

14 نہج البلاغہ

(iv)فقہ

15 تالیق خلاف الفقہاء

(v)تاریخ

16 خصائص الائمہ

17 اخبار القضاۃ بغداد

18 سیرت الطاہر (یہ کتاب اپنے والد کی سوانح عمری کے طور پر 379ھ خود ان حیات میں لکھی تھی)17

استاد و مشائخ سید الشریف الرضیؒ

1۔ ابو سعید الحسن ابن عبد اللہ ابن المرزبان النحوی المعروف السیرافی المتوفی 368ھ ان سے سید رضیؒ نے علم نحو سیکھا۔ اس وقت سید رضیؒ کی عمر دس سال سے بھی کم تھی۔

2۔ ابو علی الحسن ابن احمد الفارسی النحوی المتوفی 377ھ ولہ منہ اجازۃ یروی عنہ فی کتابہ المجازات النبویۃ

3 ۔ ابو عبد اللہ محمد ابن عمران المرزبانی المتوفی 384ھ ایک اور قول کے مطابق 378ھ

4۔ ابو محمد الشیخ الاقدم ہارون ابن موسی التلعکبری المتوفی 385ھ

5۔ ابو الفتح عثمان ابن جنی الموصلی المتوفی 392ھ وقد اکثر النقل عنہ فی المجازات النبویۃ

6۔ ابو یحیی عبد الرحیم ابن محمد المعروف ابن نباتۃ صاحب الخطب المتوفی 394ھ

7۔ ابو عبد اللہ الشیخ المفید ابن المعلم محمد ابن نعمان المتوفی 314ھ

8۔ ابو الحسن علی ابن عیسیٰ الربعی النحوی البغدادی المتوفی 420ھ

9۔ القاضی عبد الجبار ابو الحسن ابن احمد الشافعی المعتزلی۔

10۔ ابو بکر محمد ابن موسی الخوارزمی،۔ قرأ علیہ فی الفقہ۔

11۔ ابو حفص عمر ابن ابراہیم ابن احمد الکنانی یروی عنہ الحدیث۔

12۔ ابو القاسم عیسیٰ ابن علی ابن عیسیٰ ابن داود ابن الجراح شیخہ فی الحدیث۔

13۔ ابو محمد عبد اللہ ابن محمد الاسدی الاکفانی۔

14۔ ابو اسحاق ابراہیم ابن احمد ابن محمد الطبری الفقیہ المالکی۔18

الشریف الرضی کے شاگرد

1۔ شیخ الطائفۃ ابو جعفر محمد ابن الحسن الطوسی المتوفی 460ھ

2۔ الشیخ جعفر ابن محمد الدوریستی

3۔ الشیخ ابو عبد اللہ محمد ابن علی الحلوانی۔

4۔ القاضی ابو المعالی احمد ابن علی بن قدامۃ المتوفی 486ھ۔

5۔ ابو زید السید عبد اللہ ابن علی کیابکی ابن عبد اللہ الحسینی الجرجانی۔

6۔ ابو بکر احمد ابن الحسین ابن احمد النیسابوری الخزاعی۔

7۔ ابو منصور محمد ابن ابی نصر محمد ابن احمد ابن الحسن بن عبد العزیز العکبری المعدل۔

8۔ القاضی السید ابو الحسن علی ابن بندار ابن محمد الهاشمی۔

9۔ الشیخ المفید عبد الرحمان ابن احمد ابن یحیی النیسابوری۔19

وفات اور مدفن

شیخ محمد عبدہ شرح نہج البلاغہ کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

"توفی الرضی فی المحرم سنة اربع و اربع مائة و دفن فی دارہ بمسجد الانباریین بالکرخ۔ و مضی اخوہ المرتضی من جزعه علیه الی مشهد موسی بن علیه السلام لانه لم یستطع ان ینظر الی تابوته و دفنه۔ و صلی علیه الوزیر فخر الملک ابو غالب و مضی بنفسه آخر النهار الی المشهد الشریف الکاظمی فالزمه بالعود الی دارہ۔"20

رضیؒ وفات پا گئے محرم الحرام سن 404ھ میں اور انہیں محلہ کرخ کی مسجد انباریین کے پاس اپنے گھر میں دفن کیا گیا۔ ان کے بھائی مرتضیؒ نے جب اپنے بھائی کی موت کا روح فرسا منظر دیکھا تو برداشت نہ کر سکے اور امام موسی بن جعفر علیہ السلام کے مشہد میں آ کر بیٹھ گئے۔ ان کی نماز جنازہ وزیر فخر الملک ابو غالب نے پڑھائی۔ وہ شام کو امام موسی کاظم (علیہ السلام) کے مشہد مقدس میں جا کر ان کو اپنے گھر واپس لے آئے۔

الفصل الثالث: نہج البلاغہ

نہج البلاغہ کا تعارف

نہج البلاغہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے کلام کا وہ مشہور ترین مجموعہ ہے، جسے جناب سید رضیؒ(المتوفی:404ھ) نے چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں مرتب فرمایا تھا۔ نہج البلاغہ علوم و معارف کا وہ گراں بہا سرمایہ ہے، جس کی اہمیت و عظمت ہر دور میں مسلم رہی ہے اور ہر دور کے علماء و ادباء نے اس کی بلند پائگی کا اعتراف کیا ہے۔ یہ صرف ادبی شاہکار ہی نہیں ہے، بلکہ اسلامی تعلیمات کا صحیفہ، حکمت و اخلاق کا سرچشمہ اور معارف ایمان و حقائق تاریخ کا ایک انمول خزانہ ہے، جس کے گوہر آبدار علم و ادب کے دامن کو زر نگار بنائے ہوئے ہیں اور اپنی چمک و دمک سے جوہر شناسوں کو محو حیرت کیے ہوئے ہیں۔ افصح العرب کے آغوش میں پلنے والے اور آب وحی میں ڈھلی ہوئی زبان چوس کر پروان چڑھنے والے نے بلاغت کلام کے وہ جوہر دکھائے ہیں کہ جس کے بارے میں ابن ابی الحدید معتزلی لکھتے ہیں:

"و اما الفصاحة فهو علیه السلام امام الفصاحةِ و سید البلغاء و فی کلامه قیل دون کلام الخالق فوق کلام المخلوقین۔"1

اور آپ علیہ السلام کی فصاحت تو ایسی ہے کہ فصاحت کے امام اور بلاغت والوں کے سید و سردار ہیں اور آپ علیہ السلام کے کلام کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آپؑ کا کلام خالق کے کلام سے کم تر اور مخلوقات کے کلام سے بلند تر ہے۔

اور مزید لکھتے ہیں :

"و منه تعلم الناس الخطابة و الکتابة، قال عبدالحمید ابن یحیٰ: حفظت سبعین خطبة من خطب الاصلع، ففاضت ثم فاضت،۔ و قال ابن نباتة: حفظت نم الخطابة کنزا لایزیدالّا نفاق الا سعة و کثرة حفظت ماة فصل من مواعظ علی ابن ابی طالب۔"2

آپؑ ہی سے لوگوں نے فن خطابت و کتابت سیکھا ہے۔ عبد الحمید ابن یحیٰ کہتے ہیں کہ میں نے علیؑ کے خطبوں میں سے ستر (۷۰) خطبے یاد کیے ہیں ان میں اضافہ ہوتا ہی گیا۔ ابن نباتہ کہتے ہیں: میں نے خطابت کا ایک ایسا خزانہ یاد کیا ہے، جو انفاق کرنے سے وسیع اور کثیر ہوتا جاتا ہے۔ میں نے علیؑ ابن ابی طالب کے مواعظ میں سے سو (۱۰۰) فصلیں یاد کی ہیں۔

اسی طرح مزید بیان کرتے ہیں :

"و یکفیٰ هٰذا الکتاب الذی نحن شارحوه دلالة علیٰ انّه لا یجاریٰ فی الفصاحة و لا یباریٰ فی البلاغة۔ و حسبک انّه لم یدوّن لاحد من فصحاء الصحابة العشر و لا نصف العشر ممّا دوّن له۔"3

اس کتاب (نہج البلاغہ) جس کی ہم تشریح کر رہے ہیں، کا اس کی فضیلت و اہمیت کے لیے دلیل ہی کافی ہے کہ آپؑ کا نہ فصاحت میں مقابلہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی بلاغت میں۔ تمہارے لیے یہی کافی ہے کہ فصیح صحابہ میں کسی اور کے لیے اس کے دسویں حصے بلکہ بیسویں حصے کے برابر بھی نہیں لکھا گیا جتنا آپؑ کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

ابو الحسن علی ابن الحسین المسعودی اپنی تاریخ مروج الذّھب میں لکھتے ہیں:

"والّذی حفظ النّاس عنہ من خطبہ فی سائر مقاماتہ اربع ماۃ خطبۃ و نیف و ثمانون خطبۃیوردھا علی البدیھۃوتداول النّاس ذالک عنہ قولا و عملا۔"4

لوگوں نے آپؑ کے جو خطبے مختلف موقعوں پر محفوظ کیے ہیں وہ چار سو اسی سے کچھ زیادہ تعداد میں ہیں، جنہیں آپؑ نے فی البدیہہ ارشاد فرمایا تھا جنہیں لوگوں نے نقل قول کے طور پر بھی بتواتر نقل کیا ہے اور اپنے خطب و مضامین میں ان کے اقتباسات سے بکثرت کام بھی لیتے رہے ہیں۔

ظاہر ہے کہ یہ چار سو اسی سے زیادہ خطبے اگر تمام و کمال یکجا کیے جائیں تو بلاشبہ نہج البلاغہ سے بڑی کتاب مرتب ہو سکتی ہے جب کہ اتنا بڑا ذخیرہ سید رضیؒ کی ولادت سے پہلے موجود تھا تو پھر علّامہ سید رضیؒ کو اس کی ضرورت ہی کیا تھی کہ اس ذخیرہ سے کام نہ لیں اور اپنی طرف سے نہج البلاغہ جیسی کتاب کو تحریر کر دیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نہج البلاغہ علّامہ سید رضیؒ کی من گھڑت نہیں بلکہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ہی کلام ہے۔

(2) نہج البلاغہ کے بارے میں علماء و دانشوروں کا نظریہ

ابن ابی الحدید معتزلی لکھتے ہیں

انّ کثیرا من ارباب الھویٰ یقولون انّ کثیرا من نھج البلاغہ کلام محدث صنعہ قوم من فصحاء الشیعۃ و ربما عزوا بعضہ الیٰ الرّضی ابی الحسن وغیرہ، و ھٰؤلآء قوم اعمتہ العصبیۃ اعینھم فضلوا عن النّھج الواضح ورکبوا بنیّات الطّریق ضلالا و قلّۃمعرفتھم باسالیب الکلام۔"5

بہت سے ارباب ہوا کہتے ہیں کہ نہج البلاغہ کا بڑا حصہ جدید کلام ہے، جسے فصحاء شیعہ میں سے کچھ لوگوں نے بنا لیا ہے اور بعض اوقات اس کے کچھ حصے کو ابو الحسن رضیؒ وغیرہ کی طرف منسوب کرتے ہیں، ان لوگوں کی آنکھوں کو تعصب نے بے نور کر دیا ہے، پس یہ کھلے راستے سے بھٹک گئے ہیں اور چھوٹے چھوٹے راستوں پر پڑ گئے ہیں، اس لیے کہ یہ لوگ اسالیب کلام سے کم واقف تھے۔

الشیخ محمود شکری الآلوسی لکھتے ہیں

"و ھٰذا کتاب (نھج البلاغہ) قد استودع من خطب الامام علی ابن ابی طالب سلام اللہ علیہ ما ھو قبس من نور الکلام الالٰھی، و شمس تضیء بفصاحۃ المنطق النبوی۔"6

یہ کتاب نہج البلاغہ ایسے خطبات پر مشتمل ہے، جو خدائی کلام کے نور کا ایک شعلہ ہیں اور ایسا سورج ہے، جو نبوی کلام کی فصاحت سے منور ہے۔

شیخ ناصیف الیازجی لکھتے ہیں:

"اذ شئت ان تفوق اقرانک فی العلم و الادب و صناعت الانشاء فعلیک بحفظ القرآن و نهج البلاغہ۔"7

اگر تم چاہتے ہو کے اپنے ہم عصروں سے علم وادب اور انشاء پردازی میں فوقیت حاصل کرو تو پھر لازمی ہے کہ تم قرآن اور نہج البلاغہ کو حفظ کرو۔

استاد عباس محمود العقاد لکھتے ہیں :

"فی کتاب نهج البلاغه فیض من آیات التّوحید و الحکمة الالٰهیة۔"8

کتاب نہج البلاغہ میں آیات توحید اور حکمت الٰہی کا فیض ہے۔

شیخ محمد عبدہ اپنی شرح نہج البلاغہ کے مقدمہ میں اپنی حیرت کا اظہار کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

"کان یخیل الیّ فی کلّ مقام انّ حروبًا شبّت و غارات شنت و ان للبلاغة دولة و للفصاحة صولة و انّ الاوهام عرامة و للریب دعارة و انّ حجافل الخطابة و کتائب الذّرابة فی عقود النّظام و صفوف الانتظام تنافح بالصفیح الابلج و القویم الاملج و تمثلج المهج روائع الحجج فتقفل من دعارة الوساوس و تصیب مقاتل الخوانس فما انّا الّا و الحق منتصر و الباطل منکسر و مرج الشک فی خمود و هرج الرّیب فی رکود و ان مدبر تلک ادولة باسل تلک الصولة هو حامل لوائها الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب۔"9

ہر مقام پر مجھے ایسا تصور ہو رہا تھا کہ جیسے لڑائیاں چھڑی ہوئی ہیں، نبرد آزمائیاں ہو رہی ہیں، بلاغت کا زور ہے اور فصاحت پوری قوة سے حملہ آور ہے، توہّمات شکست کھا رہے ہیں، شکوک اور شبہات پیچھے ہٹ رہے ہیں، خطابت کے لشکر صف بستہ ہیں، طلاقتِ لسان کی فوجیں شمشیر زنی اور نیزہ بازی میں مصروف ہیں، وسوسوں کا خون بہایا جارہا ہے اور توہّمات کی لاشیں گر رہی ہیں، ایک دفعہ یہ محسوس ہوتا ہے کہ بس حق غالب آگیا اور باطل کو شکست ہوئی اور شک و شبہ کی آگ بجھ گئی، تصوراتِ باطل کا زور ختم ہو گیا اور اس فتح و نصرت کا سہرا اس کے علمبردار امیر المونین علی ابن ابی طالب کے سر ہے۔

مزید اس طرح تحریر کرتے ہیں :

"و طورا کانت تنکشف لی الجمل عن وجوه باسرة و انیاب کاشرة و ارواح فی اشباح النمور و مخالف النسور قد تحفزت للوثاب ثمّ انقضت للاختلاب فخلبت القلوب عن هواها و اخذت الخواطر دون مرماها و اغتالت فاسد الاهواء و باطل الآراء۔"10

اور کبھی ایسے جملے سامنے آجاتے ہیں جو معلوم ہوتا ہے کہ تیوریاں چڑھائے ہوئے اور دانت نکالے ہوئے ہولناک شکلوں میں بڑھ رہے ہیں اور ایسی روحیں ہیں، جو چیتوں کے پیکروں میں اور شکاری پرندوں کے پنجوں کے ساتھ حملہ پر آمادہ ہیں اور ایک دم شکار پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور دلوں کو ان کے ہوا و ہوس کے مرکزوں سے جھپٹ کر لے جاتے ہیں اور ضمیروں کو پست جذبات سے زبردستی علیحدہ کر دیتے ہیں اور غلط خواہشوں اور باطل عقیدوں کا قلع قمع کر دیتے ہیں۔

اس میں علّامہ شیخ محمد عبدہ نے جس طرح یقینی طور پر اس کو کلام امیر المومنینؑ تسلیم کیا ہے، اسی طرح اس کے مضامین کی حقانیت اور اس کے مندرجات کی سچائی کا اعتراف بھی کیا ہے۔ علّامہ شیخ محمد عبدہ کو نہج البلاغہ سے اتنی عقیدت تھی کہ وہ اسے قرآن مجید اور کلام رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد ہر کتاب کے مقابلے میں ترجیح کا مستحق سمجھتے تھے اور انہوں نے اپنا یہ اعتقاد بتایا ہے کہ جامعہ اسلامیہ میں اس کتاب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونا اسلام کی صحیح خدمت ہے اور یہ صرف اس لیے کہ وہ امیر المومنینؑ جیسے بلند مرتبہ مصلح عالم کا کلام ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

"لیس فی اهل هٰذه اللّغة الا قائل بانّ کلام الامام علی ابن ابی طالب هو اشرف الکلام و ابلغه۔ بعد کلام اللّٰہ تعالیٰ و کلام نبیّه صلّی اللّٰہ علیه و آله و سلّم و اغزره مادة و ارفعه اسلوبا و اجمعه لجلائل المعانی فاجدر بالطالبین لنفائس اللّغة و الطامعین فی التدرج لمر اقیها ان یجعلوا هٰذا الکتاب اهم محفوظهم و افضل لاثورهم مع تفهّم معانیه فی الاغراض الّتی جائت لاجلها و تامّل الفاظه فی المعانی الّتی صیغت للدّلالة علیها لیصیبوا ابذالک افضل غایة و ینتهوا الیٰ خیر نهایة۔"11

اس عربی زبان والوں میں کوئی ایسا نہیں، جو اس کا قائل نہ ہو کہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب کا کلام، کلامِ خدا اور کلامِ رسول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے بعد ہر کلام سے بلند تر، زیادہ پر معانی اور زیادہ فوائد کا حامل ہے۔ لہٰذا عربی زبان کے نفیس ذخیروں کے طلّاب کے لیے یہ کتاب سب سے زیادہ مستحق ہے کہ وہ اسے اپنے محفوظات و منقولات میں اہم درجہ پر رکھیں اور اس کے ساتھ ان معانی و مقاصد کے سمجھنے کی کوشش کریں، جو اس کتاب میں مضمر ہیں تاکہ اس کے ذریعے سے حاصل کریں بہترین مقصد کو اور پہنچ جائیں بہترین انجام تک۔

امتیاز علی خان عرشی رامپوری نہج البلاغہ کی استناد میں لکھتے ہیں:

"عربی ادب کی مشہور کتابوں میں ایک " نہج البلاغہ " بھی ہے، اس میں امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے منتخب خطبے، خطوط اور حکیمانہ اقوال جمع کئے گئے ہیں۔ امیر المومنین کی گرامی ذات معدن فصاحت و بلاغت ہونے کے ساتھ خلیفہ راشد یا امام معصوم کی حیثیت بھی رکھتی ہے۔"12

مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نہج البلاغہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

"نہج البلاغہ جس کو الشریف الرضیؒ(المتوفی:404ھ) نے جمع کیا ہے، یہ وہ مجموعہ ہے، جس میں امیر المؤمنین کے خطبات، مکتوبات ورسائل اور حکیمانہ اقوال وامثال جمع کئے گئے ہیں۔"13

(3)تقسیمات نہج البلاغہ

اس مقدس کتاب میں تین طرح کے ارشادات درج کئے گئے ہیں۔ جن میں ایک کا نام "خطب" ہے جس کے بارے میں مؤلف نہج البلاغہ سید شریف رضیؒ لکھتے ہیں :

"باب المختار من خطب امیر المومین علیہ السلام واوامرہ ویدخل فی ذالک المختار من کلامه الجاری مجری الخطب فی المقاماۃ المحصورۃ والمواقف المذکورۃ والخطوب الواردۃ۔"14

اس باب میں امیر المؤمنین علیہ السلام کے خطبات اور اوامر موجود ہیں، جو آپؑ نے مختلف مقامات پر ارشاد فرمائے تھے۔

دوسرے کا نام "کتب" ہے، مؤلف لکھتے ہیں :

"باب المختار من کتب مولانا امیر المؤمنین علیه السلام الیٰ اعدائه و امراء بلادہ و یدخل فی ذالک ما اختیر من عھودہ الیٰ عمالہ وو صایاہ لاھلہ و اصحابہ۔"15

اس باب میں امیر المؤمنین علیہ السلام کے مکتوبات ہیں، جو آپؑ نے اپنے دشمنوں اور ملک کے گورنروں اور امراء کو لکھے تھے اور اس میں اپنے عمال کو دیئے گئے عہد نامے اور اپنے اہل بیت اور اصحاب کو وصیت نامے بھی شامل ہیں۔

اور تیسرے کو"حکم اور کلمات قصار"سے تعبیر کیا گیا ہے، مؤلف لکھتے ہیں:

"باب المختار من حکم امیر المؤمنین علیہ السلام و یدخل فی ذالک المختار من اجوبۃ مسائلہ و الکلام القصیر الخارج فی سائر اغراضہ۔"16

اس باب میں سوالات کے جوابات اور ان مختصر کلمات کا انتخاب بھی شامل ہے جو مختلف اغراض کے تحت بیان کئے گئے ہیں۔ ان کی تفصیل درج ذیل بیان کی جارہی ہے۔

پہلا حصہ: خطبات

نہج البلاغہ میں خطبات کی مجموعی تعداد 241 ہے اس کو بھی مؤلف نے چار اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

1. 123 خطبات کو بعنوان خطب نقل کیا ہے۔
2. 110 خطبات کو بعنوان کلام نقل کیا ہے۔
3. 4 خطبات کو بعنوان قال علیہ السلام کے عنوان سے نقل کیا ہے۔
4. 4 خطبات کو دعا کے عنوان سے نقل کیا ہے۔

دوسرا حصہ: مکتوبات

مکتوبات کی تعداد 79 ہے، ان میں سے

1 18 مکتوبات وصیت اور تعلیم و تربیت کے عنوان سے ہیں۔

2 16 مکتوبات میں تنقید و تعریض کا لہجہ اختیار کیا گیا ہے۔

3 15 مکتوبات میں توبیخ اور زجر کا انداز اختیار کیا گیا ہے۔

4 8 مکتوبات سیاسی امور سے متعلق ہیں۔

5 7 مکتوبات میں عسکری مسائل کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

6 3 مکتوبات عہد و معاہدہ سے متعلق ہیں۔ اور

7 3 مکتوبات میں انذار و تہدید کا رخ اختیار کیا گیا ہے۔

تیسرا حصہ: حکیمانہ اقوال

حکیمانہ اقوال کی تعداد 480 ہے، جن میں ایک ایک لفظ میں حقائق کا ایک ذخیرہ ہے اور ایک ایک نقطہ میں حکمت کا ایک سمندر ہے۔

(4) نہج البلاغہ کی وجہ تسمیہ

مؤلف نہج البلاغہ سید شریف رضیؒ نے اس کے نام کی وجہ تسمیہ اس طرح بیان کرتے ہیں:

"و رایت من بعد تسمیة هذا الکتاب بنهج البلاغه اذ کان یفتح للناظر فیه ابوابها ۔ و یقرب علیه طلابها۔ فیه حاجة العالم و المتعلم و بغیة البلیغ و الزاهد و یمضی فی اثنائه من الکلام فی التوحید و العدل و تنزیه الله سبحانه و تعالی و تعالی عن شبه الخلق ماهو بلال کل غله و جلاء کل شبهة۔"17

اس جمع انتخاب کے بعد میرے رائے ہوئی کہ اس کتاب کا نام نہج البلاغہ رکھا جائے۔ اس لیے کہ یہ کتاب دیکھنے والے کے لیے بلاغت کے بند دروازے کھولے گی اور اس کے لیے راہ تلاش قریب کرے گی اور اس سے عالم و متعلم اپنی ضرورتیں پوری کریں گے اور صاحب بلاغت و تارکِ علائق دنیا اپنے مقاصد پائیں گے۔ اس کتاب میں توحید، عدل، اور خداوند عالم کے جسم و جسمانیت سے منزہ و مبرا ہونے کے متعلق عجیب و غریب کلام ملے گا، جو ہر تشنگی سیر ابی، ہر مرض کی شفا اور ہر شبہ کا دافع ہے۔

موضوعات نہج البلاغہ

نہج البلاغہ علوم و معارف کا ایک سمندر ہے ،جس میں کئی موضوعات ہیں ۔ان میں سے صرف چند موضوعات کو درج ذیل اختصار کے ساتھ بیان کیا جارہا ہے:

(1) توحید

اسلام کے عقیدہ توحید باری تعالیٰ پر تفہیمات ، ادّلہ ، حکیمانہ تقریریں اور بحیثیت امام کے اس کتاب کی تشریح جس میں نفسیاتی انداز خطاب و تدریس کو مقام اعجاز تک پہنچادیا ہے۔ اس ذیل میں عدل وصفات خداوندی، اور مسائل کلام پر بھی جامع بیانات موجود ہیں۔ مثال کے طور پر آپ علیہ السلام کا ارشاد پیش کیا جارہا ہے:

1.1 کمال توحید

"اول الدین معرفته ، و کمال معرفت التصدیق به ، کمال التصدیق به توحیده، و کمال توحیده الاخلاص له، و کمال الاخلاص له نفی الصفات له، لشهادة کل صفة انّها غیر الموصوف، و شهادة کل موصوف انّه غیر الصفة: فمن وصف الله سبحانه فقد قرنه ، و من قرنه فقد ثنّاه ، و من ثنّاه فقد جزّأه، و من جزّأه فقد جهله، و من جهله فقد اشار الیه، و من اشار الیه فقد حدّه ، و من حدّه فقد عدّه۔ و من قال "فیه" فقد ضمّنه، و من قال "علام" فقد اخلی منه۔ کائن عن لا حدث، موجود لا عن عدم۔ مع کل شیء لا بمقارنته، و غیر کل شیء لا مزایلة، فاعل لا بمعنی الحرکات و الآلة، بصیر اذ لا منظور الیه من خلقه، متوحد اذ لا سکن یستأنس به، و لا یستوحش لفقده۔" 18

دین کی ابتدا اس کی معرفت ہے اور معرفت کا کمال اس کی تصدیق ہے۔ تصدیق کا کمال توحید کا اقرار ہے اور توحید کا کمال اخلاص کا عقیدہ ہے۔ اخلاص کا کمال زائد بر ذات صفات کی نفی ہے کہ صفت کا مفہوم خود ہی گواہ ہے کہ وہ موصوف سے الگ کوئی شے ہے اور موصوف کا مفہوم ہی یہ ہے کہ وہ صفت سے جداگانہ کوئی ذات ہے۔ اس کے لیے الگ سے صفات کا اثبات ایک شریک کا اثبات ہے اور اس کا لازمی نتیجہ ذات کا تعدد ہے۔ تعدد کا مقصد اس کے لیے اجزاء کا عقیدہ ہے اور اجزاء کا عقیدہ صرف جہالت ہے معرفت نہیں ہے۔ جو بے معرفت ہو گی اس نے اشارہ کرنا شروع کر دیا اور جس نے اس کی طرف اشارہ کیا اس نے اسے ایک سمت میں محدود کیا اور جس نے اسے محدود کر دیا اس نے اسے گنتی کا ایک شمار کر لیا۔ جس نے کہا وہ کس چیز میں ہے اس نے اسے کسی کے ضمن میں قرار دے دیا۔ جس نے کہا کہ وہ اوپر قائم ہے اس نے نیچے کا حصہ اس سے خالی کر دیا۔ وہ ہستی حادث نہیں ہے اور اس کا وجود عدم کی تاریکیوں سے نہیں نکلا ہے، وہ ہر شے کے ساتھ ہے لیکن مل کر نہیں، اور شے سے الگ ہے لیکن جدائی کی بنیاد پر نہیں ۔ وہ فاعل ہے لیکن حرکات و آلات کے ذریعے نہیں۔ وہ اس وقت بھی بصیر تھا جب دیکھی جانے والی مخلوق کا پتہ نہیں تھا۔ وہ اس ذات میں بالکل اکیلا ہے اور اس کا کوئی ایسا ساتھی نہیں ہے جس کو پا کر انس محسوس کرے اور کھو کر پریشان ہو جانے کا احساس کرے۔

1.2 صفات خداوندی کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

"وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له، الاول لا شئ قبله، والاخر لا غايه له، لا تقع الاوهام له علي صفة، ولا تعقد القلوب منه علي كيفية، ولا تناله التجزئة والتبعيض، ولا تحيط به الابصار والقلوب۔"19

میں گواہی دیتاہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ وہ ایسا اول ہے جس سے پہلے کچھ نہیں ہے۔ وہ ایسا آخر ہے، جس کی کوئی حد معین نہیں ہے۔ خیالات اس کی کسی صفت کا ادراک نہیں کرسکتے ہیں۔ اور دل اس کی کوئی کیفیت طے نہیں کر سکتا ہے۔ اسکی ذات کے نہ اجزا ہیں اور نہ ٹکڑے اور نہ وہ دل و نگاہ کے احاطہ کے اندر آسکتا ہے۔

1.3 سراپا توحید پر ایک تفصیلی خطبہ 186 ہے

"ما وحده من كيفه، ولا حقيقته أصاب من مثله. ولا إياه عنى من شبهه. ولا صمده من أشار إليه وتوهمه. كل معروف بنفسه مصنوع. وكل قائم في سواه معلول. فاعل لا باضطراب آلة. مقدر لا بجول فكرة. غني لا باستفادة. لا تصحبه الاوقات، ولا ترفده الادوات سبق الاوقات كونه. والعدم وجوده والابتداء أزله. بتشعيره المشاعر عرف أن لا مشعر له. وبمضادته بين الامور عرف أن لا ضد له. وبمقارنته بين الاشياء عرف أن لا قرين له. ضاد النور بالظلمة، والوضوح بالبهمة والجمود بالبلل، والحرور بالصرد. مؤلف بين متعادياتها. مقارن بين متبايناتها مقرب بين متباعداتها. مفرق بين متدانياتها لا يشمل بحد، ولا يحسب بعد، وإنما تحد الادوات أنفسها، وتشير الآلة إلى نظائرها۔"20

وہ شخص اس کی توحید کا قائل نہیں ہے، جس نے اس کے لیے کیفیات کا تصور پیدا کرلیا۔ وہ اس کی حقیقت سے نا آشنا ہے، جس نے اس کی تمثیل قرار دے دی۔ اس نے اس کا قصد ہی نہیں کیا جس نے اس کی شبیہ بنادی۔ وہ اس کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوا، جس نے اس کی طرف اشارہ کر دیا، یا اسے تصور کا پابند بنا دینا چاہا۔ جو اپنی ذات سے پہچانا جائے وہ مخلوق ہے۔ اور جو دوسرے کے سہارے قائم ہو وہ اس علت کا محتاج ہے۔ پرودگار فاعل ہے لیکن اعضاء کے حرکات سے نہیں۔ اندازے مقرر کرنے والا ہے لیکن فکر کی جولانیوں سے نہیں۔ وہ غنی ہے لیکن کسی سے کچھ لے کر نہیں۔ زمانہ اس کے ساتھ نہیں رہ سکتا اور آلات اسے سہارا نہیں دے سکتے۔ اس کا وجود زمانہ سے پہلے ہے اور اس کا وجود عدم سے بھی سابق ہے اور اس کی ازلیت ابتدا سے بھی مقدم ہے۔ اس کے حواس کو ایجاد کرنے سے اندازہ ہوا کہ وہ حواس سے بے نیاز ہے۔ اس کے اشیاء کے درمیان ضدیت قرار دینے سے معلوم ہوا کہ اس کی کوئی ضد نہیں ہے۔ اس کے اشیاء میں مقارنت قرار دینے سے ثابت ہوا کہ اس کا کوئی قرین اور ساتھی نہیں ہے۔ اس نے نور کو ظلمت کی، وضاحت کو ابہام کی، خشکی کو تری کی، اور گرمی کو سردی کی ضد قرار دے دیا ہے۔ وہ ایک دوسرے کی دشمن اشیاء کو جمع کرنے والا، ایک دوسرے سے جداگانہ اشیاء کا ساتھ کر دینے والا، باہمی دوری رکھنے والوں کو

قریب بنا دینے والا، اور باہمی قربت کے حامل امور کا جدا کر دینے والا ہے۔ وہ نہ کسی حد کے اندر آتا ہے اور نہ کسی حساب و شمار میں آسکتا ہے کہ جسمانی قوتیں اپنی جیسی اشیاء ہی کو محدود کر سکتی ہیں اور آلات اپنے امثال ہی کی طرف اشارہ کر سکتے ہیں۔

اسی طرح مزید ارشاد فرماتے ہیں:

"وإن الله سبحانه یعود بعد فناء الدنیا وحده لا شئ معه۔ کما کان قبل ابتدائها کذلك یکون بعد فنائها۔ بلا وقت ولا مکان، ولا حین ولا زمان۔ عدمت عند ذلك الآجال والاوقات، وزالت السنون والساعات۔ فلا شئ إلا الواحد القهار الذي إلیه مصیر جمیع الامور۔ بلا قدرة منها کان ابتداء خلقها، وبغیر امتناع منها کان فناؤها۔ ولو قدرت علی الامتناع دام بقاؤها۔ لم یتکاءده صنع شئ منها إذ صنعه، ولم یؤده منها خلق ما خلقه وبرأه۔ ولم یکونها لتشدید سلطان۔ ولا خوف من زوال ونقصان، ولا للاستعانة بها علی ند مکاثر، ولا للاحتراز بها من ضد مثاور۔ ولا للازدیاد بها في ملکه، ولا لمکاثرة شریك في شرکه۔ ولا لوحشة کانت منه فأراد أن یستأنس إلیها۔" 21

وہ خدائے پاک و پاکیزہ ہی ہے، جو دنیا کے فنا ہو جانے کے بعد بھی رہنے والا ہے۔ اس کے ساتھ رہنے والا کوئی نہیں ہے جیسا کہ ابتدا میں بھی ایسا ہی تھا اور انتہا میں بھی ایسا ہی ہونے والا ہے۔ اس کے لیے نہ وقت ہے نہ مکان نہ ساعت ہے نہ زمان۔ اس وقت مدت اور وقت سب فنا ہو جائیں گے اور ساعت و سال سب کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس خدائے واحد و قہار کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔ اسی کی طرف تمام امور کی بازگشت ہے اور کسی شے کو بھی اپنی ایجاد سے پہلے اپنی تخلیق کا یارانہ تھا اور نہ فنا ہوتے وقت انکا کرنے کا دم ہو گا۔ اگر اتنی ہی طاقت ہوتی تو ہمیشہ نہ رہ جاتے۔ اس مالک کو کسی شے کے بنانے میں کسی زحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ اسے کسی شے کی تخلیق و ایجاد تھکا بھی نہیں سکی۔ اس نے اس کائنات کو نہ اپنی حکومت کے استحکام کے لیے بنایا ہے اور نہ کسی زوال اور نقصان کے خوف سے بچنے کے لیے۔ نہ اسے کسی مد مقابل کے مقابلہ میں مدد کی ضرورت تھی اور نہ وہ کسی حملہ آور دشمن سے بچنا چاہتا تھا۔ اس کا مقصد اپنے ملک میں کوئی اضافہ تھا اور نہ کسی شریک کے سامنے اپنی کثرت کا اظہار تھا اور نہ تنہائی کی وحشت سے انس حاصل کرنا تھا۔

(2) نبوت ورسالت

شان رسالت، غرض نبوت و بعثت، فرائض و اعمال نبی پر سیر حاصل گفتگو، قرآن کی روشنی میں الٰہی تعلیمات کی تشریح وغیرہ بیان کی گئی ہے۔ جس کے متعلق حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے:

"واصطفی سبحانه من ولده انبیاء اخذ علی الوحی میثاقهم، وعلی تبلیغ الرسالة امانتهم، لمّا بدّل اکثر خلقه عهد الله الیهم فجهلو حقّه، واتخذوا الانداد معه، واجتالتهم الشیاطین عن معرفته، واقتطعتهم عن عبادته، فبعث فیهم رسله، وواتر الیهم انبیائه، لیستأدوهم میثاق فطرته، ویذکّروهم منسیّ نعمته، و

یحتجّوا علیهم بالتبلیغ، و، یثیروا لهم دفائن العقول، و یروهم آیات المقدره من سقف فوقهم مرفوع، و مهاد تحتهم موضوع، و معایش تحییهم، و آجال تفنیهم، و اوصاب تهرمهم، و احداث تتابع علیهم، و لم یخل الله سبحانه خلقه من نبی مرسل، او کتاب منزل، او حجة لازمة، او محجّة قائمة رسل لاتقصر بهم قلّة عددهم، و لا کثرة المکذبین لهم من سابق سمّی له مَن بعده، او غابر عرّفه مَن قبله :علی ذالک نسلت القرون، و مضت الدهور، و سلفت الآباء، و خلقت الابناء۔"22

اس نے اس(آدمؑ) کی اولاد میں سے انبیاء کا انتخاب کیا جن سے وحی کی حفاظت اور پیغام کی تبلیغ کی امانت کا عہد لیا، اس لیے کہ آخری مخلوقات نے عہد الٰہی کو تبدیل کر دیا تھا۔ اس کے حق سے ناواقف ہو گئے تھے۔ اس کے ساتھ دوسرے خدا بنا لیے تھے اور شیطان نے انہیں معرفت کی راہ سے ہٹا کر عبادت سے یکسر جدا کر دیا تھا۔ پروردگار نے ان کے درمیان رسول بھیجے، انبیاء کا تسلسل قائم کیا تاکہ وہ ان سے فطرت کی امانت کو واپس لیں اور انہیں بھولی ہوئی پروردگار کی نعمت کو یاد دلائیں۔ تبلیغ کے ذریعے ان پر اتمام حجت کریں، ان کی عقل کے دفینوں کو باہر لائیں اور انہیں قدرت الٰہی کی نشانیاں دکھلائیں۔ یہ سروں پر بلند ترین چھت، یہ زیر قدم گہوارہ، یہ زندگی کے اسباب، یہ فنا کرنے والی اجل، یہ بوڑھا بنا دینے والے امراض اور یہ پے در پے پیش آنے والے حادثات۔ اس نے کبھی اپنی مخلوقات کو کسی نبی مرسل یا کتاب منزل یا حجت لازم یا طریق واضح سے محروم نہیں رکھا ہے۔ ایسے رسول بھیجے ہیں، جنہیں نہ عدد کی قلت کام سے روک سکتی تھی اور نہ جھٹلانے والوں کی کثرت۔ ان میں جو پہلے تھا اسے بعد والے کا حال معلوم تھا اور جو بعد میں آیا تھا اسے پہلے والے نے پہنچوایا تھا اور یوں ہی صدیاں گزرتی رہیں اور زمانے بیتتے رہے ۔ آباءواجداد جاتے رہے اور اولاد و پوتے آتے رہے۔

(3) امامت

اوصاف و ضرورت امام، امام کے فرائض، امامت کے حدود، اپنا اور غیروں کا مقابلہ، بعد کے ائمہ پر اشارات، نبوت و امامت کا فرق، امام کی عظمت منصبی وغیرہ کا ذکر موجود ہے۔

حضرت علی علیہ السلام امام کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ:۔

"انّما الائمّةُ قوامُ الله علٰی خلقهِ و عُرفائهُ علی عبادِہ، و لایدخُلُ الجنّةَ الّا مَن عَرَفهم و عرفوه و لایدخلُ النّارَ الّا مَن انکرهم و انکروه۔"23

در حقیقت ائمہ اللہ کی طرف سے اس کی مخلوق پر مقرر کئے ہوئے حاکم ہیں، اس کی طرف سے اس کے بندوں پر اس کے نمائندے ہیں، وہی شخص جنت کا سزاوار ہو گا جو خود بھی ان کی معرفت رکھتا ہو اور وہ بھی اسے پہچانتے ہوں اور وہی شخص دوزخ میں جائے گا جو ائمہ کا منکر ہو اور ائمہ بھی اس سے کنارہ کش ہوں۔

3.1 امام کی حیثیت

امام ہی ہے جو عوام کے افراد کو آپس میں جوڑے رکھتا ہے اور انہیں بکھرنے سے بچاتا ہے:

"ومکانُ القیّمِ بالامرِ مکانُ النِّظامِ مِنَ الخَرزِ یجمعهٗ و یَضُمُّهٗ فإن انْقطع النِّظامُ تفرّقَ الخرزُ و ذَھبَ ثُمّ لم یجتَمِع بِحَذافیرہ ابداً۔" 24

امورِ سلطنت میں امام کی حیثیت وہی ہوتی ہے جو مہروں میں ڈورے کی جو کہ انہیں سمیٹ کر رکھتا ہے۔ جب ڈورا ٹوٹ جائے تو سب مہرے بکھر جاتے ہیں اور پھر کبھی سمٹ نہیں سکتے۔

مزید فرماتے ہیں:

"اِنَّ الائِمّۃَ مِن قریشٍ غُرِسوا فی ھٰذا البَطنِ مِنْ ھاشِمٍ لاتصلحُ علیٰ سواھِمْ و لاتَصْلحُ الولاۃُ مِنْ غیرِھم۔" 25

بلا شبہ امام، قریش میں سے ہوں گے جو اسی قبیلے کی ایک شاخ بنی ہاشم کی کشت زار سے ابھریں گے۔ نہ امامت کسی اور کو زیب دیتی ہے اور نہ ان کے علاوہ کوئی اس کا اہل ہو سکتا ہے۔

3.2 امام کے اوصاف

حضرت علی علیہ السلام امام کے اوصاف بیان کرتے ہیں:

"قد عَلِمتُم انّهٗ لا ینبَغِی ان یکون الوالی علی الفُروجِ والدِّماءِ والمغانمِ والاحکامِ وامامۃِ المسلمینَ البخیلُ فتکون فی اموالھم نھمتهٗ، ولا الجاھلُ فیضلّھم بجھلهٖ، ولا الجافی فیقطعھم بجفائهٖ، ولا الحائفُ للدّوَلِ فیتّخِذَ قوماً دون قومٍ، ولا المرتشِی فی الحُکمِ فیذھبُ بالحقوقِ ویقفُ بھا دونَ المقاطعِ، ولا المعطّلُ للسُّنَّۃِ فیُھلکَ الامّۃ۔" 26

تمہیں یہ معلوم ہے کہ ناموس، خون، مال غنیمت، احکام اور مسلمانوں کی امامت و رہبری کے لیے کسی طرح مناسب نہیں کہ کوئی بخیل حاکم ہو، کیونکہ اس کا دانت مسلمانوں کے مال پر لگا رہے گا۔ اور نہ کوئی جاہل حاکم ہو کیونکہ وہ اپنی جہالت کی وجہ سے گمراہ کرے گا، اور نہ کوئی ظالم حاکم ہو کیونکہ وہ اپنے ظلم اور جور سے لوگوں کو پریشان کر دے گا، اور نہ کوئی مال اور دولت میں بے راہ روی کرنے والا ہو کیونکہ وہ کچھ لوگوں کو دے گا اور کچھ لوگوں کو محروم کر دے گا، اور نہ فیصلہ کرنے میں رشوت لینے والا ہو کیونکہ وہ دوسروں کے حقوق کو رائیگاں کر دے گا اور انہیں انجام تک نہ پہنچائے گا اور نہ کوئی سنت کو بیکار کرنے والا حاکم ہو کیونکہ وہ امت کو تباہ و برباد کر دے گا۔

3.3 امام کی ذمہ داریاں

حضرت علی علیہ السلام امام کی ذمہ داریوں کو اس طرح بیان کرتے ہیں:

"انّه لیس علی الامام الاّ ما حمّل من امر ربّه۔ الابلاغ فی الموعظۃ، والاجتھاد فی النصیحۃ، والاحیاء للسنّۃ، واقامۃ الحدود علی مستحقیھا واصدار السّھمان علی اھلھا۔" 27

امام کا فرض تو بس یہ ہے کہ جو کام اسے اپنے پروردگار کی طرف سے سپرد ہوا ہے اسے انجام دے اور وہ یہ ہے کہ وعظ و نصیحت کی باتیں ان تک پہنچائے۔ اور انہیں نصیحت کرنے میں پوری پوری کوشش کرے، سنت کو زندہ رکھے اور جن پر حد لاگو ہوتی ہے ان پر حد جاری کرے، اور حصوں کو ان کے اصلی وارثوں تک پہنچائے۔

(4) مرنے کے بعد اور قیامت کے حالات

آثار و علامات، منظر کشی، گنہگاروں اور نیکوکاروں کا عالم، قیامت کے فائدے، اس عقیدے کے فلسفیانہ و حکیمانہ اور اسلامیاتی تشریح کی گئی ہے۔

4.1 آخرت کی تیاری

آخرت کی تیاری کے بارے میں فرماتے ہیں:

"فان الغاية امامكم ، و ان ورائكم الساعة تحدوكم ، تخففوا تلحقوا فانما ينظر باولكم آخركم۔"28

بے شک منزل مقصود تمہارے سامنے ہے اور ساعت موت تمہارے تعاقب میں ہے اور تمہیں اپنے ساتھ لے کر چل رہی ہے۔ اپنا بوجھ ہلکا کر لو پہلے والوں سے ملحق ہو جاؤ کہ ابھی تمہارے سابقین سے تمہارا انتظار کرایا جارہا ہے!

4.2 قبر کے حالات

قبر کے حالات سے آگاہ کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"وأعلموا عباد الله أنكم وما أنتم فيه من هذه الدنيا على سبيل من قد مضى قبلكم ممن كان أطول منكم أعمارا، وأعمر ديارا، وأبعد آثارا۔ أصبحت أصواتهم هامدة، ورياحهم راكدة، وأجسادهم بالية، وديارهم خالية وآثارهم عافية۔ فاستبدلوا بالقصور المشيدة والنمارق الممهدة الصخور والاحجار المسندة، والقبور اللاطئة الملحدة۔ التي قد بني بالخراب فناؤها، وشيد بالتراب بناؤها۔ فمحلها مقترب، وساكنها مغترب۔ بين أهل محلة موحشين وأهل فراغ متشاغلين لا يستأنسون بالاوطان، ولا يتواصلون تواصل الجيران على ما بينهم من قرب الجوار ودنو الدار۔ وكيف يكون بينهم تزاور وقد طحنهم بكلكله البلى، وأكلتهم الجنادل والثرى۔ وكأن قد صرتم إلى ما صاروا إليه، وارتهنكم ذلك المضجع، وضمكم ذلك المستودع۔ فكيف بكم لو تناهت بكم الامور، وبعثرت القبور هنالك تبلو كل نفس ما أسلفت، وردوا إلى الله مولاهم الحق وضل عنهم ما كانوا يفترون۔"29

اے بندگان خدا! یاد رکھو اس دنیا میں تم اور جو کچھ تمہارے پاس ہے سب کا وہی راستہ ہے، جس پر پہلے والے چل چکے ہیں جن کی عمریں تم سے زیادہ طویل اور جن کے علاقے تم سے زیادہ آباد تھے۔ ان کے آثار بھی دور دور تک پھیلے ہوئے تھے۔ لیکن اب ان کی آوازیں دب گئی ہیں۔ ان کی ہوائیں اکھڑ گئی ہیں۔ ان کے جسم بوسیدہ ہو

گئے ہیں۔ ان کے مکانات خالی ہو گئے ہیں اور ان کے آثار مٹ چکے ہیں۔ وہ مستحکم قلعوں اور بچھی ہوئی مسندوں کو پتھروں اور چنی ہوئی سلوں اور زمین کے اندر لحدوں والی قبروں میں تبدیل کر چکے ہیں۔ جن کے صحنوں کی بنیاد تباہی پر قائم ہے۔ جن کی عمارت مٹی سے مضبوط کی گئی ہے۔ان قبروں کی جگہیں تو قریب قریب ہیں لیکن ان کے رہنے والے سب ایک دوسرے سے غریب اور اجنبی ہیں۔ ایسے لوگوں کے درمیان ہیں جو بوکھلائے ہوئے ہیں اور یہاں کے کاموں سے فارغ ہو کر وہاں کی فکر میں مشغول ہو گئے ہیں۔ نہ اپنے وطن سے کوئی انس رکھتے ہیں اور نہ اپنے ہمسایوں سے کوئی ربط رکھتے ہیں۔حالانکہ بالکل قرب و جوار میں اور نزدیک ترین دیار میں ہیں۔ ظاہر ہے کہ اب ملاقات کا کیا امکان ہے، جب کہ بوسیدگی نے انہیں اپنے سینہ سے دبا کر پیس ڈالا ہے۔ پتھروں اور مٹی نے انہیں کھا کر برابر کر دیا گویا کہ اب تم بھی وہیں پہنچ گئے ہو، جہاں وہ پہنچ چکے ہیں۔ تمہیں بھی اسی قبر نے گرد رکھ لیا ہے اور اسی امانت گاہ نے جکڑ لیا ہے۔ سوچو اس وقت کیا ہو گا جب تمہارے تمام معاملات آخری حد کو پہنچ جائیں گے اور دوبارہ قبروں سے نکال لیا جائے گا۔ اس وقت ہر نفس اپنے اعمال کا خود محاسبہ کرے گا اور سب کو مالک برحق کی طرف پلٹا دیا جائے گا اور کسی کی کوئی افترا پردازی کام آنے والی نہ ہو گی۔

(5) قرآن کا تذکرہ

عظمت قرآن، علوم قرآن، تفسیر و تشریح، استعمال، احترامات، اس کی افادیت اور مختلف پہلوؤں پر غور و فکر، تنزیل، ترتیب، رموز و نکات کا بیان ہے۔ حضرت علی علیہ السلام علوم قرآن کو مختصر مگر جامع انداز میں پیش کرتے ہیں:

"کتاب ربّکم فیکم: مبیّنا حلاله و حرامه، و فرائضه و فضائله، و ناسخه و منسوخه، و رخصه و عزائمه، و و خاصه و عامه، و عبره و امثاله، و مرسله و محدوده، و محکمه و متشابهه، مفسرا و مجملا، و مبینا غوامضه، بین مأخوذ میثاق علمه، موسّع، علی العباد فی جهله، و بین مثبت فی الکتاب، فرضه، و معلوم فی السنّة نسخه، و واجب فی السنّة اخذه، و مرخص فی الکتاب ترکه، و بین واجب بوقته، و زائل فی مستقبله، و مباین بین محارمه، من کثیر اوعد علیه نیرانه، او صغیر ارصد له، غفرانه، و بین مقبول فی ادناه، موسع فی اقصاه۔"30

آپؑ نے تمہارے درمیان تمہارے پروردگار کی کتاب (قرآن کریم) کو چھوڑا ہے، جس کے حلال و حرام، فرائض و فضائل، ناسخ و منسوخ، رخصت و عزیمت، خاص و عام، عبرت و امثال، مطلق و مقید، محکم و تشابہ سب کو واضح کر دیا تھا۔ مجمل کی تفسیر کر دی تھی، گتھیوں کو سلجھا دیا تھا۔ اس میں بعض آیات ہیں، جن کے علم کا عہد لیا گیا ہے اور بعض سے ناواقفیت کو معاف کر دیا گیا ہے۔ بعض احکام کے فرض کا کتاب میں ذکر کیا گیا ہے اور سنت سے ان کے منسوخ ہونے کا علم حاصل ہوا ہے۔ یا سنت میں ان کے وجوب کا ذکر ہوا ہے جب کہ کتاب میں ترک کرنے کی

آزادی کا ذکر تھا۔ بعض احکام ایک وقت میں واجب ہوئے ہیں اور مستقبل میں ختم کر دئے گئے ہیں، جن کا مختصر بھی قابل قبول اور زیادہ کی بھی گنجائش پائی جاتی ہے۔

(6) حدیث

درایت کے اصول، حدیث کا مرتبہ، راویوں کی حیثیت، آنحضرتؐ کا طریق کلام، اس سے فائدے اٹھانے کے طریقے، آداب و احکام، متن اور اس کی تشریح حضرت علی علیہ السلام کا فن حدیث میں درجہ کمال کا ثبوت پیش کرتا ہے۔ جس طرح آپ علیہ السلام نے حدیث کی روایت اور درایت کے بارے میں ایک خطبہ ارشاد فرمایا ہے جو درج ذیل پیش کیا جارہا ہے۔

6.1 لوگوں کے پاس احادیث کی اقسام

جب آپ علیہ السلام سے روایت حدیث میں اختلاف کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا:

"إن في أيدي الناس حقا وباطلا، وصدقا وكذبا، وناسخا ومنسوخا وعاما وخاصا، ومحكما ومتشابها، وحفظا ووهما۔ ولقد كذب على رسول الله صلى الله عليه وآله على عهده حتى قام خطيبا فقال:" من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار" وإنما أتاك بالحديث أربعة رجال ليس لهم خامس۔"31

لوگوں کے ہاتھوں میں حق اور باطل، صدق و کذب، ناسخ و منسوخ، عام و خاص، محکم و متشابہ، اور حقیقت و وہم سب کچھ ہے۔ اور کذب و افترا کا سلسلہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زندگی ہی سے شروع ہو گیا تھا، جس کے بعد آپ نے منبر پر اعلان کیا تھا کہ:" جس شخص نے بھی میری طرف سے غلط بیانی کی اسے اپنی جگہ جہنم میں بنا لینا چاہیے۔" یاد رکھو کہ حدیث کے بیان کرنے والے چار طرح کے لوگ ہوتے ہیں جن کی پانچویں کوئی قسم نہیں ہے۔

6.2 راویوں کے اقسام

پہلی قسم: منافق راوی

حضرت علی علیہ السلام احادیث کے راویوں کی چار اقسام بیان کرتے ہیں، ان میں سب سے پہلی قسم کے منافق روایوں کی ہے، جس کے بارے میں فرماتے ہیں:

"رجل منافق مظهر للايمان، متصنع بالاسلام لا يتأثم ولا يتحرج، يكذب على رسول الله صلى الله عليه وآله متعمدا، فلو علم الناس أنه منافق كاذب لم يقبلوا منه ولم يصدقوا قوله، ولكنهم قالوا صاحب رسول الله صلى الله عليه وآله رأى وسمع منه ولقف عنه فيأخذون بقوله، وقد أخبرك الله عن المنافقين بما أخبرك، ووصفهم بما وصفهم به لك، ثم بقوا بعده عليه وآله السلام فتقربوا إلى أئمة الضلالة والدعاة إلى

النار بالزور والبهتان، فولوهم الاعمال وجعلوهم حكاما على رقاب الناس، وأكلوا بهم الدنيا. وإنما الناس مع الملوك والدنيا إلا من عصم الله فهو أحد الاربعة۔"32

ایک راوی وہ منافق ہے، جو ایمان کا اظہار کرتا ہے۔ اسلام کی وضع قطع اختیار کرتا ہے، لیکن گناہ کرنے اور افتراء میں پڑنے سے پرہیز نہیں کرتا۔ رسول اکرم کے خلاف قصداً جھوٹی روایتیں تیار کرتا ہے۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ منافق اور جھوٹا ہے تو یقیناً اس کے بیان کی تصدیق نہ کریں گے، لیکن مشکل یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ صحابی ہے۔ اس نے حضور کو دیکھا ہے، آپ کے ارشاد کو سنا ہے اور آپ سے حاصل کیا ہے۔ اس طرح اس کے بیان کو قبول کر لیتے ہیں، جب کہ خود پروردگار بھی منافقین کے بارے میں خبر دے چکا ہے اور ان کے اوصاف کا تذکرہ کر چکا ہے اور یہ رسول اکرم کے بعد بھی باقی رہ گئے تھے۔ گمراہی کے پیشواؤں اور جہنم کے داعیوں کی طرح اسی غلط بیانی اور افتراء پردازی سے تقرب حاصل کرتے تھے۔ وہ انہیں عہدے دیتے رہے اور لوگوں کی گردنوں پر حکمراں بناتے رہے اور انہیں کے ذریعے دنیا کو کھاتے رہے اور لوگ تو بہر حال بادشاہوں اور دنیاداروں ہی کے ساتھ رہتے ہیں، علاوہ انکے جنہیں اللہ اس شر سے محفوظ کر لے۔

دوسری قسم: بھولنے والے راوی

دوسرے وہ راوی ہیں جو بھول جانے والے ہیں، جن کے بارے میں حضرت علی السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"ورجل سمع من رسول الله شيئا لم يحفظه على وجهه فوهم فيه ولم يتعمد كذبا فهو في يديه ويرويه ويعمل به ويقول أنا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وآله، فلو علم المسلمون أنه وهم فيه لم يقبلوه منه، ولو علم هو أنه كذلك لرفضه۔"33

دوسرا شخص وہ ہے جس نے رسول اکرم سے کوئی بات سنی ہے لیکن اسے صحیح طریقہ سے محفوظ نہیں کر سکا ہے اور اس میں غلطی کا شکار ہو گیا ہے۔ جان بوجھ کر جھوٹ نہیں بولتا۔ جو کچھ اس کے ہاتھ میں ہے، اسی کی روایت کرتا ہے اور اسی پر عمل کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ یہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے حالانکہ اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ اس سے غلطی ہو گئی ہے تو ہرگز اسکی بات قبول نہ کریں گے بلکہ اگر اسے خود بھی معلوم ہو جائے کہ یہ بات اس طرح نہیں ہے، تو ترک کر دے گا اور نقل نہیں کرے گا۔

تیسری قسم: اہل شبہ راوی

تیسری قسم کے راویوں کے بارے میں حضرت علی السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"ورجل ثالث سمع من رسول الله صلى الله عليه وآله شيئا يأمر به ثم نهى عنه وهو لا يعلم، أو سمعه ينهى عن شئ ثم أمر به وهو لا يعلم، فحفظ المنسوخ ولم يحفظ الناسخ، فلو علم أنه منسوخ لرفضه، ولو علم المسلمون إذ سمعوه منه أنه منسوخ لرفضوه۔"34

تیسری قسم اس شخص کی ہے، جس نے رسول اکرم کو حکم دیتے ہوئے سنا ہے لیکن حضرت نے جب منع کیا ،تو اسے اطلاع نہیں ہو سکی۔ یا حضرت کو منع کرتے ہوئے سنا ہے لیکن جب آپ نے دوبارہ حکم دیا تو اطلاع نہ ہو سکی۔ اس شخص نے منسوخ کو محفوظ کر لیا اور ناسخ کو محفوظ نہیں کر سکا ہے۔ اور اگر اسے معلوم ہو جائے کہ یہ حکم منسوخ ہو گیا ہے، تو اسے ترک کر دے گا۔ اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ اس نے منسوخ کی روایت کی ہے، تو وہ بھی اسے نظر انداز کر دیں گے۔

چوتھی قسم: صادق اور حافظ راوی

چوتھی قسم ان راویوں کی ہے جو صادق بھی ہیں اور حافظ بھی ہیں لہذا انہی کی احادیث کا اعتبار کیا جاتا ہے:

"وآخر رابع لم يكذب على الله ولا على رسوله، مبغض للكذب خوفا من الله وتعظيما لرسول الله صلى الله عليه وآله ولم يهم، بل حفظ ما سمع على وجهه، فجاء به على ما سمعه لم يزد فيه ولم ينقص منه، فحفظ الناسخ فعمل به، وحفظ المنسوخ فجنب عنه، وعرف الخاص والعام فوضع كل شئ موضعه، وعرف المتشابه ومحكمه۔"35

چوتھی قسم اس شخص (راوی) کی ہے، جس نے نہ اللہ پر جھوٹ بولا ہے اور نہ ہی رسول اللہ کے خلاف غلط بیانی سے کام لیا ہے اور وہ اللہ کے خوف کی وجہ سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تعظیم کی بنا پر جھوٹ کا دشمن بھی ہے۔ اور اس سے بھول چوک بھی نہیں ہوئی ہے، بلکہ جیسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے ویسے ہی محفوظ کر لیا ہے اور اسی پر عمل کیا ہے، نہ اس میں کسی طرح کا اضافہ کیا ہے اور نہ کمی کی ہے۔ ناسخ ہی کو محفوظ کیا ہے اور اسی پر عمل کیا ہے۔ اور منسوخ کو یاد رکھا ہے لیکن اسے اجتناب کیا ہے۔ خاص و عام اور محکم و متشابہ کو بھی پہچانتا ہے اور اسی کے مطابق عمل بھی کرتا ہے۔

6.3 حدیث کے دو رخ

نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی احادیث کے کچھ رخ ہوتے ہیں، ان کو بیان کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"وقد كان يكون من رسول الله صلى الله عليه وآله الكلام له وجهان: فكلام خاص وكلام عام، فيسمعه من لا يعرف ما عنى الله به ولا ما عنى رسول الله صلى الله عليه وآله، فيحمله السامع ويوجهه على غير معرفة بمعناه وما قصد به وما خرج من أجله۔ وليس كل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان يسأله ويستفهمه حتى أن كانوا ليحبون أن يجئ الاعرابي والطارئ فيسأله عليه السلام حتى يسمعوا۔ وكان

لا يمر بي من ذلك شئ إلا سألت عنه وحفظته. فهذه وجوه ما عليه الناس في اختلافهم وعللهم في رواياتهم۔"36

لیکن مشکل یہ ہے کہ کبھی کبھی رسول اکرم کے ارشادات کے دورخ ہوتے تھے۔ بعض کا تعلق خاص افراد سے ہوتا تھا اور بعض کلمات عام ہوتے تھے اور ان کلمات کو وہ شخص بھی سن لیتا تھا جسے یہ نہیں معلوم تھا کہ اللہ اور رسول کا مقصد کیا ہے اور اسے سن کر اس کی ایک توجیہ کر لیتا تھا بغیر اس نکتہ کا ادراک کئے ہوئے کہ اس کلام کا مفہوم اور مقصد کیا ہے اور یہ کس بنا پر صادر ہوا ہے۔ اور تمام اصحابِ رسولِ اکرم میں یہ ہمت بھی نہیں تھی کہ آپ سے سوال کر سکیں اور با قائدہ تحقیق کر سکیں بلکہ اس بات کا انتظار کیا کرتے تھے کہ کوئی صحرائی یا پردیسی آکر آپؐ سے سوال کرے تو وہ بھی سن لیں۔ یہ صرف میں تھا کہ میرے سامنے کوئی ایسی بات نہیں گزرتی تھی مگر یہ کہ میں دریافت بھی کر لیتا تھا اور محفوظ بھی کر لیتا تھا۔ یہ ہیں لوگوں کے درمیان اختلافات کے اسباب اور روایات میں تضاد کے عوامل و محرکات۔

رئیس احمد جعفری اس خطبہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"حدیث نبوی کی روایت و درایت کے سلسلہ میں، امیر المؤمنین نے اس سوال کے موقعہ پر جو کلمات ارشاد فرمائے در حقیقت بعد کے زمانے میں تمام ائمہ فن حدیث کے لیے وہ راہ نما ثابت ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ علم حدیث تمام تر انہیں اصولوں پر منضبط ہوا ہے جو امیر المؤمنین نے بیان فرمائے ہیں۔"37

اسی طرح اس خطبہ کی وضاحت میں علامہ ذیشان حیدر جوادی لکھتے ہیں:

"امام علیہ السلام کے انہیں بیانات کی روشنی میں علماء روایات حدیث کے قبول کرنے کے اصول مرتب کئے ہیں اور یہ طے کر دیا ہے کہ راوی منافق اور کاذب ہے تو اس کی روایت بہر حال قابل اعتبار نہیں ہے۔ اس کے بعد راوی میں صحیح محفوظ کرنے کی صلاحیت نہیں ہے، تو تنہا اس کی روایت بھی قابل اعتبار نہیں ہے۔ راوی ہر اعتبار سے معتبر ہے اور ناسخ و منسوخ سے بے خبر ہے تو اس کی روایت پر عمل کرنے کے لیے بھی دوسری روایات پر نظر کرنا ضروری ہے تاکہ اس کے ناسخ کو تلاش کیا جا سکے۔ راوی کے جامع الشرائط ہونے کے بعد روایت قابل اعتبار تو ہو جاتی ہے لیکن قابل عمل نہیں ہوتی جب تک کہ علم رجال سے گذر کر مفہوم حدیث کی بحثوں کی منزل سے نہ گذر جائے اور اس کے صحیح مفہوم کا تعین نہ کر لیا جائے۔"38

(7) تاریخ

عرب کی جاہلیت اور عالمی مذاہب کا پس منظر، مختلف قوموں کی تباہی کا عبرت ناک نقشہ، اسلام کے ابتدائی دن، اور چشم دید حالات، آنحضرت کی بعثت، اسلام کی اشاعت، لوگوں کا قبول اسلام، دشمنوں کا رنگ، فتوحات کے

نتائج، ہجرت اور اس میں اپنا بیان، مدنی زندگی، آنحضرتؐ کی وفات کا واقعہ، تجہیز و تکفین و دفن وغیرہ کا ذکر موجود ہے۔

7.1 بعثت سے پہلے عرب کے حالات

حضرت علی علیہ السلام بعثت سے پہلے عرب کے حالات اس طرح بیان کرتے ہیں:

إن الله بعث محمدا صلى الله عليه وسلم وآله نذيرا للعالمين . وأمينا على التنزيل . وأنتم معشر العرب على شر دين وفي شر دار . متنخون بين حجارة خشن وحيات صم تشربون الكدر وتأكلون الجشب وتسفكون دماءكم وتقطعون أرحامكم . الاصنام فيكم منصوبة والآثام بكم معصوبة۔"39

یقیناً اللہ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو عالمین کے لیے عذاب الہی سے ڈرانے والا اور اور تنزیل کا امانتدار بنا کر اس وقت بھیجا جب، تم گروہ عرب، بدترین دین کے مالک اور بدترین علاقہ کے رہنے والے تھے، ناہموار پتھروں اور زہریلے سانپوں کے درمیان بود و باش رکھتے تھے۔ گندہ پانی پیتے تھے اور غلیظ غذا استعمال کرتے تھے۔ آپس میں ایک دوسرے کا خون بہاتے تھے اور قرابتداروں سے بے تعلقی رکھتے تھے۔ بت تمہارے درمیان نصب تھے اور گناہ تمہیں گھیرے ہوئے تھے۔

(8) سیرت النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

نہج البلاغہ میں آنحضرت کے اخلاف و عادات، سیرت و سنت پر والہانہ انداز میں روشنی ملتی ہے، امیر المؤمنین نے آنحضرت کے رحم و کرم، جود و سخاوت، امانت و مجاہدت، استقامت و تبلیغ پر انتہائی وسیع بحث کی گئی ہے ۔اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضور اپنوں سے کس طرح ملتے تھے؟ دشمنوں سے کیسا سلوک کیا کرتے تھے؟ خدا کے سامنے کس طرح ہوتے تھے؟ اور امت کے ساتھ کیا انداز ہوتا تھا؟ وغیرہ کا ذکر موجود ہے۔

8.1 حضرت علی علیہ السلام نہج البلاغہ کے پہلے خطبہ میں سیرت رسول اللہ ﷺ کے متعلق اس طرح ارشاد فرماتے ہیں:

"الی ان بعث اللّٰہ سبحانہ محمدا رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ سلّم لانجاز عدّتہ، و اتمام النّوّتہ، مأخوذا علی النّبیّین میثاقہ، و مشھورۃ سماتہ، کریما میلادہ، و اھل الارضِ یومئذٍ ملل متفرقۃ، و اھواء منتشرۃ، و طرائق متشتّۃ بین مشبّہ اللّٰہ بخلقہ، او ملحد فی اسمہ او مشیر الیٰ غیرہ، فھداھم بہ من الضلالۃ، و انقذھم بمکانہ من الجھالۃ۔ ثمّ اختار سبحانہ لمحمد صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ سلّم لقائہ، و رضی لہ ما عندہ، و اکرمہ عن دار الدّنیا، و رغب بہ عن مقام البلوی، فقبضہ الیہ کریما صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ سلّم، و خلّف فیکم ما خلّفت الانبیاء فی اممھا، اذ لم یترکوھم ھملا، بغیر طریق و اضح، و لا علم قائم۔"40

یہاں تک کہ اللہ تعالی نے اپنے وعدے کو پورا کرنے اور اپنے نبوت کو مکمل کرنے کے لیے حضرت محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو بھیج دیا جن کے بارے میں انبیاء سے عہد لیا جاچکا تھا اور جن کی علامتیں مشہور اور ولادت مسعود و مبارک تھی۔ اس وقت اہل زمین متفرق مذاہب، منتشر خواہشات اور مختلف راستوں پر گامزن تھے۔ کوئی خدا کو مخلوقات کی شبیہ بتا رہا تھا۔ کوئی اس کے ناموں کو بگاڑ رہا تھا۔ اور کوئی دوسرے خدا کا اشارہ دے رہا تھا۔ مالک نے آپؐ کے ذریعے سب کو گمراہی سے ہدایت دے دی اور جہالت سے باہر نکال لیا۔ اس کے بعد اس نے آپ کی ملاقات کو پسند کیا اور انعامات سے نوازنے کے لیے اس دار دنیا کو بلند کر لیا۔ آپؐ کو مصائب سے نجات دلا دی اور نہایت احترام سے اپنی بارگاہ میں طلب کر لیا اور امت میں ویسا ہی انتظام کر دیا جیسا کہ دیگر انبیاء نے کیا تھا کہ انہوں نے بھی قوم کو لاوارث نہیں چھوڑا تھا جس کے لیے کوئی واضح راستہ اور مستحکم نشان نہ ہو۔

8.2 ایک اور مقام پر حضرت علی علیہ السلام ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفی صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سیرت کا ذکر اس طرح بیان کرتے ہیں:

"ولقد کان رسول االله صلّی اللّٰہ علیه و آله وسلّم یأکل علی الارضِ ، و یجلِس جِلسةَ العبد، ویخصفُ یدہٖ نعلهٗ، ویرقعُ بیدہٖ ثوبهٗ، ویرکبُ الحمارَ العاریَ، ویردفُ خلفهٗ، فاعرضَ عن الدُّنیا بقلبہٖ، و امات ذکرها من نفسِہٖ، و احبَّ ان تغیبَ زینتها عن عینہٖ، لکیلا یتَّخذَ منها ریاشاً ولا یعتقدها قراراً، ولا یرجو فیها مقاماً، فأَخرجَها من النّفسِ، و اشخصَها عن القلبِ، وغیَّبها عن النظر۔"41

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہمیشہ زمین پر بیٹھ کر کھانا کھایا کرتے تھے۔ غلاموں کے انداز سے بیٹھا کرتے تھے۔ اپنے ہاتھ سے اپنی جوتیاں ٹانکتے تھے۔ اپنے دست مبارک سے اپنے کپڑوں کو پیوند لگاتے تھے۔ بے پالان سواری پر سوار ہوتے تھے، اور کسی کو ساتھ بٹھا بھی لیا کرتے تھے۔ آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے دنیا سے دل سے کنارہ کشی فرمائی اور اس کی یاد کو اپنی دل سے محو کر دیا اور یہ چاہا کہ اس کی زینت نگاہوں سے دور رہے تاکہ نہ بہترین لباس بنائیں اور نہ اسے اپنے دل میں جگہ دیں اور نہ اس دنیا میں کسی مقام کی آرزو کریں۔ آپ نے دنیا کو نفس سے نکال دیا اور دل سے دور کر دیا اور نگاہوں سے بھی غائب کر دیا۔

(9) سیاسیات و اقتصادیات

اسلامی سیاست کے اصول، مسلمان فرمانروا کے لیئے قوانین و اصول زندگی، اسلامی مملکت کے دستور کی مدح، مسلمانوں کا مسلمانوں سے اور غیر مسلمانوں سے برتاؤ، حدود و احکام، عدالت، دربار، اطلاعات، تجارت، فوج، حکام، امراء، غرباء، اور دوسرے طبقاتی تعلقات کی نوعیت، مالیات، تحصیل وصول اور اس کی تقسیم میں احتیاط وغیرہ کا ذکر موجود ہے۔

9.1 وجوب حکومت

حضرت علی علیہ السلام نے جب خوارج کا قول لاحکم الّاللہ سنا تو ان کے جواب میں ارشاد فرمایا:

"کلمۃ حق یراد بھا الباطل نعم انّہ لا حکم الّا اللہ و لکن ھؤ لآءیقولون لا امرہ الّا اللہ و انّہ لابدّ للنّاس من امیر برّ او فاجر امّا الامرۃُ البرّۃُ فیعملُ فیھا التّقیّ امّا الامرۃُ الفاجِرۃُ فَیَتَمَتّعُ فیھا الشّقیُّ الیٰ ان تنقطِعَ مُدّتُہٗ و تُدرِکَہٗ مَنِیّتُہٗ۔"42

یہ جملہ تو صحیح ہے مگر جو مطلب وہ لیتے ہیں وہ غلط ہے۔ ہاں بے شک حکم اللہ ہی کے لیے مخصوص ہے۔ مگر یہ لوگ تو یہ کہنا چاہتے ہیں کہ حکومت بھی اللہ کے علاوہ کسی کی نہیں ہو سکتی۔ حالانکہ لوگوں کے لیے ایک حاکم کا ہونا ضروری خواہ وہ اچھا ہو یا برا ہو۔ اگر حکومت نیک اور صالح ہو گی تو اس میں متقی وپرہیز گار انسان اچھے اعمال کرتا ہے ۔اگر حکومت فاجر ہو گی تو اس میں بدبخت لوگ جی بھر کر لطف اندوز ہوتے ہیں یہاں تک کہ ان کا زمانہ ختم ہو جائے اور موت انہیں پالے۔

اس خطبے میں امام علی علیہ السلام اس اہم نکتے کی طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ امارت و حکومت کے درمیان کیا فرق ہے ؟ حاکمیت مطلقہ تو صرف اللہ تعالی کے لیے ہے قانون اور اس کا نفاذ، امر و نہی اور معاشرے کی کلی سیاست کی تشکیل دراصل اللہ کی رضا اور اس کے حکم سے ہونی چاہیے لیکن امارت جو سربراہی، رہبری اور سرپرستی کے سوا کچھ نہیں۔ یہ ایسی چیز ہے جو اللہ کے بندوں کے سپرد کی گئی ہے اور کوئی معاشرہ اس سے بے نیاز نہیں ہے۔ بہر حال اگر معاشرہ صالح ہو گا تو صالح اور صحیح حاکمیت کو قبول کرے گا، اور اگر غیر صالح ہو گا اور رہبری کی تشخیص اس میں نہ ہو گی تو یہی امر، ظالم اور غیر صالح افراد کے تسلط کا باعث بن جائے گا۔ بہر حال حضرت علی علیہ السلام کے نظریہ کی روشنی میں بنیادی طور پر حاکمیت ورہبری کی ضرورت سے کسی طرح بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔ پس کوئی بھی معاشرہ بغیر رہبر اور حاکم کے اپنا وجود برقرار نہیں رکھ سکتا۔ چاہے وہ صالح اور قانونی ہو یا غیر صالح اور غیر قانونی ہو۔ کیونکہ اسی حاکم کے ذریعے امن اور امان قائم رہتا ہے، عدل اور انصاف قائم ہوتا ہے، ہر شخص کو اپنا حق ملتا ہے اور ہر ایک کو عمل کی آزادی ملتی ہے چاہے وہ مؤمن ہو یا شقی اور بدبخت ہو یا کافر ہو۔ کیونکہ اگر کوئی بھی حاکم نہ ہو تو اس وقت فتنہ اور فساد بڑھ جائے گا اور معاشرے کا امن اور امان تباہ و برباد ہو جائے گا لہٰذا ہر صورت میں ایک حاکم کا ہونا ضروری ہے جو اس فتنہ اور فساد کو روک سکے۔

9.2 اموال کی اقسام اور طریقہ تقسیم

حضرت علی علیہ السلام اموال کے اقسام کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں :

"انّ ھٰذا القرآن انزل علی النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ و سلّم و الاموالُ اربعۃٌ: اموال المسلمین فقسّمھا بین الورثۃ فی الفرائض و الفیء فقسّمہ علی مستحقیہ و الخمس فوضعہ اللّٰہ حیث وضعہ و الصدقات فجعلہ اللّٰہ حیث جعلھا۔" 43

جب قرآن نبی صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر نازل ہوا تو اس وقت چار قسم کے اموال تھے۔ ایک مسلمانوں کا ذاتی مال تھا، اسے آپ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے ان کے وارثوں میں ان کے حصہ کے مطابق تقسیم کیا دوسرا مال فئَ تھا اسے اس کے مستحقین پر تقسیم کیا اور تیسرا مال خمس کا تھا اس مال کے اللہ تعالی نے خاص مصارف مقرر کر دیئے ہیں اور چوتھا صدقات کا مال تھا، انہیں اللہ نے وہاں صرف کرنے کا حکم دیا جو ان کا مصرف ہے۔

9.3 زمین کی آبادکاری

اقتصادیات کا ایک ذریعہ زمین کی آبادکاری ہے، جس کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

"و لیکن نظرک فی عمارۃ الارض ابلغ من نظرک فی استجلاب الخراج لانّ ذالک لا یدرک الّا بالعمارۃ و من طلب الخراج بغیر عمارۃ اخرب البلاد و اھلک العباد و لم یستقم امرہ الّا قلیلاً۔" 44

اور خراج کی جمع آوری سے زیادہ زمین کی آبادی کا خیال رکھنا کیونکہ کہ خراج بھی تو زمین ہی کی آبادکاری سے حاصل ہوتا ہے۔ اور جو آباد کئے بغیر خراج چاہتا ہے وہ ملک کی بربادی اور بندگانِ خدا کی تباہی کا سامان کرتا ہے اس کی حکومت تھوڑے دنوں سے زیادہ نہیں رہ سکتی۔

9.4 تجارت و صنعت

ایک اور ذریعہ تجارت اور صنعت ہے جس کے متعلق آپ علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"ثم استوص بالتجار و ذوی الصناعات و اوص بھم خیرا: المقیمُ منھم و المضطرب بمالہ و المترفِّق ببدنہٖ فاِنّھم موادّ المنافعِ و اسباب المرافق و جلّابھا من المباعد و المطارح، فی بَرِّک و بحرک و سھلک و جبلک و حیث لا یلتئم النّاسُ بمواضعھا و لا یجترئون علیھا فاِنّھم سلم لا تخاف بائقتہٗ و صلح لا تخشی غائلتہ و تفقد امورھم بحضرتک و فی حواشی بلادک۔" 45

پھر تمہیں تاجروں اور صنعت گروں کے خیال رکھنے کی اور ان کے ساتھ اچھے برتاؤ کی ہدایت کی جاتی ہے اور تمہیں دوسروں کو ان کے متعلق ہدایت کرنا ہے: خواہ وہ ایک جگہ رہ کر بیوپار کرنے والے ہوں، یا پھیری لگا کر بیچنے والے ہوں یا جسمانی مشقت سے کمانے والے ہوں، کیونکہ یہی لوگ منافع کا سرچشمہ اور ضروریات کے پورا کرنے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ان ضروریات کو خشکیوں، تریوں، میدانی علاقوں اور پہاڑوں ایسے دور افتادہ مقامات سے درآمد کرتے ہیں اور ایسی جگہوں سے جہاں لوگ پہنچ نہیں سکتے اور نہ وہاں جانے کی ہمت کر سکتے ہیں۔ بے شک یہ

لوگ امن پسند اور صلح جو ہوتے ہیں، ان سے کسی شورش کا اندیشہ نہیں ہوتا۔ یہ لوگ تمہارے سامنے ہوں یا جہاں جہاں دوسرے شہروں میں پھیلے ہوئے ہوں تم ان کی خبر گیری کرتے رہنا۔

9.5 بیت المال کی تقسیم

حضرت علی علیہ السلام بیت المال کی تقسیم کے بارے میں ایک عامل زکوٰۃ کو لکھتے ہیں:

"و انّ لک فی ھٰذہ الصدقۃ نصیباً مفروضاً و حقّاً معلوماً و شرکاء اھل مسکنۃٍ و ضعفآء ذوی فاقۃٍ و انا موفّوک حقّک فوفّھم حقوقھم ، و الاّ تفعل فِانّک من اکثر النأاس خصوماً یوم القیامۃِ ، و بؤوساً لمن خصمہٗ عنداللہ الفقرآء و المساکین و السّائلون و لمرفوعون و الغارم و ابن السبیل۔" 46

بے شک اس زکوٰۃ میں تمہارا بھی معین حصہ اور جانا پہچانا حق ہے۔ اور اس میں بیچارے مسکین اور فاقہ کش لوگ بھی تمہارے شریک ہیں، اور ہم تمہارا حق پورا پورا ادا کرتے ہیں، تو تم بھی ان کا حق پورا پورا ادا کرو۔ اگر تو نے حق ادا نہ کیا تو یاد رکھو کہ روزِ قیامت تمہارے ہی دشمن سب سے زیادہ ہوں گے، وائے وبد بختی اس شخص کی جس کے خلاف اللہ کے حضور فریق بن کر کھڑے ہونے والے فقیر، نادار، سائل، دھتکارے ہوئے لوگ، قرضدار اور مسافر ہوں۔

(10) وعظ و نصیحت

امیر المؤمنینؑ کے مواعظ سراپا خلوص، سراپا قرآن، سراپا تقویٰ، صداقت و عبدیت تھے۔ اس دل کی آواز جو کبھی یادِ خدا سے غافل نہ رہا ہو، وہ زبان جو تلاوت قرآن سے کبھی نہ رکی ہو، وہ زبان جو کبھی کذب سے آشنا نہ ہوا ہو، ظاہر ہے کس درجہ اثر انگیز وعظ کہہ سکتا ہے۔ درحقیقت امیر المؤمنین علیہ السلام نے جس انداز میں انسانی ضمیر کو جھنجھوڑا، تقویٰ اور عمل صالح کی دعوت دی، وہ آج تک بے نظیر ہے۔ انہوں نے جنت و جہنم، مؤمن و کافر، عامل و بے عمل اور عالم و جاہل کی متحرک و اثر انگیز تصویر کھینچی ہے۔

10.1 دنیا کی حالت

حضرت علی علیہ السلام لوگوں کی دنیا کی کفیت و حالت سے آگاہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

دار للبلاء محفوظۃ ، و بالغدر معروفۃ ، لا تدوم احوالھا ، و لا یسلم نزالھا احوال مختلفۃ ، و تارات متصرفۃ ، العیش فیھا مذموم ، و الامان منھا معدوم و انما اھلھا فیھا اعراض مستھدفۃ ترمیھم بسھامھا و تفنیھم بحمامھا۔ 47

یہ ایک ایسا گھر ہے جو بلاؤں میں گھرا ہوا ہے اور اپنی غداری میں مشہور ہے نہ اس کے حالات کو دوام ہے اور نہ اس میں نازل ہونے والوں کے لیے سلامتی ہے۔ اس کے حالات مختلف اور اس کے اطوار بدلنے والے ہیں۔ اس

میں پر کیف زندگی قابل مذمت ہے اور اس میں امن وامان کا دور دور پتہ نہیں ہے۔اس کے باشندے وہ نشانے ہیں جن پر دنیا اپنے تیر چلاتی رہتی ہے اور اپنی مدت کے سہارے انہیں فنا کے گھاٹ اتارتی رہتی ہے۔

10.2 عمل صالح کی ترغیب

حضرت علی علیہ السلام عمل صالح کی ترغیب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں

"رحم الله امرأ سمع حكما فوعى. ودعي إلى رشاد فدنا وأخذ بحجزة هاد فنجا. راقب ربه. وخاف ذنبه. قدم خالصا وعمل صالحا. اكتسب مذخورا. واجتنب محذورا. رمى غرضا وأحرز عوضا كابر هواه. وكذب مناه. جعل الصبر مطية نجاته والتقوى عدة وفاته. ركب الطريقة الغراء، ولزم المحجة البيضاء. إغتنم المهل وبادر الاجل وتزود من العمل۔"48

خدا رحمت نازل کرے اس بندہ پر جو کسی حکمت کو سنے تو محفوظ کر لے اور اسے کسی ہدایت کی دعوت دی جائے تو اس سے قریب تر ہو جائے اور کسی راہنما سے وابستہ ہو جائے تو نجات حاصل کر لے۔ اپنے پروردگار کو ہر وقت نظر میں رکھے اور گناہوں سے ڈرتا رہے۔ خالص اعمال کو آگے بڑھائے اور نیک اعمال کرتا رہے۔ قابل ذخیرہ ثواب حاصل کرے۔ قابل پرہیز چیزوں سے اجتناب کرے۔ مقصد کو نگاہوں میں رکھے، اجر سمیٹ لے، خواہشات پر غالب آجائے اور تمناؤں کو جھٹلائے، صبر کو نجات کا مرکب بنالے اور تقویٰ کو وفات کا ذخیرہ قرار دے لے، روشن راستہ پر چلے اور واضح شاہراہ کو اختیار کر لے، مہلت حیات کو غنیمت قرار دے اور موت کی طرف خود سبقت کرے اور عمل کا زادراہ لے آگے بڑھے۔

10.3 قلت تعداد سے نہ گھبرانہ

لوگوں کو حق قائم رہنے کی تاکید کرتے ہیں اور انہیں قلت تعداد سے نہ گھبرانے کی ہدایت کرتے ہوئے اس طرح ارشاد فرماتے ہیں :

"أيها الناس لا تستوحشوا في طريق الهدى لقلة أهله، فإن الناس قد اجتمعوا على مائدة شبعها قصير، وجوعها طويل۔"49

اے لوگو! دیکھو ہدایت کے راستہ پر چلنے والوں کی قلت کی بنا پر چلنے سے نہ گھبراؤ کہ لوگوں نے ایک ایسے دستر خوان پر اجتماع کر لیا ہے جس میں سیر ہونے کی مدت بہت کم ہے اور بھوک کی مدت بہت طویل ہے۔

10.4 گناہ سے نہ روکنے والے بھی گناہ میں برابر کے شریک ہیں

حضرت علی علیہ السلام لوگوں کو ہدایت کرتے ہیں کہ جو شخص گناہ اور ظلم پر راضی رہتا ہے وہ اسی گناہ اور ظلم میں برابر کا شریک ہے :

"أيها الناس إنما يجمع الناس الرضاء والسخط. وإنما عقر ناقة ثمود رجل واحد فعمهم الله بالعذاب لما عموه بالرضا فقال سبحانه : " فعقروها فأصبحوا نادمين " فما كان إلا أن خارت أرضهم بالخسفة خوار السكة المحماة في الارض الخوارة۔"50

اے لوگو! یاد رکھو کہ رضامندی اور ناراضگی ہی سارے انسانوں کو ایک نقطہ پر جمع کر دیتی ہے۔ ناقہ صالح کے پیر ایک انسان نے کاٹے تھے لیکن اللہ نے عذاب سب پر نازل کر دیا کہ باقی لوگ اس کے عمل سے راضی تھے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمادیا ہے کہ ان لوگوں نے ناقہ کے پیر کاٹ ڈالے اور آخر میں ندامت کا شکار ہو گئے تھے۔ ان کا عذاب یہ تھا کہ زمین جھٹکے سے گھڑ گھڑانے لگی جس طرح کہ نرم زمین میں لوہے کی تپتی ہوئی پھالی چلائی جاتی ہے۔

10.5 واضح راستہ پر چلنے والا

لوگوں کو واضح راستے پر چلنے کی اور غلط راستے سے روکنے کی تاکید کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"أيها الناس من سلك الطريق الواضح ورد الماء، ومن خالف وقع في التية۔"51

اے لوگو! دیکھو جو روشن راستے پر چلتا ہے وہ سرچشمہ تک پہنچ جاتا ہے اور جو اس کے خلاف کرتا ہے وہ گمراہی میں پڑ جاتا ہے۔

10.6 دنیا سے عبرت حاصل کرنے اور آخرت کی فکر کرنے کی ہدایت

حضرت علی علیہ السلام لوگوں کو دنیا سے عبرت حاصل کرنے اور آخرت کی فکر کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"أيها الناس إنما الدنيا دار مجاز والآخرة دار قرار، فخذوا من ممركم لمقركم۔ ولا تهتكوا أستاركم عند من يعلم أسراركم۔ وأخرجوا من الدنيا قلوبكم من قبل أن تخرج منها أبدانكم۔ ففيها اختبرتم ، ولغيرها خلقتم۔ إن المرء إذا هلك قال الناس ما ترك وقالت الملائكة ما قدم۔ لله آباؤكم فقدموا بعضا يكن لكم قرضا ولا تخلفوا كلا فيكون عليكم۔"52

اے لوگو! یہ دنیا ایک گذر گاہ ہے، اور آخرت قرار کی منزل اور گھر ہے، لہٰذا اس گذر گاہ سے وہاں کا سامان آگے لے کر بڑھو اور اس کے سامنے اپنے پردہ راز کو چاک مت کرو جو تمہارے اسرار سے باخبر ہے۔ دنیا سے اپنے دلوں کو باہر نکال لو قبل اس کے کہ تمہارے بدن کو یہاں سے نکالا جائے۔ یہاں صرف تمہارا امتحان لیا جا رہا ہے ورنہ تمہاری خلقت کسی اور جگہ کے لیے ہے۔ کوئی بھی شخص جب مرتا ہے تو ادھر والے یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا چھوڑ کر گیا ہے اور ادھر کے فرشتے یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا لے کر آیا ہے؟ اللہ تمہارا بھلا کرے کچھ وہاں بھیج دو، جو

مالک کے پاس تمہارے قرضہ کے طور پر رہے گا اور سب یہیں چھوڑ کر مت جاؤ کہ تمہارے ذمہ ایک بوجھ بن جائے۔

10.7 آخرت کی تلقین

آخرت کی تیاری کے بارے حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد ہے:

"تجهزوا رحمكم الله فقد نودي فيكم بالرحيل۔ وأقلوا العرجة على الدنيا۔ وانقلبوا بصالح ما بحضرتكم من الزاد فإن أمامكم عقبة كؤودا، ومنازل مخوفة مهولة لابد من الورود عليها والوقوف عندها۔ واعلموا أن ملاحظ المنية نحوكم دانية۔ وكأنكم بمخالبها وقد نشبت فيكم، وقد دهمتكم فيها مفظعات الامور ومعضلات المحذور۔ فقطعوا علائق الدنيا، واستظهروا بزاد التقوى۔" 53

اللہ تم پر رحم کرے تیار ہو جاؤ کہ تمہیں کوچ کرنے کے لیے پکارا جا چکا ہے اور خبردار دنیا کی طرف زیادہ توجہ مت کرو، جو بہترین زادراہ تمہارے سامنے ہے اسے لے کر مالک کی بارگاہ کی طرف پلٹ جاؤ کہ تمہارے سامنے ایک بڑی دشوار گذار گھاٹی ہے۔ چند خطرناک اور خوفناک منزلیں ہیں جن پر بہرحال وارد ہونا ہے اور وہیں ٹھہرنا بھی ہے اور یہ یاد رکھو کہ موت کی نگاہیں تم سے قریب تر ہو چکی ہیں اور تم اس کے پنجوں میں آچکے ہو، جو تمہارے اندر گڑائے جا چکے ہیں۔ موت کے شدید ترین مسائل اور دشوار ترین مشکلات تم پر چھا چکے ہیں، اب دنیا کے تعلقات کو ختم کرو اور آخرت کے زادراہ تقویٰ کے ذریعے اپنی طاقت کا انتظام کرو۔

(11) مشاہدات وفلسفہ وسائنس

نہج البلاغہ میں متعدد ایسے خطبات موجود ہیں جن میں قرآن کی طرح آفاق وانفس، تخلیق وتکوین پر غور و فکر کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ پھر آسمان وزمین کے محسوس ونامحسوس مخلوقات کے بارے میں اجزاء اور تشریح، صورت وحقیقت پر باریک سے باریک مسائل پر توجہ دلائی ہے، آسمان کیا ہے؟ فرشتہ کیا ہے؟ چیونٹی کیا ہے؟ پانی کیا ہے؟ پہاڑ کیا ہے؟ وغیرہ کے بارے میں امام علیہ السلام نے بیان کیا ہے۔ جس کی چند مثالیں درج ذیل پیش کی جارہی ہیں:

11.1 خلقت کائنات

آپ علیہ السلام نے خلقت کائنات کے متعلق ارشاد فرمایا:

"وكان من اقتدار جبروته وبديع لطائف صنعته أن جعل من ماء البحر الزاخر المتراكم المتقاصف يبسا جامدا۔ ثم فطر منه أطباقا ففتقها سبع سموات بعد ارتتاقها فاستمسك بأمره ، وقامت على حده۔ وأرسى أرضا يحملها الاخضر المثعنجر والقمقام المسخر قد ذل لامره، وأذعن لهيبته، ووقف الجاري منه لخشيته۔ وجبل جلاميدها ونشوز متونها وأطوادها فأرساها في مراسيها۔ وألزمها قرارتها فمضت رؤوسها

في الهواء، ورست أصولها في الماء۔ فأنهد جبالها عن سهولها، وأساخ قواعدها في متون أقطارها ومواضع أنصابها۔ فأشهق قلالها، وأطال أنشازها۔ وجعلها للارض عمادا، وأرزها فيها أوتادا فسكنت على حركتها من أن تميد بأهلها أو تسيخ بحملها أو تزول عن مواضعها ۔ فسبحان من أمسكها بعد موجان مياهها، وأجمدها بعد رطوبة أكنافها. فجعلها لخلقه مهادا، وبسطها لهم فراشا فوق بحر لجي راكد لا يجري، وقائم لا يسري. تكركره الرياح العواصف۔ وتمخضه الغمام الذوارف، إن في ذلك لعبرة لمن يخشى۔ "54

یہ پروردگار کے اقتدار کی طاقت اور اس کی صناعی کی حیرت انگیز لطافت ہے کہ اس نے گہرے اور متلاطم سمندر میں ایک خشک اور ٹھوس زمین کو پیدا کر دیا۔ اور پھر بخارات کے طبقات بنا کر انہیں شگافتہ کر کے سات آسمانوں کی شکل دے دی جو اس کے امر سے ٹھہرے ہوئے ہیں اپنی حدوں پر قائم ہیں۔ پھر زمین کو یوں گاڑ دیا کہ اسے سبز رنگ کا گہرا سمندر اٹھائے ہوئے ہے، جو قانون الہی کے آگے مسخر ہے۔ اس کے امر کا تابع ہے اور اس کی ہیبت کے سامنے سرنگوں ہے اور اس کے خوف سے اس کا بہاؤ تھما ہوا ہے۔ پھر پتھروں، ٹیلوں اور پہاڑوں کو خلق کر کے انہیں اپنی جگہوں پر گاڑ دیا اور ان کی منزلوں پر مستقر کر دیا کہ اب ان کی بلندیاں فضاؤں سے گذر گئی ہیں اور ان کی جڑیں پانی کے اندر راسخ ہیں۔ ان کے پہاڑوں کو ان کی ہموار زمین سے اونچا کیا اور ان کے ستونوں کو اطراف کے پھیلاؤ اور مراکز کے ٹھہراؤ میں نصب کر دیا۔ اب ان کی چوٹیاں بلند ہیں اور ان کی بلندیاں طویل ترین ہیں۔ انہیں پہاڑوں کو زمین کا ستون قرار دیا ہے اور انہیں کو کیل بنا کر گاڑ دیا ہے، جن کی وجہ سے زمین حرکت کے بعد ساکن ہو گئی اور نہ اہل زمین کو لے کر کسی طرف جھک سکی اور نہ ان کے بوجھ سے دھنس سکی اور نہ اپنی جگہ سے ہٹ سکی۔ پاک و بے نیاز ہے وہ مالک جس نے پانی کے تموج کے باوجود اسے روک رکھا ہے اور اطراف کی تری کے باجود اسے خشک بنا رکھا ہے اور پھر اسے اپنی مخلوقات کے لیے گہوارہ اور فرش کی حیثیت دے دی ہے۔ اس گہرے سمندر کے اوپر جو ٹھہرا ہوا ہے اور بہتا نہیں ہے اور ایک مقام پر قائم ہے کسی طرف جاتا نہیں حالانکہ اسے تیز و تند ہوائیں حرکت دے رہی ہیں اور برسنے والے بادل اسے متھ کر اس سے پانی کھینچتے رہے ہیں۔ ان تمام باتوں میں عبرت کا سامان ہے ان لوگوں کے لیے جن کے اندر خوف خدا پایا جاتا ہے۔

11.2 خلق کائنات میں غور و فکر کی دعوت

اسی طرح ایک اور خطبہ میں خلقت کائنات میں غور و فکر کرنے کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

"وكذلك السماء والهواء والرياح والماء۔ فانظر إلى الشمس والقمر والنبات والشجر والماء والحجر واختلاف هذا الليل والنهار، وتفجر هذه البحار، وكثرة هذه الجبال، وطول هذه القلال وتفرق هذه اللغات، والالسن المختلفات۔ فالويل لمن جحد المقدر وأنكر المدبر۔ زعموا أنهم كالنبات ما لهم زارع، ولا لاختلاف صورهم صانع۔ ولم يلجأوا إلى حجة فيما ادعوا، ولا تحقيق لما أوعوا۔ وهل يكون بناء من غير بان، أو جناية من غير جان۔ "55

یہی حال آسمان اور فضا کا ہے، ہوا اور پانی کا ہے۔ چاہو تو شمس و قمر کو دیکھو، یا نباتات اور و شجر کو، پانی اور پتھر پر نگاہ کرو، یا شب و روز کی آمد و رفت پر غور فکر کرو، دریائوں کے بہاؤ کو دیکھو، یا پہاڑوں کی کثرت اور چوٹیوں کے طول و ارتفاع کو، لغات کے اختلاف اور زبانوں کے افتراک کو دیکھو، سب اس کی قدرت کاملہ کے بہترین دلائل ہیں۔ حیف ہے ان لوگوں پر جنہوں نے تقدیر ساز کا انکار کیا ہے اور تدبیر کرنے والے سے مکر گئے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ سب گھاس پھوس کی طرح ہیں کہ بغیر کھیتی کے اگ آئے ہیں اور بغیر صانع کے مختلف شکلیں اختیار کرلی ہیں۔ حالانکہ انہوں نے اس دعوی میں نہ کسی دلیل کا سہارا لیا ہے اور نہ اپنے عقائد کی کوئی تحقیق کی ہے۔ ورنہ یہ سمجھ لیتے کہ بغیر بانی کے کوئی عمارت ہو سکتی ہے او نہ ہی مجرم کے کوئی جرم ہو سکتا ہے۔

11.3 چیونٹی کی خلقت

حضرت علی علیہ السلام چیونٹی کی خلقت میں غور فکر کی دعوت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"انظروا إلى النملة في صغر جثتها و لطافة هيئتها، لا تكاد تنال بلحظ البصر، و لا بمستدرك الفكر، كيف دبت على أرضها، و صبت على رزقها، تنقل الحبة إلى جحرها، و تعدها في مستقرها۔ تجمع في حرها لبردها، و في ورودها لصدرها مكفولة برزقها مرزوقة بوفقها۔ لا يغفلها المنان، و لا يحرمها الديان و لو في الصفا اليابس و الحجر الجامس و لو فكرت في مجاري أكلها في علوها و سفلها و ما في الجوف من شراسيف بطنها و ما في الرأس من عينها و أذنها لقضيت من خلقها عجبا، و لقيت من وصفها تعبا۔ فتعالى الذي أقامها على قوائمها، و بناها على دعائمها، لم يشركه في فطرتها فاطر، و لم يعنه في خلقها قادر۔ و لو ضربت في مذاهب فكرك لتبلغ غاياته، ما دلتك الدلالة إلا على أن فاطر النملة هو فاطر النخلة، لدقيق تفصيل كل شئ، و غامض اختلاف كل حي، و ما الجليل و اللطيف و الثقيل و الخفيف و القوي و الضعيف في خلقه إلا سواء۔"56

ذرا اس چیونٹی کے چھوٹے سے جسم اور اس کی لطیف ہیئت کی طرف نظر کرو جس کا گوشہ چشم سے دیکھنا مشکل ہے اور فکروں کی گرفت میں آنا بھی دشوار ہے۔ کس طرح زمین پر رینگتی ہے اور کس طرح اپنے رزق کی طرف لپکتی ہے۔ دانہ کو اپنے سوراخ کی طرف لے جاتی ہے اور پھر وہاں مرکز پر محفوظ کر دیتی ہے۔ گرمی میں سردی کا انظام کرتی ہے اور توانائی کے دور میں کمزوری کے زمانہ کا بندوبست کرتی ہے۔ اس کے رزق کی کفالت کی جاچکی ہے اور اسی کے مطابق اسے برابر رزق مل رہا ہے۔ نہ احسان کرنے والا خدا اسے نظر انداز کرتا ہے اور نہ صاحب جزا و عطا اسے محروم رکھتا ہے چاہے وہ خشک پتھر کے اندر ہو یا جمے ہوئے سنگ خار کے اندر ہو۔ اگر تم اس کی غذا کو پست و بلند نالیوں اور اس کے جسم کے اندر شکم کی طرف جھکے ہوئے پسلیوں کے کناریوں اور سر میں جگہ پانے والے آنکھ اور کان کو دیکھوگے تو تمہیں واقعاً اس کی تخلیق پر تعجب ہو گا اور اس کی توصیف سے عاجز ہو جاؤگے۔ بلند و برتر ہے وہ خدا

جس نے اسے اس کے جسم کو اس کے پیروں پر قائم کیا ہے اور اس کی تعمیر انہیں ستونوں پر کھڑی کی ہے۔ نہ اس کی فطرت میں کسی خالق نے حصہ لیا ہے اور نہ اس کی تخلیق میں کسی قادر نے کوئی مدد کی ہے اور اگر تم فکر کے تمام راستوں کو طے کر کے اس کی انتہا تک پہنچنا چاہو گے تو ایک ہی نتیجہ حاصل ہو گا کہ جو چیونٹی کا خالق ہے وہی درخت خرما کا بھی پروردگار ہے۔ اس لیے کہ ہر ایک تخلیق میں یہی باریکی ہے اور ہر جاندار کا دوسرے سے نہایت درجہ باریک ہی اختلاف ہے۔ اس کی بارگاہ میں عظیم ولطیف، ثقیل وخفیف، قوی وضعیف سب ایک ہی جیسے ہیں۔

11.4 درخت

اسی طرح ایک مکتوب میں آپ علیہ السلام درختوں اور پودوں کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں :

"الا و ان الشجرة البرية اصلب عودا، و الروائع الخضرة ارق جلودا، و النباتات البدوية اقوى وقودا، و ابطا خمودا۔"57

یاد رکھو کہ ! جنگل کے درخت کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور تر و تازہ پیڑوں کی چھال کمزور اور پتلی ہوتی ہے۔ سحرائی جھاڑیوں کا ایندھن زیادہ بھڑکتا ہے اور دیر میں بجھتا ہے۔

11.5 مختلف اقسام کی تخلیق میں غور و فکر کی دعوت

حضرت علی علیہ السلام لوگوں کو تخلیق کائنات میں غور و فکر کی دعوت دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"ابتدعهم خلقا عجيبا من حيوان و موات، و ساكن و ذي حركات۔ فأقام من شواهد البينات على لطيف صنعته و عظيم قدرته ما انقادت له العقول معترفة به و مسلمة له ۔ و نعقت في أسماعنا دلائله على وحدانيته، وما ذرأ من مختلف صور الاطيار التي أسكنها أخاديد الارض و خروق فجاجها ، و رواسي أعلامها۔ من ذات أجنحة مختلفة ، و هيئات متباينة ، مصرفة في زمان التسخير و مرفرفة بأجنحتها في مخارق الجو المنفسح ، و الفضاء المنفرج۔ كونها بعد أن لم تكن في عجائب صور ظاهرة ، و ركبها في حقاق مفاصل محتجبة۔ و منع بعضها بعبالة خلقة أن يسمو في السماء خفوفا ، و جعله يدف دفيفا۔ و نسقها على اختلافها في الاصابيغ بلطيف قدرته و دقيق صنعته۔ فمنها مغموس في قالب لون لا يشوبه غير لون ما غمس فيه۔ و منها مغموس في لون صبغ قد طوق بخلاف ما صبغ به۔"58

اللہ تعالی نے اپنی مخلوقات کو عجیب و غریب بنایا ہے چاہے وہ ذی حیات ہوں یا بے جان، ساکن ہوں یا متحرک، اور ان سب کے ذریعہ اپنی لطیف صنعت اور عظیم قدرت کے وہ شواہد قائم کر دیے ہیں، جن کے سامنے عقلیں بکمال اعتراف و تسلیم سر خم کیے ہوئے ہیں۔ اور پھر ہمارے کانوں میں اس کی وحدانیت کے دلائل ان مختلف صورتوں کے پرندوں کی تخلیق کی شکل میں گونج رہے ہیں، جنہیں زمین کے گڑھوں، دروں کے شگافوں، پہاڑوں کی بلندیوں پر آباد کیا ہے، جن کے پَر مختلف قسم کے اور جن کی ہیئت جدا گانہ انداز کی ہے اور انہیں تسخیر کی زمام کے

ذریعے حرکت دی جارہی ہے۔ اور وہ اپنے پروں کو وسیع فضا کے راستوں اور کشادہ ہوا کی وسعتوں میں پھڑ پھڑا رہے ہیں۔ انہیں عالم عدم سے نکال کر عجیب وغریب ظاہری صورتوں میں پیدا کیا ہے اور گوشت و پوست میں ڈھکے ہوئے جوڑوں کے سروں سے ان کے جسموں کی ساخت قائم کی ہے۔ بعض کو ان کے جسم کی سنگینی نے ہوا میں بلند ہو کر تیز پرواز سے روک دیا ہے اور وہ صرف ذرا اونچے ہو کر پرواز کر رہے ہیں۔ اور پھر اپنی لطیف قدرت اور دقیق صنعت کے ذریعہ انہیں مختلف رنگوں کے ساتھ منظم و مرتب کیا ہے کہ بعض ایک ہی رنگ میں ڈوبے ہوئے ہیں کہ دوسرے رنگ کا شائبہ بھی نہیں ہے اور بعض ایک رنگ میں رنگے ہوئے ہیں لیکن ان کے گلے کا طوق دوسرے رنگ کا ہے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر حضرت علی علیہ السلام مور کی عجیب وغریب خلق کا تفصیلی ذکر کرنے کے بعد اس کے متعلق فرمایا ہے:

"فسبحان الذي بهر العقول عن وصف خلق جلاه للعيون فأدركته محدودا مكونا، ومؤلفا ملونا۔ وأعجز الالسن عن تلخيص صفته، وقعد بها عن تأدية نعته۔"59

پاک و بے نیاز ہے وہ مالک جس نے عقلوں کو متحیر کر دیا ہے، اس ایک مخلوق کی توصیف سے، جسے نگاہوں نے اسے محدود اور مرتب و مرکب ملون شکل میں دیکھ لیا ہے اور پھر زبانوں کو بھی اس کی صفت کا خلاصہ بیان کرنے اور اس کی تعریف کا حق ادا کرنے سے عاجز کر دیا ہے۔

مزید فرماتے ہیں:

"وسبحان من أدمج قوائم الذرة والهمجة إلى ما فوقهما من خلق الحيتان والافيلة۔ ووأى على نفسه أن لا يضطرب شبح مما أولج فيه الروح إلا وجعل الحمام موعده، والفناء غايته۔"60

پاک و پاکیزہ ہے وہ ذات جس نے چیونٹی اور مچھر سے لیکر ان سے بڑی مچھلیوں اور ہاتھیوں تک کے پیروں کو مضبوط و مستحکم بنایا ہے۔ اور اپنے لیے لازم قرار دے لیا ہے کہ کوئی ذی روح ڈھانچہ حرکت نہیں کرے گا مگر یہ کہ اس کی اصلی وعدہ گاہ موت ہو گی اور اس کا انجام کار فنا ہو گا۔

(12) اخلاق اور اصول معاشرت

معاشرتی زندگی، نفسیاتی مسائل، اقتصادی نکتے، صلح و جنگ، میل جول، لین دین، خاندان و احباب کے تعلقات، عالم و جاہل کے اصول حیات، دنیا و آخرت کی کامیابی کے طریقے، معیاری انسان و کردار کی پرکھ پر آپ جو کچھ تلاش کرنا چاہیں اس کتاب میں قرآن و حدیث کے تحت سب کچھ مل سکتا ہے۔

12.1 حسد سے پرہیز کی تلقین

انسان کے نصیب میں جو بھی رزق ہوتا ہے، وہ اسے مل ہی جاتا ہے چاہے وہ کم ہو یا زیادہ، لہذا جس کو کم ملتا ہے، اسے چاہیے کہ وہ زیادہ والے کے ساتھ تعصب نہ کرے۔ حضرت علی علیہ السلام انسان کو تعصب اور حسد سے بچنے کی تاکید کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"فإن الامر ينزل من السماء إلى الارض كقطرات المطر إلى كل نفس بما قسم لها من زيادة أو نقصان فإذا رأى أحد كم لاخيه غفيرة في أهل أو مال أو نفس فلاتكونن له فتنة؟ فإن المرء المسلم البرئ من الخيانة ما لم يغش دنائة تظهر فيخشع لها إذا ذكرت وتغرى بها لئام الناس كان كالفالج الياسر الذي ينتظر أول فورة من قداحه توجب له المغنم. ويرفع بها عنه المغرم۔" 61

انسان کے مقسوم میں کم یا زیادہ جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کا امر آسمان سے زمین کی طرف بارش کے قطروں کی طرح نازل ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص اپنے بھائی کے پاس اہل ومال یا نفس کی فراوانی دیکھے تو اس کے لیے فتنہ نہ بنے کیونکہ کسی مسلمان مرد کے کردار میں اگر ایسی پستی نہیں ہے جس کے ظاہر ہو جانے کے بعد جب بھی اس کا ذکر کیا جائے اس کی نگاہ شرم سے جھک جائے اور پست لوگوں کے حوصلے بلند ہو جائیں تو اس کی مثال اس کامیاب جواری کی ہے جو جوئے کے تیروں کا پانسہ پھینک کر پہلے ہی مرحلہ میں کامیابی کا انتظار کرتا ہے جس سے فائدہ حاصل ہو اور گذشتہ فساد کی تلافی ہو جائے۔

12.2 خیانت سے بچنے والے ہر طرف فائدہ میں ہیں

جو مرد مؤمن خیانت سے اپنے آپ کو بچاتا ہے اسے دنیا و آخرت کی تمام نعمتیں ملتی ہیں۔ اس کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"وكذلك المرء المسلم البرئ من الخيانة ينتظر من الله إحدى الحسنيين۔ إما داعي الله فما عند الله خير له۔ وإما رزق الله فإذا هو ذو أهل ومال ومعه دينه وحسبه۔" 62

یہی حال اس مرد مسلمان کا ہے، جس کا دامن خیانت سے پاک ہو، وہ ہمیشہ پروردگار سے دو میں سے ایک نیکی کا امیدوار رہتا ہے یا داعی اجل آجائے، تو جو کچھ پرودگار کی بارگاہ میں ہے وہ اس سے کہیں زیادہ بہتر ہے یا وہ رزق خدا حاصل ہو جائے تو وہ صاحب اہل ومال بھی ہو گا اور اس کا دین اور وقار بھی برقرار رہے گا۔

12.3 مال اور دولت، عمل صالح اور اخلاص و تقویٰ

مال و دولت دنیا کی زینت ہیں، تو عمل صالح آخرت کی کھیتی ہے، اسی لیے حضرت علی علیہ السلام لوگوں کو عمل کو اخلاص کے ساتھ انجام دینے کی تاکید کرتے ہیں:

"إن المال والبنين حرث الدنيا والعمل الصالح حرث الآخرة وقد يجمعهما الله لأقوام فاحذروا من الله ما حذركم من نفسه۔ واخشوه خشية ليست بتعذير۔ واعملوا في غير رياء ولا سمعة فإنه من يعمل لغير الله يكله الله إلى من عمل له۔ نسأل الله منازل الشهداء۔ ومعايشة السعداء ومرافقة الانبياء۔ "63

یاد رکھو کہ مال اور اولاد دنیا کی کھیتی ہیں اور عمل صالح آخرت کی کھیتی ہے اور کبھی کبھی پروردگار بعض اقوام کے لیے دونوں کو جمع کر دیتا ہے۔ لہٰذا خدا سے اس طرح ڈرو جس طرح اس نے ڈرنے کا حکم دیا ہے اور اس کا خوف اس طرح پیدا کرو کہ پھر معذرت نہ کرنا پڑے۔ عمل کرو تو دکھانے سنانے سے الگ رکھو کہ جو شخص بھی غیر خدا کے واسطے عمل کرتا ہے خدا اسے اسی شخص کے حوالے کرتا ہے۔ میں پروردگار سے شہیدوں کی منزل، نیک بندوں کی صحبت اور انبیاءؑ کرام کی رفاقت کی دعا کرتا ہوں۔

12.4 رشتہ داروں کا ایک دوسرے سے تعلق

انسان ایک اجتماعی حیوان ہے، جسے اپنے جیسے دوسرے انسانوں کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، بالخصوص وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کا زیادہ محتاج ہوتا ہے چاہے وہ دولت مند ہی کیوں نہ ہوں۔ اس کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

"أيها الناس إنه لا يستغني الرجل وإن كان ذا مال عن عشيرته ودفاعهم عنه بأيديهم وألسنتهم وهم أعظم الناس حيطة من ورائه وألمهم لشعثه وأعطفهم عليه عند نازلة إذا نزلت به۔ ولسان الصدق يجعله الله للمرء في الناس خير له من المال يورثه غيره۔ "64

اے لوگو! یاد رکھو کہ کوئی شخص کسی قدر بھی صاحب مال کیوں نہ ہو جائے اپنے قبیلہ اور ان لوگوں کے ہاتھ اور زبان کے ذریعہ دفاع کرنے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا ہے۔ یہ لوگ انسان کے بہترین محافظ ہوتے ہیں اس کی پراگندگی کے دور کرنے والے اور مصیبت کے نزول کے وقت اس کے حال پر مہربان ہوتے ہیں۔ پروردگار بندہ کے لیے جو ذکر خیر لوگوں کے درمیان قرار دیتا ہے، وہ اس مال سے کہیں زیادہ بہتر ہوتا ہے جس کے وارث دوسرے افراد ہو جاتے ہیں۔

12.5 رشتہ داروں کی مدد کرنے والے اور نہ کرنے والے

انسان جس حال میں بھی اسے چاہیے کہ وہ اپنے رشتہ داروں کی ہر ممکن مدد کرتا رہے کیونکہ جو مدد نہیں کرتا اس کی بھی مدد نہیں کی جاتی۔ اس کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں :

"ألا لا يعدلن أحدكم عن القرابة يرى بها الخصاصة أن يسدها بالذي لا يزيده إن أمسكه ولا ينقصه إن أهلكه۔ ومن يقبض يده عن عشيرته فإنما تقبض منه عنهم يد واحدة وتقبض منهم عنه أيد كثيرة ومن تلن حاشيته يستدم من قومه المودة۔ "65

آگاہ ہو جاؤ کہ تم سے کوئی شخص بھی اپنے اقرباء کو محتاج دیکھ کر اس مال سے حاجت بر آوری کرنے سے گریز نہ کرے، کیونکہ جو باقی رہ جائے تو وہ بڑھ نہیں جائے گا اور جو خرچ کر دیا جائے تو کم نہیں ہو جائے گا۔ جو شخص بھی اپنے قبیلہ (کی مدد) سے اپنا ہاتھ روک لیتا ہے، تو اس قبیلہ سے ایک ہاتھ رک جاتا ہے اور خود اس کے لیے بیشمار ہاتھ رک جاتے ہیں۔ جس کے مزاج میں نرمی ہوتی ہے، وہ قوم کی محبت کو ہمیشہ کے لیے حاصل کر لیتا ہے۔

12.6 علماء کی صفات اور کردار

معاشرے میں اہل علم کا کردار ایسا ہوتا ہے کہ وہ اپنے علم کے ذریعے اپنے اندر اور معاشرے میں نورانیت پیدا کرتے ہیں، جس کی بدولت پورے معاشرے میں پیار و محبت بڑھا جاتا ہے۔ ایسے افراد اور معاشرے کا تذکرہ حضرت علی علیہ السلام اس طرح کرتے ہیں:

"واعلموا أن عباد الله المستحفظين علمه يصونون مصونه، ويفجرون عيونه۔ يتواصلون بالولاية۔ ويتلاقون بالمحبة۔ ويتساقون بكأس روية۔ ويصدرون برية۔ لا تشوبهم الريبة ولا تسرع فيهم الغيبة۔ على ذلك عقد خلقهم وأخلاقهم۔ فعليه يتحابون وبه يتواصلون۔ فكانوا كتفاضل البذر ينتقى، فيؤخذ منه ويلقى۔ قد ميزه التخليص، وهذبه التمحيص۔" 66

یاد رکھو! کہ اللہ کے وہ بندے جنہیں اس نے اپنے علم کا محافظ بنایا ہے، وہ اس کا تحفظ بھی کرتے ہیں اور اس کے چشموں کو جاری بھی کرتے رہتے ہیں۔ آپس میں محبت سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور چاہت کے ساتھ ملاقات کرتے ہیں۔ سیر اب کرنے والے جاموں سے مل کر سیر اب ہوتے ہیں اور پھر سیر و سیر اب ہو کر ہی باہر نکلتے ہیں۔ ان کے اعمال میں ریب کی آمیزش نہیں ہے اور ان کے معاشرہ میں غیبت کا گذر نہیں ہے۔ اسی انداز سے مالک نے ان کی تخلیق کی ہے اور ان کے اخلاق قرار دیے ہیں۔ اور اسی بنیاد پر وہ آپس میں محبت بھی کرتے ہیں اور ملتے بھی رہتے ہیں۔ ان کی مثال ان دانوں کی ہے جن کو اس طرح چنا جاتا ہے کہ اچھے دانوں کو لے لیا جاتا ہے اور خراب کو پھینک دیا جاتا ہے۔ انہیں اسی صفائی نے ممتاز بنا دیا ہے اور انہیں اسی پرکھ نے صاف ستھرا قرار دے دیا ہے۔

12.7 صداقت پر عمل اور غداری سے پرہیز

حضرت علی علیہ السلام صداقت پر عمل کرنے اور غداری سے پرہیز کرنے کی تاکید کرتے ہیں:

"إن الوفاء توأم الصدق ولا أعلم جنة أوقى منه۔ ولا يغدر من علم كيف المرجع۔ ولقد أصبحنا في زمان قد اتخذ أكثر أهله الغدر كيسا ونسبهم أهل الجهل فيه إلى حسن الحيلة۔ مالهم قاتلهم الله قد يرى الحول القلب وجه الحيلة ودونه مانع من أمر الله ونهيه فيدعها رأي عين بعد القدرة عليها، وينتهز فرصتها من لا حريجة له في الدين۔ 67

اے لوگو! یاد رکھو وفاء ہمیشہ صداقت کے ساتھ رہتی ہے اور میں اس سے بہتر محافظ کوئی سپر نہیں جانتا ہوں اور جسے بازگشت کی کیفت کا اندازہ ہوتا ہے وہ غداری نہیں کرتا ہے۔ ہم ایک ایسے دور میں واقع ہوئے ہیں جس کی اکثریت غداری اور مکاری کا نام ہوشیاری رکھ لیا ہے۔ اور اہل جہالت نے اس کا نام حسن تدبیر رکھ لیا ہے۔ آخر انہیں کیا ہو گیا ہے، خدا انہیں غارت کرے، وہ انسان جو حالات کے الٹ پھیر کو دیکھ چکا ہے، وہ بھی حیلہ کے رخ کو جانتا ہے لیکن امر و نہی الٰہی اس کا راستہ روک لیتے ہیں اور وہ مکان رکھنے کے باوجود اس راستہ کو ترک کر دیتا ہے اور وہ شخص اس موقع سے فائدہ اٹھالیتا ہے، جس کے لیے دین سد راہ نہیں ہوتا۔

حضرت علی علیہ السلام معاشرے کے افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ محبت و الفت سے پیش آنے کی تاکید کرتے ہیں اور جاہلیت والی عادات سے منع کرتے ہیں :

"لیتأس صغیر کم بکبیر کم، ولیرأف کبیر کم بصغیر کم۔ ولا تکونوا کجفاۃ الجاھلیۃ لا في الدین یتفقھون، ولا عن اللہ یعقلون۔ کقیض بیض في أداح یکون کسرھا وزرا۔ ویخرج حضانھا شرا۔" 68

تمہارے چھوٹوں کو چاہیے کہ اپنے بڑوں کی پیروی (احترام) کریں اور بڑوں کا فرض ہے کہ اپنے چھوٹوں پر مہربانی کریں۔ خبردار تم لوگ جاہلیت کے ان ظالموں جیسے نہ ہو جانا جو نہ دین کا علم حاصل کرتے تھے اور نہ اللہ کے بارے میں عقل و فہم سے کام لیتے تھے۔ ان کی مثال ان انڈوں کے چھلکوں جیسی ہے، جو شتر مرغ کے انڈے دینے کی جگہ پر رکھے ہوں کہ ان کا توڑنا تو جرم ہے لیکن پرورش کرنا بھی سوائے شر کے کوئی نتیجہ نہیں دے سکتا ہے۔

نہج البلاغہ کی شرحیں

علامہ فقید آیۃ اللہ سید ہبۃ الدین شہرستانی نے اپنی کتاب ماہو نہج البلاغہ میں 49 شرحوں کا مع نام ذکر کیا ہے۔ 69

مولانا سید ابو الحسن علی ندوی لکھتے ہیں کہ "نہج البلاغہ" کی بہت سی شرحیں لکھی گئی ہیں جن کی تعداد 50 سے زیادہ ہے۔ 70

السید عبد الزہراء الحسینی الخطیب اپنی کتاب "مصادرُ نہج البلاغہ و اسانیدُہ" میں ایک سو ایک (101) شرحوں کے نام مع مصنف اور سال طبع ذکر کیا ہے۔ 71

یہ تعداد حرف آخر نہیں ہے کیونکہ نہج البلاغہ پر کام مسلسل ہو رہا ہے اب یہ تعداد چار سو سے زیادہ ہو چکی ہے۔

نہج البلاغہ کی تالیف سے پہلے حضرت علی علیہ السلام کا کلام لکھا ہوا موجود تھا

نہج البلاغہ کی تالیف سے پہلے حضرت علی علیہ السلام کے خطبات وغیرہ پر کتابیں لکھی جا چکی تھیں جن میں سے چند کا ذکر درج ذیل پیش کیا جا رہا ہے۔

1 ہشام ابن محمد ابن سائب الکلبی متوفی 641ھ ئے نے کتاب " خطب علی علیہ السلام " کے نام سے ایک کتاب تالیف کی ہے، جس کا ذکر فہرست ابن ندیم ص 108 پر کیا ہے۔72

2 ابراہیم ابن الحکم بن ظہیر الفرازی کا ذکر الفہرست للشیخ الطوسی کے صفحہ35 میں اس طرح بیان کرتے ہیں: صنف کتبا، منہا کتاب الملاحم، و کتاب "خطب علی علیہ السلام۔"73

ابراہیم بن الحکم بن ظہیر الفرازی نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں ایک کتاب الملاحم اور کتاب " خطب علی علیہ السلام" ہے۔

3 زیدابن وھب (الجھنی من اصحاب امیر المؤمنین علیہ السلام) لہ کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام علی المنابر فی الجمع و الاعیاد و غیرھا۔74

زید بن وہب الجہنی امیر المؤمنین علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھے ان کی ایک کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام کے نام سے تھی جو خطبات آپ نے منبر پر جمع، عیدین وغیرہ کے موقعے پر دیئے تھے۔

4 اسماعیل ابن مھران ابن ابی نصر السکونی و اسم ابی نصر زید مولی، کوفی یکنی ابا یعقوب، ثقة معتمد علیہ، صنف کتبا منھا۔۔۔۔۔کتاب "خطب امیر المؤمنین علیہ السلام"۔75

اسماعیل بن مہران بن ابی نصر السکونی اور ابو نصر کا نام زید مولی کوفی ہے جس کی کنیت ابو یعقوب ہے۔ وہ ثقہ اور معتمد علیہ تھا۔ اس نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں سے ایک خطب امیر المؤمنین علیہ السلام ہے۔

5 صالح ابن ابی حماد ابو الخیر الرازی و اسم ابی الخیر زاذویہ، لقی ابا الحسن العکسری علیہ السلام و کان امرہ ملبسا یعرف و ینکر۔ لہ کتب منھا کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام۔76

صالح بن ابی حماد ابو الخیر الرازی، ابو الخیر کا نام زاذویہ تھا، جس کی امام ابو الحسن العسکری علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تھی، اس کے فرقے کے بارے میں کسی معلوم نہیں تھا۔ اس کی بہت سی کتب ہیں، جن میں سے ایک کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام ہے۔

6 عبد العظیم ابن عبد اللہ ابن علی ابن الحسن ابن زید ابن الحسن ابن علی ابن ابی طالب علیھم السلام، ابو القاسم لہ کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام۔77

عبد العظیم بن عبد اللہ بن علی بن الحسین بن زید بن الحسن بن علی بن ابی طالب علیہ السلام، (جس کی کنیت) ابو القاسم ہے، اس کی ایک کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام ہے۔

7 مسعدہ ابن صدقة العبدی یکنی ابا محمد قالہ ابن فضال، و قیل یکنی ابا بشر روی عن ابی عبد اللہ و ابی الحسن علیھما السلام۔ لہ کتب مھا: کتاب خطب امیر المؤمنین علیہ السلام۔78

مسعدہ بن صدقہ العبدی جس کی کنیت ابن فضال کے مطابق ابو محمد ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کی کنیت ابوبشر تھی، جس نے (حدیث کی) روایت کی ہے ابو عبد اللہ (امام جعفر صادقؑ) اور ابو الحسن (امام موسی کاظمؑ) علیہما السلام سے، اس کی بہت سی کتب ہیں، جن میں سے ایک خطب امیر المؤمنین علیہ السلام ہے۔

8 علی ابن محمد ابن عبد اللہ ابن ابی یوسف المدائنی کے بارے میں فہرست ابن الندیم میں ذکر ہے ان کے بہت سے کتاب ہیں ان میں سے ایک کتاب "خطب علی السلام وکتبہ الی عمالہ۔"79

9 ابو محمد حسن ابن علی ابن الحسین ابن شعبہ الحلبی التوفی 320ھ نے اپنی کتاب تحف العقول عن آل الرسول صلّی اللہ علیہم صفحہ 61 باب ماروی عن امیر المؤمنین علی السلام پر اس طرح لکھتے ہیں :

و روی عن امیر المؤمنین الوصی المرتضی، علی ابن ابی طالب صلوات اللہ علیہ و آلہ فی طوال ھذہ المعانی، علی اننا لو استغرقنا جمیع ما وصل الینا من خطبہ و کلامہ فی التوحید خاصة دون ما سواہ من المعانی لکان مثل جمیع ھذا الکتاب۔80

اس کے متعلق جو کچھ امیر المؤمنین الوصی المرتضی علی ابن ابی طالب صلوات اللہ علیہ و آلہ سے مروی ہے، وہ آپ کے خطبات ہوں یا کلام ہو اس میں سے صرف توحید کے متعلق اگر ہم اسے شمار کرنا چاہیں، تو اس کی ضخامت اتنی ہو جائے گی جتنی اس کتاب کی ہے۔

حوالہ جات: الباب الاول

الفصل الاول

(1)مولاناسید ابوالحسن علی ندوی، "کتاب المرتضیٰ"، پبلشر مجلس نشریات اسلامی کراچی، طبع سوئم 1991م، صفحہ30،

(2)مفتی جعفر حسین، سیرت امیر المؤمنین، جلد1، صفحہ16

(3)ابن ابی الحدید عز الدین ابو حامد بن ہبۃ اللہ المعتزلی،" شرح نہج البلاغہ " ، طبع دوئم، مکتبہ آیۃ اللہ العظمیٰ المرعشی نجفی (قم)، طبع سال1965م، جلد اول، صفحہ11

(4)محمد بن حسین نیشابوری،(المتوفی: 508ھ)، تحقیق سید محمد مہدی سید الحسن الخراسانی،" روضۃ الواعظین"، ناشر منشورات الرضی ، قم ایران، طبع بدون سال، صفحہ77 / فضل ابن حسن امین الاسلام، اعلام الوریٰ"، دار الکتب اسلامیہ تہران ، طبع سوئم سال1390ھ، جلد1، صفحہ306،

(5)نہج البلاغہ، خطبہ94

(6)شرح نہج البلاغہ، جلد س1، صفحہ142

(7)امام الحاکم :المستدرک علی الصحیحین، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، باب: ومن مناقب أمیر المؤمنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:4525

(8) القرآن الکریم، سورۃ المائدہ، آیت: 97

(9)علی ابن حسین المسعودی،"کتاب مروج الذہب"، دار الہجرۃ قم، طبع دوئم، سال1404ھ۔ق، جلد2، صفحہ385/ الشیخ المفید ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن المعمان (المتوفی: 413)،"الارشاد فی معرفۃ حجج اللہ علی العباد"ناشر: دار المفید، قم ایران، سال1413ھ ق ، جلد1، صفحہ5/ علی بن عیسیٰ ابن ابی الفتح الاربلی(المتوفی: 693ھ) ،" کشف الغمّۃ فی معرفۃ الائمۃ" ،ناشر: دارالاضواء بیروت لبنان ، طبع الثانی1405ھ 1985م، جلد1، صفحہ59

(10)الامام الحاکم ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم الضبی الطہمانی النیسابوری (المتوفی: 405ھ)،" المستدرک علی الصحیحین "، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر مناقب حکیم بن حزام القرشی رضی اللہ عنہ، حدیث:6048

(11)المحدث دہلوی شاہ ولی اللہ (المتوفی:)ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلافاء، ناشر: سہیل اکیڈمی لاہور، پاکستان،1396ھ 1976م، جلد2 ، صفحہ251،

(12)الزمخشری جار اللہ محمود بن عمر (المتوفی: 583ھ)،" الفایق فی غریب الحدیث"، ناشر: دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، طبع اول سال1417ھ جلد2، صفحہ194/ ابن اثیر الامام مجد الدین ابی السعادات المبارک بن محمد (المتوفی: 606ھ)،" النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر"، ناشر: مؤسسۃ اسماعیلیان قم ایران، طبع چہارم1364ھ ش، جلد2، صفحہ459/ ابن منظور ابوالفضل جمال الدین ابن مکرم الافریقی المصری(المتوفی: 711)،" لسان العرب"، ناشر ادب الحوزۃ قم۔ ایران، طبع اول سال محرم1405ھ جلد7، صفحہ 46

(13)الحافظ ابن بطریق شمس الدین یحیی ابن الحسن الاسدی (المتوفی600ھ)،"خصائص الوحی المبین"، تحقیق الشیخ مالک المحمودی، دار القرآن الکریم قم ایران، طبع اول سال1417ھ، صفحۃ32

(14)ابن سعد ابو عبد اللہ محمد بن سعد بن منیع الھاشمي المعروف بابن سعد (المتوفی: 230 ھ) :" الطبقات الکبری"، بتحقیق احسان عباس، ناشر: دار للطباعۃ والنشر بیروت لبنان، طبع: سال 1398 ھ ، طبقات البدریین من المھاجرین، الطبقۃ الاولی علی السابقۃ فی الاسلام ممن شھد بدرا، ذکر صفۃ علی بن ابی طالب علیہ السلام، حدیث:2584

(15)محمد بن حسین الفتال النیسابوری(المتوفی: 508ھ)، تحقیق سید محمد مھدی سید الحسن الخراسانی،" روضۃ الواعظین"، ناشر منشورات الرضی ، قم ایران، طبع بدون سال، صفحۃ 108/الشیخ الصدوق ابو جعفر محمد بن الحسین بن بابویہ القمی (المتوفی: 381ھ)،"کتاب الخصال"، ناشر: جماعۃ المدرسین فی حوزۃ العلمیۃ قم ایران، طبع بدون سال، صفحۃ189

(16)محمد ابن سلیمان الکوفی القاضی (المتوفی 300ھ) ،"مناقب الامام امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام"، ناشر مجمع احیاء الثقافۃ الاسلامیۃ، طبع اول سال 1412ھ ، جلد2، صفحۃ51، / ابو الفتح محمد ابن علی الکراجکی (المتوفی 449ھ)،" کنز الفوائد" ، طبع 1410 ھ، مکتبۃ المصطفوی۔ قم ایران۔ صفحۃ 270 /ابن عساکر الحافظ ابو القاسم علی ابن الحسن ابن ہبۃ اللہ بن عبد اللہ الشافعی(المتوفی: 571ھ)،" تاریخ مدینۃ دمشق"، ناشر: دارالفکر بیروت لبنان، طبع1415ھ جلد24، صفحۃ401

(17) مجلسی محمد باقر(المتوفی:1111ھ)"بحار الانوار"، ناشر: مؤسسۃ الوفاء بیروت ۔ لبنان، طبع الثانی 1403ھ ۔ 1938م، جلد 41، صفحۃ147/ "شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید"،، جلد1، صفحۃ25

(18)احمد الرحمانی الھمدانی(المتوفی: معاصر)،" الامام علی بن ابی طالب علیہ السلام"، ناشر: المنیر للطباعۃ و النشر۔ تہران، طبع اول 1417ھ صفحۃ402

(19)نہج البلاغہ، خطبہ160

(20)احمد بن حنبل، "زہد" ، زہد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ، حدیث:707 / ابن ، ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن اسد الشیباني المروزي البغدادي(المتوفی: 241ھ) : " فضائل الصحابۃ"، تحقیق وصي اللہ محمد عباس، ناشر: مؤسسۃ الرسالۃ ، بیروت، طبع سال1403ھ، اخبار امیر المؤمنین علی بن ابی طالب وزہدہ رضوان اللہ علیہ، حدیث:858/حلیۃ الاولیاء، زہدہ وتعبدہ، حدیث:252

(21)مقدمہ شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحۃ26

(22)مسند الشھاب القضاعي، باب: العمائم تیجان العرب، حدیث:67/ابن ہشام ابو محمد عبد الملک ابن ہشام ابن ایوب الحمیری (المتوفی: 218)"سیرۃ ابن ہشام" طبع محمد علی صبیح واولادہ بمیدان الازہر مصر سال1383ھ 1963م، جلد2، صفحۃ462

(23)نہج البلاغہ، خطبہ33

(24)مقدمہ شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحۃ26

(25)بحار الانوار، جلد40، صفحۃ327

(26)الشیخ الطوسی ابو جعفر محمد بن الحسن (المتوفی: 460ھ)،"تہذیب الاحکام"، ناشر: دار الکتب الاسلامیۃ تہران۔ایران، طبع چہارم سال1365ھ ش جلد4، صفحۃ200

(27)نہج البلاغہ، مکتوب45

(28)مناقب ابن شہر آشوب، جلد1، صفحۃ367-368

(29)مناقب ابن شہر آشوب، جلد1، صفحۃ368

(30)بحار الانوار، جلد40، صفحۃ326

(31)السید ہاشم البحرانی(المتوفی: 1107ھ) ،" حلیۃ الابرار فی احوال محمد و آلہ الاطہار"، ناشر: مؤسسۃ المعارف الاسلامیۃ، طبع اول 1411ھ، صفحۃ241

(32) شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحۃ26

(33) الکلینی ابو جعفر محمد بن یعقوب بن اسحاق (المتوفی: 329ھ)، "الکافی"، ناشر: دار الکتب الاسلامیۃ تہران ایران، طبع سوم سال 1367ھ ش، جلد6، صفحۃ318

(34)نہج البلاغہ خطبہ192

(35)احمد الرحمانی الہمدانی، الامام علی علیہ السلام، صفحۃ532

(36)الطبری ابو جعفر محمد ابن جریر(المتوفی: 310ھ)، "تاریخ الامم والملوک"، ناشر: مؤسسۃ الاعلمی بیروت۔لبنان، طبع بدون سال، جلد2، صفحۃ58 / ابن ہشام الحمیری، سیرت النبی، جلد1، صفحۃ162 / المستدرک علی الصحیحین للحاکم کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:6503 / دلائل النبوۃ للبیہقی، باب من تقدم اسلامہ من الصحابۃ رضی اللہ عنہم، حدیث:462

(37)نہج البلاغہ، خطبہ191

(38)نہج البلاغہ، خطبہ189

(39)نہج البلاغہ، خطبہ175

(40)نہج البلاغہ، خطبہ175

(41)نہج البلاغہ، خطبہ154

(42)ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد9، صفحۃ165

(43)المستدرک علی الصحیحین للحاکم ، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، وأما قصۃ اعتزال محمد بن مسلمۃ الأنصاري عن البیعۃ، حدیث:4695 / المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ عبد اللہ، وما أسند عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، مجاہد، حدیث:10856 / الطبري، أبو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر الطبري (المتوفی:310ھ)، الثابت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الأخبار" ، بتحقیق العلامۃ محمود محمد شاکر ،طبع: مکتبۃ الخانجي، القاہرۃ، بدون السنۃ ، باب : ذکر خبر آخر من اخبار علی رضوان اللہ علیہ عن النبی، حدیث:1414 / الاصفہانی ابو نعیم احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسی بن مہران الاصبہانی(المتوفی: 430)،" معرفۃ الصحابۃ

" ، تحقیق عادل بن یوسف العزازي، طبع: دار الوطن بالریاض، طبع سال 1419ھ، معرفۃ اعلام النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایاہ انہ مقتول، حدیث:330

(44) سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3741/ تہذیب الآثار للطبري ،ذکر خبر آخر من اخبار علی رضوان اللہ علیہ عن النبی، حدیث:1413

(45) نہج البلاغہ، خطبہ192

(46) نہج البلاغہ، مکتوب62

(47) نہج البلاغہ، مکتوب55

(48) نہج البلاغہ، مکتوب62

(49) نہج البلاغہ، خطبۃ37

(50) نہج البلاغہ، خطبہ57

(51) سورۃ الروم: آیت30

(52) صحیح البخاري، کتاب الجنائز، باب ما قیل في اولاد المشرکین، حدیث:1330/ صحیح مسلم، کتاب القدر، باب معنی کل مولود یولد علی الفطرۃ وحکم موت اطفال الکفار، حدیث:4910

(53) احمد ابن زینی الدحلان، سیرت النبویہ، صفحۃ177

(54) الکافی، جلد8، صفحۃ339

(55) نہج البلاغہ، خطبہ191

(56) تاریخ الطبری، جلد2، صفحۃ56

(57) سنن ابن ماجۃ، باب فی فضائل أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فضل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:119/ ابن ابی شیبۃ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبۃ ابراہیم بن عثمان بن خواستی العبسی (المتوفی: 235ھ) : "مصنف ابن ابی شیبۃ،" تحقیق وتعلیق سعید محمد اللحام، ناشر: دار الفکر بیروت، طبع سال 1409ھ، کتاب الفضائل، باب فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31446/ المستدرک علی الصحیحین للحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر اسلام امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ، حدیث:4537

(58) النسائی ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار الخراساني (المتوفی:303ھ)، "السنن الکبری"، تحقیق دکتور عبد الغفار سلیمان البنداري، وسید کسروي حسن، ناشر: دار الکتب العلمیۃ بیروت، طبع سال 1411ھ)، کتاب الخصائص، ذکر اختلاف الناقلین لہذا الخبر عن شعبۃ، حدیث:8124/ الموصلی ابو یعلی احمد بن علی بن المثنی بن یحیی الموصلي (المتوفی: 307ھ) ، " مسند ابی یعلی الموصلی" ، تحقیق وتخریج: حسین سلیم اسد، ناشر: دار المامون بیروت۔ لبنان، طبع سال 1409ھ، مسند عفیف لکندی حدیث:1512/ المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ عبد اللہ، من اسمہ عفیف، عفیف بن معدي ککرب الکندي، حدیث:15016

(59)الطبقات الکبری لابن سعد، طبقات البدریین من الأنصار، تسمیۃ النساء المسلمات والمهاجرات من قریش والأنصاریات المبایعات وغرائب نساء العرب، ذکر خدیجۃ بنت خویلد بن أسد بن عبد العزی بن قصی، حدیث:9460 / تاریخ طبری، جلد2، صفحہ56

(60)ابن ہشام الحمیری، سیرۃ النبیؐ، جلد1، صفحہ162

(61)المستدرک علی الصحیحین للحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہ، و اما قصۃ اعتزال محمد بن مسلمۃ الانصاریٰ عن البیعۃ، حدیث: 4610 / المطالب العالیۃ للحافظ ابن حجر العسقلانی، کتاب المناقب، باب فضائل علی رضی اللہ عنہ، حدیث: 4009 / الکامل لعبد اللہ ابن عدی، جلد4، صفحہ292 / تاریخ بغداد، جلد2، صفحہ79 / تاریخ مدینۃ دمشق، جلد42، صفحہ40

(62) ابن جعد، " مسند ابن الجعد " ، سلمۃ بن کہیل، حدیث:423

(63)عبد اللہ ابن عدی، الکامل، جلد5، صفحہ4 / تاریخ بغداد، جلد4، صفحہ456 / ابن عساکر الحافظ ابو القاسم علی بن الحسن ابن ہبۃ اللہ بن عبد اللہ (المتوفی:)، "تاریخ مدینۃ الدمشق وذکر فضلہا وتسمیۃ من حلہا من الامثل او اجتاز بنواحیہا امن وار دیہا و اہلہا"، ناشر: دار الفکر بیروت۔ لبنان، طبع اول سال1415ھ، جلد42، صفحہ31

(64) المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ عبد اللہ، وما أسند عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، مقسم عن ابن عباس، حدیث:11940

(65)مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31473 / المعجم الکبیر للطبرانی، باب : من اسمہ سہل، أبو عثمان النهدي، علیم الکندي، حدیث:6048

(66) محب الدین احمد ابن عبد اللہ الطبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی، صفحہ58

(67)البحر الزخار مسند البزار، باب: أبو رافع، حدیث:3315 / المعجم الکبیر للطبراني، من اسمہ سہل، أبو عثمان النهدي، أبو سخیلۃ، حدیث:6058 / ابن عساکر، تاریخ مدینۃ دمشق، جلد:42

(68)مسند احمد بن حنبل، اول مسند الکوفیین، حدیث زید بن ارقم، حدیث: 18884 / المستدرک علی الصحیحین للحاکم، ککتاب معرفۃ الصحابہ رضی اللہ عنہم، ذکر مناقب ابی موسی عبد اللہ بن قیس الأشعري رضی اللہ، حدیث: 5959 / سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مناقب علی ابن ابی طالب، حدیث:3752

(69)ابن ابی شیبۃ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبۃ ابراہیم بن عثمان بن خواستی العبسی (المتوفی: 235ھ) : "مصنف ابن ابی شیبۃ" تحقیق وتعلیق سعید محمد اللحام، ناشر: دار الفکر بیروت، طبع سال1409ھ، کتاب الفضائل، فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31447 / فضائل الصحابۃ احمد بن حنبل، فضائل علی علیہ السلام، حدیث:963، اسی طرح: مسند احمد بن حنبل، مسند العشرۃ المبشرین بالجنۃ، مسند الخلفاء الراشدین، مسند علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:1164

(70)المستدرک علی الصحیحین للحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر إسلام أمیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ، حدیث:4537 / مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31446 / فضائل الصحابۃ لاحمد بن حنبل، فضائل علی علیہ السلام، حدیث:955

(71)سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، باب مناقب علی ابن ابی طالب، حدیث:3746/ المستدرک علی الصحیحین للحاکم ،کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر إسلام أمیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ، حدیث:4540/ تاریخ الطبری، جلد2، صفحۃ55 / البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر، جلد3، صفحۃ36

(72)سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، باب مناقب علی ابن ابی طالب، حدیث:3751/ السنن الکبری للنسائي، کتاب الخصائص، ذکر خصائص أمیر المؤمنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:8120

(73)الطبقات الکبری لابن سعد، طبقات البدریین من المہاجرین، الطبقۃ الأولی علی السابقۃ فی الاسلام ممن شہد بدرا، ذکر إسلام علی وصلاتہ، حدیث:2558 /جمال الدین الزیلعی(المتوفی:762ھ)، نصب الرایۃ لاحادیث الھدایۃ جلد 4، صفحۃ 356، طبع اول 1415ھ، دار الحدیث قاہرۃ، مصر

(74) تاریخ مدینۃ دمشق، جلد 42، صفحۃ341/ میزان الاعتدال للذہبی، جلد3، صفحۃ494/لسان المیزان لابن حجر، جلد5، صفحۃ97

(75)آل عمران، آیت: 61

(76) سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب تفسیر القرآن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، باب : ومن سورۃ آل عمران، حدیث:3008/ صحیح مسلم ،کتاب فضائل الصحابۃ رضی اللہ تعالی عنہم، باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:4525

(77)سورۃ الاحزاب، آیت33

(78) صحیح مسلم ،کتاب فضائل الصحابۃ رضی اللہ تعالی عنہم، باب فضائل أہل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، حدیث:4555/ سنن الترمذي الجامع الصحیح، ابواب تفسیر القرآن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، باب : ومن سورۃ الاحزاب، حدیث:3211 /المستدرک علی الصحیحین للحاکم،کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ومن مناقب أہل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حدیث:4655/ مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31463

(79)سورۃ الدہر: آیت8

(80)الدر المنثور، جلد6، صفحۃ299

(81) سورۃ المائدۃ:55

(82)الطبری، ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر(المتوفی:310ھ) ، " جامع البیان عن تاویل القرآن" ، تحقیق صدقی جمیل العطار، ناشر: دار الفکر بیروت طبع، سال 1415ھ۔1995م، سورۃ المائدۃ، القول في تاویل قولہ تعالی: انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین ، حدیث:11094/ تفسیر ابن ابی حاتم، سورۃ النساء، قولہ تعالی: والذین آمنوا، حدیث:6581

(83)سورۃ التوبۃ، آیت19

(84)مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:31485 / عبد الرزاق، ابو بکر عبد الرزاق بن ہمام بن نافع الحمیري الیمانی الصنعانی(المتوفی: 211ھ)، "تفسیر عبد الرزاق"، تحقیق ڈاکٹر محمود محمد عبدہ، ناشر: دار الکتب

العلمیۃ بیروت۔ لبنان، طبع سال 1419ھ، سورۃ التوبۃ، حدیث:1027 / جامع البیان فی تفسیر القرآن للطبری، سورۃ التوبۃ، القول فی تأویل قولہ تعالی: أجعلتم سقایۃ الحاج وعمارۃ المسجد، حدیث:15192۔15193

(85)سورۃ السجدۃ:18

(86)الطبری جامع البیان فی تفسیر القرآن، سورۃ السجدۃ

(87)سورۃ مریَم:96

(88)المعجم الاوسط للطبرانی، باب العین، باب المیم من اسمہ: محمد، حدیث:5620۔ اسی طرح انہوں نے اس حدیث مبارکہ کو بیان کیا ہے المعجم الکبیر میں، باب: من اسمہ عبد اللہ، وما أسند عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، الضحاک، حدیث:12444

(89)سورۃ البَقَرۃ آیت:274

(90)المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ عبد اللہ، وما أسند عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، مجاہد، حدیث:10959 / تفسیر عبد الرزاق، حدیث نمر وذ، حدیث:339

(91)المستدرک علی الصحیحین للحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر مناقب إسحاق سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حدیث:6135

(92) صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ تبوک وھی غزوۃ العسرۃ، حدیث:4416اسی طرح حدیث:3706/ صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابۃ رضی اللہ تعالی عنہم، باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:6218-6221/ سنن ابن ماجۃ، کتاب السنۃ، باب فی فضائل أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فضل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:115 اور 121/ سنن الترمذی الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث: 3724، اور حدیث:3730

(93) سنن الترمذی الجامع الصحیح ، ابواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3738/ المستدرک علی الصحیحین للحاکم کتاب الھجرۃ، حدیث:4230

(94) سنن الترمذی الجامع الصحیح، ابواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3737/ سنن ابن ماجہ، باب فی فضائل أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فضل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:118

(95)سنن الترمذی الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مناقب علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:3730/ صحیح ابن حبان، کتاب اخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم عن مناقب الصحابۃ، ذکر البیان بان علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ناصر، حدیث:7039

(96)سنن الترمذی الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مناقب علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:3731/ سنن ابن ماجہ، باب فی فضائل أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، فضل علی بن رضی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:120

(97) سنن الترمذی الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مناقب علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حدیث:3739

(98) سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3744
(99)سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3745
(100)سنن الترمذي الجامع الصحیح، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب، حدیث:3734
(101) شیخ مفید، الارشاد، جلد1، صفحہ320۔ / کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمۃ، جلد2، ص60
(102)علامہ محمد باقر مجلسی، بحار الانوار، جلد،42، صفحہ281، طبع ایران، سال ۱۳۱۴ھ ش
(103) السید شریف رضی، خصائص الائمۃ، آستان قدس ایران، سال طبع 1406ھ ق صفحہ63 / انساب الاشراف، جلد3، صفحہ 259
(104)انساب الاشراف، جلد3، صفحہ259 / خصائص الائمۃ، صفحہ63
(105) ابوالحسن علی ابن الحسین المسعودی، کتاب مروج الذہب، جلد2، صفحہ429
(106)یعقوبی احمد بن ابی یعقوبی (المتوفی:)، تاریخ یقوبی، ناشر: انتشارات علمی و فرہنگی، طبع پنجم، سال طبع 1366ھ ش، جلد2، صفحہ 212
(107)الارشاد للشیخ المفید، جلد1، صفحہ9
(108)المستدرک علی الصحیحین للحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر إسلام أمیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ، حدیث:4544 / الآحاد والمثانی لابن ابی عاصم، ومن ذکر علي بن ابی طالب، حدیث:187 / دلائل النبوۃ للبیہقي، جماع أبواب غزوۃ تبوک، جماع أبواب إخبار النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالکوائن بعدہ، باب ماروي في إخبارہ بتامیر علي رضی اللہ عنہ، حدیث:2753

حوالہ جات: الفصل الثانی

(1)ابن ابی الحدید عز الدین ابو حامد بن ہبۃ اللہ المعتزلی، " شرح نہج البلاغہ " ، جلد اول، صفحہ131، طبع دوئم، مکتبہ آیۃ اللہ العظمیٰ المرعشی نجفی (قم)، سال1965م / شیخ محمد عبدہ، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ6
(2)ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ131ور شیخ محمد عبدہ، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ6
(3)ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ31
(4)الفوائد الرجالیۃ جلد3، 94 / الکنی والالقاب، جلد1، صفحہ5
(5)ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ31
(6)ابن کثیر، البدایۃ والنہایۃ، جلد12، صفحہ4-5
(7)الشیخ محمد عبدہ، "شرح نہج البلاغہ " ، جلد1، صفحہ7
(8)مقدمہ نہج البلاغہ، مترجم مفتی جعفر حسین نجفی، صفحہ56
(9)شیخ محمد عبدہ، نہج البلاغہ، مقدمہ موئلف سید شریف رضی، جلد1، صفحہ13
(10)ایضا، مقدمہ شیخ محمد عبدہ، صفحہ7-8
(11) شیخ محمد عبدہ، شرح نہج البلاغہ، جلد1، صفحہ7-8

(12)ابن ابی الحدید،" شرح نہج البلاغہ " ، جلد 1، صفحہ34/ شیخ محمد عبدہ، شرح نہج البلاغہ، جلد 1، صفحہ7
(13)السید علی ابن معصوم، الدرجات الرفیعۃ، صفحہ462
(14)ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ، جلد 1، صفحہ41
(15)الامینی عبد الحسین الشیخ، "الغدیر"، ناشر: دار الکتب العربی، بیروت لبنان، طبع چہارم سال 1397ھ ش، جلد4، صفحہ202
(16)ایضا، صفحہ205-207
(17)الغدیر، جلد4، صفحہ198- 199
(18)ایضا صفحہ183- 185
(19)ایضا صفحہ185
(20)شیخ محمد عبدہ، شرح نہج البلاغہ، مقدمہ، جلد 1، صفحہ9

حوالہ جات: الفصل الثالث

(1)ابن ابی الحدید عز الدین ابو حامد بن ہبۃ اللہ المعتزلی (المتوفی:)،" شرح نہج البلاغہ " ، طبع دوئم، مکتبہ آیۃ اللہ العظمی المرعشی نجفی، قم۔ ایران، طبع سال 1965م، جلد 1، صفحہ24
(2) ایضا، جلد 1، صفحہ24
(3)ایضا، جلد 1، صفحہ25
(4)ابو الحسن علی ابن الحسین المسعودی، کتاب (المتوفی:):" مروج الذہب"، دار الہجرۃ قم، طبع دوئم، سال 1404ھ ق، جلد2 ، صفحہ431 (5) ابن ابی الحدید معتزلی، "شرح نہج البلاغہ "، جلد 1، صفحہ543
(6)الشیخ محمود الآلوسی،" بلوغ الارب"، جلد2، صفحہ180 **
(7)محمد الغزالی،" نظرات فی القرآن"، صفحہ154 **
(8)عبقریۃ الامام، صفحہ178 **
(9)الشیخ محمد عبدہ، "شرح نہج البلاغہ "، ناشر: المطبعۃ الرحمانیۃ مصر بدون سال مقدمہ، جلد 1، صفحہ2-3
(10)ایضا، صفحہ3
(11)ایضا، صفحہ5-6
(12)مولانا امتیاز علی خان عرشی رامپوری (الموفی:)،" مقالاتِ عرشی": "نہج البلاغہ کا استناد"، ناشر: مجلس ترقی ادب لاہور، طبع اول ، سال 1970م، صفحہ63
(13)مولانا سید ابو الحسن علی ندوی (الموفی:) ،" المرتضیٰ"، پبلشر مجلس نشریات اسلامی کراچی، طبع سوئم 1991م، صفحہ285
(14)نہج البلاغہ، مقدمہ شریف رضی، جلد 1، صفحہ15
(15)نہج البلاغہ، جلد2، صفحہ2
(16)نہج البلاغہ، جلد2، صفحہ143

(17)نہج البلاغہ، مقدمہ شریف رضی، صفحہ15
(18)نہج البلاغہ، خطبہ نمبر1
(19)ایضا، خطبہ85
(20)ایضا، خطبہ186
(21)ایضا، خطبہ186
(22)ایضا، خطبہ1
(23)ایضا، خطبہ152
(24)ایضا، خطبہ146
(25)ایضا، جلد2، صفحہ27
(26) ایضا، خطبہ131
(27) ایضا، خطبہ105
(28)ایضا، خطبہ21
(29)ایضا، خطبہ226
(30)ایضا، خطبہ1
(31)ایضا، خطبہ210
(32)ایضا، خطبہ210
(33)ایضا، خطبہ210
(34)ایضا، خطبہ210
(35)ایضا، خطبہ210
(36)ایضا، خطبہ210
(37)رئیس احمد جعفری، مترجم نہج البلاغہ، صفحہ512**
(38)السید علامہ ذیشان حیدر جوادی، مترجم نہج البلاغہ، ناشر: عصمہ پبلیکیشنز کراچی، طبع اول: آگست 2007، صفحہ430
(39)نہج البلاغہ، خطبہ26
(40)ایضا، خطبہ1
(41)ایضا، خطبہ160
(42)ایضا، خطبہ40
(43)ایضا، قول نمبر270
(44)ایضا، مکوتب53

(45)ایضا،مکوتب 53

(46)ایضا،مکتوب26

(47) ایضاخطبہ226

(48)ایضا،خطبہ76

(49)ایضا،خطبہ 201

(50)ایضا،خطبہ 201

(51) ایضا،خطبہ201

(52)ایضا،خطبہ 203

(53)ایضا،خطبہ204

(54)ایضا،خطبہ 211

(55)ایضا،خطبہ185

(56)ایضا،خطبہ185

(57)ایضا،مکتوب45

(58)ایضا،خطبہ165

(59)ایضا،خطبہ165

(60)ایضا،خطبہ165

(61)ایضا،خطبہ23

(62)ایضا،خطبہ23

(63)ایضا،خطبہ23

(64)ایضا،خطبہ23

(65)ایضا،خطبہ23

(66)ایضا،خطبہ214

(67)ایضا،خطبہ 41

(68)ایضا،خطبہ166

(69)آیۃ اللہ سید ہبۃ الدین شہرستانی،"کتاب ماہو نہج البلاغہ"،ناشر: دفتر انتشارات اسلامی ایران، طبع ششم سال1378ھ۔ش، صفحہ110-115

(70)مولاناسید ابوالحسن علی ندوی، کتاب المرتضیٰ، صفحہ286

(71)السید عبدالزہراء الحسینی الخطیب ،" مصادر نہج البلاغہ و اسانیدہ "، ناشر: دارالزہراء بیروت ، الطبعۃ الرابعۃ 1409ھ ، صفحۃ221-273،

(72)فہرست ابن ندیم،صفحۃ108

(73)الشیخ الطوسی ابو جعفر محمد بن الحسن(المتوفی:) ، "کتاب الفہرست"، ناشر: ، موسسۃ النشر الاسلامی، ایران ، طبع اول، سال 1417ھ،صفحۃ35

(74)کتاب الفہرست، للشیخ الطوسی، نمبر [[301صفحۃ130 / البروجردی السید علی اصغر الجابلقی (المتوفی:1313ھ)، "طرائف المقال فی معرفۃ طبقاۃ الرجال"،ناشر: مکتبۃ آیۃ اللہ المرعشی نجفی قم ایران، طبع اول سال1410ھ،جلد2،صفحۃ85

(75)النجاشی احمد بن علی (المتوفی:450ھ) ،"رجال النجاشی"،ناشر: موسسۃ النشر الاسلامی۔ قم ،طبع سال 1407ھ ، نمبر 49، صفحۃ26-27

(76)رجال النجاشی، نمبر526، صفحۃ189

(77)رجال النجاشی، نمبر653، صفحۃ247

(78)رجال النجاشی، نمبر1108، صفحۃ415

(79)فہرست ابن الندیم، صفحۃ113۔115

(80)ابن شعبہ الحرانی ابو محمد الحسن بن علی بن الحسین(المتوفی:)، " تحف العقول عن آل رسول "، ناشر: موسسۃ النشر الاسلامی، ایران، طبع دوم، سال1404ھ، صفحۃ61

الباب الثانی: حدیث کا تعارف Chapter-II Interoduction of Hadith

علم اصول حدیث کی چند اساسی اصطلاحات

1۔ سند

"السند هو طرق المتن۔"1

سند طرق متن کو کہا جاتا ہے۔

ڈاکٹر خالد علوی سند کی تعریف اس طرح بیان کرتے ہیں:

لغت میں سند سے مراد زمین پر ابھری ہوئی جگہ یا پہاڑی کی اونچی جگہ لیا جاتا ہے۔

اصطلاحا، متن تک پہنچنے کے طریق کو سند کہا جاتا ہے۔2

2۔ الاسناد

"هو ذكر طريقه حتى يرتفع الى صاحبه۔ و قد يطلق الاسناد على السند فيقال اسناد الحديث صحيح او ضعيف۔"3

صاحب قول و فعل تک پہنچنے کے طریقے کو بیان کرنا اسناد کہلاتا ہے۔ اس کا اطلاق سند پر بھی کیا جاتا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے: اسناد الحدیث صحیح یا ضعیف۔

3۔ متن

"الفاظ الحديث المقصودة بالذات التى تتقوم بها المعانى۔"4

وہ الفاظ حدیث جو مقصود بالذات ہوں جس کے ذریعے معانی متقوم ہوتے ہوں۔

4۔ سنت

کتاب التعدیل و التجریح میں سنت کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے:

"السنة لغة: الطريق و السيرة۔ محمودة كانت او مذمومة۔"5

سنت کی لغوی معنی ہے راستہ اور سیرت وہ قابل ستائش ہوں یا مذموم ہوں۔

اصطلاحا: ما نقل عن النبى صلى الله عليه و سلم من قول او فعل او تقرير او صفة خلقية او خلقية او سيرة قبل البعثة او بعدها اثبت ذالک حكما شرعيا ام لا۔"6

سنت کے اصطلاحی معنی ہیں: جو منقول ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے چاہے وہ آپ کا قول ہو یا فعل یا تقریر ہو یا کوئی آپ کی صفت خَلقی ہو یا آپ کے اخلاق ہوں یا سیرت ہو، چاہے وہ بعثت سے پہلے کی ہو یا بعد کی، اس سے حکم شرعی ثابت ہوا ہو یا نہ۔

وصول الاخیار الی اصول الاخبار میں سنت کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے:

"و ھی طریقة النبی صلی اللہ علیه و آله او الامام الحکیة عنه فالنبی بالاصالة و الامام بالنیابة وھی قول و فعل و تقریر۔"7

سنت کے معنی، نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ یا امام کا وہ طریقہ جو آپؐ سے حکایت کیا گیا ہو، نبیؐ کی حیثیت اصلی ہے اور امام کی حیثیت آپؐ کی نیابت کی ہے، یہ قول ہو یا فعل یا تقریر ہو۔

5۔ الحدیث

"الحدیث لغة: الجدید او ھو ضد القدیم، و یطلق علی الخبر قلیلة و کثیرة۔"8

حدیث کی لغوی معنی جدید کے ہیں، جو قدیم کا ضد ہے۔ اس کا اطلاق خبر پر ہوتا ہے چاہے وہ قلیل ہو یا کثیر۔

"اصطلاحا: ما اضیف الی النبی صلی اللہ علیه و سلم من قول او فعل او تقریر بعد البعثة و علی ذالک یکون الحدیث اخص من السنة اذ تطلق علی ما یطلق علیه الحدیث لکن قبل البعثة و بعدھا و علی الصفة و الخلقیة و الاخلاقیة و السیرة۔"9

حدیث کی اصطلاحی معنی ہے، ہر وہ چیز جس کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دی گئی ہو، چاہے وہ آپؐ کا قول ہو یا فعل یا تقریر ہو، جو بعثت کے بعد ہو، اسی وجہ سے حدیث سنت سے خاص ہے، جبکہ سنت کا اطلاق حدیث پر بھی ہوتا ہے، لیکن سنت کا اطلاق بعثت سے پہلے بھی ہوتا ہے اور بعد میں بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کا اطلاق آپؐ کی صفت، خلقت، اخلاق اور سیرت پر بھی ہوتا ہے۔

6۔ خبر

"الخبر ما یصح ان یدخله الصدق او الکذب۔"10

خبر ہر اس بات کو کہا جاتا ہے، جس میں صدق اور کذب دونوں داخل ہیں۔

"الخبر لغة: النبا، و فی اصطلاح المحدثین: الحدیث و عند بعضھم یطلق علی الحدیث المرفوع خاصة۔ و الحدیث یشمل المرفوع و الموقوف و المقطوع۔"11

خبر لغت میں نبا کو کہا جاتا ہے۔ اصطلاح المحدثین میں حدیث کو کہا جاتا ہے۔ بعض محدثین کے نزدیک خبر صرف حدیث مرفوع کو ہی کہا جاتا ہے اور حدیث شامل ہے مرفوع، موقوف اور مقطوع کو۔

اسی طرح وصول الاخیار الی اصول الاخبار میں خبر کی تعریف کی گئی ہے:

"الخبر اما صدق قطعا کخبر اللہ تعالی و خبر رسول الرسول صلی اللہ علیه و آله او کذب قطعا کخبر مسیلمة بانه اوحی الیه، او مظنون الصدق کخبر العدل، او الکذب کبعض اخبار الفساق، او مشکوک کبعض اخبار المجھولین۔"12

خبر یا تو قطعا سچی ہوتی ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کی خبر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی خبر، یا قطعا جھوٹی ہوتی ہے، جیسے مسیلمہ کذاب کی خبر کہ اس کی طرف وحی نازل ہوئی ہے۔ یا اس کے صدق کا گمان ہو گا، جیسے عادل کی خبر یا جھوٹ کا گمان ہو گا، جیسے فاسقوں کی خبر، یا وہ خبر مشکوک ہو گی جیسے بعض مجہول افراد کی خبر ہو۔

7۔ اثر

"الاثر لغة بقية الشیء، اصطلاحا: عند عامة المحدثین ما اثر عن النبی صلی اللہ علیہ و سلم او الصحابة رضوان اللہ علیہم او التابعین۔ قال ابن الصلاح حکایة عن فقھاء خراسان: الخبر ما یروی عن النبی صلی اللہ علیہ و سلم و الاثر ما یروی عن الصحابة و عند ابن حجر ما روی عن الصحابی او التابعی۔" 13

اثر کی لغوی معنی ہے کسی چیز کا بچا ہوا۔ اور اسی کی اصطلاحی معنی: عام محدثین نے اس طرح تعریف کی ہے: ہر وہ حدیث جو ماثور ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یا صحابہ رضوان اللہ علیہم یا تابعین سے۔ ابن الصلاح نے خراسان کے فقہاء کی حکایت کی ہے کہ خبر ہر وہ چیز جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہو اور اثر ہر وہ چیز جو صحابہ سے مروی ہو اور ابن حجر کے مطابق ہر وہ چیز جو صحابی یا تابعی سے مروی ہو۔

وصول الاخیار الی اصول الاخبار میں اثر کی تعریف اس طرح کی گئی ہے:

"الاثار: و ھی اقوال الصحابة و التابعین افعالھم ۔ اکثر اھل الحدیث یطلقون علی الکل اسم الحدیث۔" 14

آثار سے مراد صحابہ یا تابعین کے اقوال و افعال ہیں۔ اکثر محدثین ان تمام (حدیث، سنت، خبر اور اثر) کا اطلاق حدیث پر ہی کرتے ہیں۔

علم حدیث کی اقسام: علم حدیث کی دو اقسام ہیں:

1۔ علم حدیث روایۃ

"علم الحدیث روایة: ھو علم یعرف بہ ما اضیف الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم من قول او فعل او تقریر او صفة، و نقل ما اضیف من ذالک الی الصحابة و التابعین علی الرای المختار۔" 15

علم حدیث روایت کے اعتبار سے ایک ایسا علم ہے، جس کے ذریعے پہچانا جاتا ہے ہر اس چیز کو جس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دی گئی ہو، چاہے وہ آپ کا قول ہو یا فعل یا تقریر یا کوئی صفت ہو۔ اور یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ اس کی نسبت صحابہ اور تابعین کی طرف دی گئی ہو۔

2۔ علم حدیث درایۃ

علم درایت کی تعریف خطیب بغدادی نے اس طرح بیان کی ہے:

"و ھو علم بقوانین یعرف بھا احوال السند و المتن۔" 16

درایت کے اعتبار سے علم حدیث ان قوانین کو کہا جاتا ہے جن کے ذریعے سند اور متن کے احوال معلوم کئے جاتے ہیں۔

اسی طرح السید حسن الصدر نے اس کی تعریف کی ہے:

"علم الدراية: هو علم الحديث يبحث فيه عن السند متنه، وكيفيت تحمله، وآداب نقله۔موضوعه: الحديث من حيث يعرف المقبول منه والمردود۔17

علم درایت: وہ علم حدیث ہے جس میں سند کے ذریعے متن کے بارے میں بحث کی جائے، نیز اس کے اٹھانے کی کیفیت اور نقل کرنے کے آداب کے بارے میں بحث کی جائے۔ اس کا موضوع حدیث ہی ہے، جس میں حدیث مقبول اور مردود کی معرفت حاصل کی جاتی ہے۔

(1) حدیث کی تعریف

1.1 حدیث کی لغوی تعریف

"حدث: الحديث: نقيض القديم، و الحدوث نقيض القدومة، حدث الشيء يحدث حدوثا و حداثة و احدثه هو فهو محدث و حديث، و كذالک استحدث۔"18

حدیث کے لغوی معنی جدید کے ہیں اور وہ قدیم کی ضد ہے اور حدوث قدوم کی ضد ہے، جس کے مختلف مشتقات میں جدید ہونے کا تصور شامل رہتا ہے۔

1.2 اصطلاحی تعریف

حدیث کی اصطلاحی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے:

محدثین کی اصطلاح میں رسول اکرم (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے قول، فعل، تقریر اور وصف کو حدیث کہتے ہیں۔ (لیکن) محدثین نے صحابہ و تابعین کے اقوال، افعال اور تقاریر پر بھی اس کا اطلاق کیا ہے۔19

مکتب تشیع میں حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے:

الحديث: "هو ما اضيف الى النبى صلّى الله عليه و آله و سلم او الى الائمة المعصومين عليهم السلام قولا او فعلا او تقريرا او صفة، حتى الحركات و السكنات و اليقظة و النوم۔"20

حدیث: وہ چیز جس کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یا ائمہ معصومین علیہم السلام میں سے کسی کی طرف دی گئی ہو، وہ چاہے، قول ہو یا فعل یا تقریر ہو یا صفت، یہاں تک کہ حرکات، سکنات، بیداری اور نیند بھی ہو۔

2 حدیث کی تقسیم

2.1 حدیث دو قسم پر مشتمل ہے: خبر متواتر اور خبر واحد

I۔ خبر متواتر

خبر متواتر کی تعریف خطیب بغدادی نے اس طرح بیان کی ہے:

"خبر التواتر فهو ما يخبر به القوم الذين يبلغ عددهم حدا يعلم عند مشاهدتهم بمستقر العادة ان اتفاق الكذب منهم محال۔" 21

حدیث متواتر وہ حدیث ہے جس کو ایک ایسی جماعت روایت کرے، جس کی تعداد اس حد تک پہنچ جائے کہ اس کا جھوٹ پر متفق ہونا عادۃ محال ہو۔

ابن ابی جمہور نے اس کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"هو ما ورد عن قوم تمن النفس مواطاتهم على الكذب، وهو يفيد العلم۔" 22

حدیث متواتر وہ حدیث ہے جس کو ایک ایسی جماعت روایت کرے جس کا جھوٹ پر متفق ہونا عادۃ محال ہو۔ خبر متواتر علم کا فائدہ دیتی ہے۔

خبر متواتر کی دو اقسام ہیں:

(الف) خبر متواتر لفظی اور (ب) خبر متواتر معنوی

(الف) خبر متواتر لفظی

خبر متواتر لفظی وہ خبر ہے جسے روات کی جماعت اول، اوسط اور آخر سند میں ایک ہی لفظ اور ایک ہی صورت میں روایت کرے۔ 23

(ب) خبر متواتر معنوی

متواتر معنوی وہ خبر ہے جس میں لفظی مطابقت شرط نہیں ہے۔ معانی کا ادا کر دینا ہی کافی ہے، گو روایت میں لفظی اختلاف پایا جاتا ہو، چونکہ متواتر معنوی کے لیے الفاظ کی مطابقت ضروری نہیں اس لیے ان کی تعداد کافی ہے اور اس کے وجود سے کسی کو انکار نہیں ہے۔ 24

II۔ خبر واحد

"الخبر الآحاد فهو ما قصر عن صفة التواتر ولم يقطع به العلم وان روته الجماعة۔" 25

خبر واحد وہ حدیث ہے، جو حدیث متواتر کی صفات تک نہ پہنچ سکے اور اس سے قطعی علم حاصل نہ ہو اگرچہ اسے ایک جماعت ہی روایت کرتی ہو۔

2.2 خبر واحد اپنے منتہی کے اعتبار سے تین قسم پر مشتمل ہے۔

I۔ مرفوع

ابن الصلاح نے مرفوع حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"**وهو ما اضيف الى رسول الله صلى الله عليه وسلم خاصة ولا يقع مطلقه على غير ذلك نحو الموقوف على الصحابة وغيرهم ويدخل في المرفوع المتصل والمنقطع والمرسل ونحوها۔**"26

مرفوع اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس کی نسبت خاص طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دی گئی ہو۔ اس کا اطلاق کسی اور پر نہیں ہوتا، جیسے موقوف صحابہ وغیرہ اور مرفوع میں متصل، منقطع اور مرسل وغیرہ داخل ہوتے ہیں۔

مکتب تشیع میں مرفوع کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے: **المرفوع وهو ما اضيف الى النبى صلى الله عليه وآله او احد الائمة عليهم السلام، من اى الاقسام كان، متصلا كان او منقطعا، قولا كان او فعلا او تقريرا، وكل واحد من هذه الثلاثة اما ان يكون صريحا او فى حكمه۔**"27

ہر وہ حدیث مرفوع ہے جس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یا ائمہ (اطہار) علیہم السلام میں سے کسی کی طرف دی گئی ہو۔ اسی کی کوئی بھی قسم ہو چاہے وہ متصل ہو یا منقطع، وہ قولا ہو یا فعلا یا تقریرا اور ان تینوں میں سے صریحاً ہو یا حکماً ہو۔

II۔ موقوف

ابن الصلاح نے موقوف حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"**الموقوف وهو ما يروى عن الصحابة رضى الله عنهم من اقوالهم وافعالهم ونحوها فيوقف عليهم ولا يتجاوز به الى رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم الى منه ما يتصل الاسناد فيه الى الصحابى فيكون من الموقوف الموصول ومنه ما لا يتصل اسناده فيكون من الموقوف غير الموصول۔**"28

موقوف اس حدیث کو کہا جاتا ہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہو، وہ ان کے افعال ہوں یا اقوال یا اسی طرح ہو جو ان پر موقوف ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک نہ جائے۔ اس میں سے جس کی سند صحابی سے متصل ہو وہ موقوف متصل ہوتی ہے اور جس کی سند صحابی سے متصل نہ ہو وہ موقوف غیر موصول ہوتی ہے۔

والد بہائی نے موقوف کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے: "**الموقوف وهو المروى عن الصحابة او اصحاب الائمة عليهم السلام قولا لهم او فعلا، متصلا كان او منقطعا صحيحا او غيره۔**"29

موقوف وہ حدیث ہے جو صحابہ (رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) یا ائمہ علیہم السلام کے کسی صحابی سے مروی ہو، قولا ہو یا فعلا، متصل ہو یا منقطع، صحیح ہو یا غیر صحیح۔

III۔ مقطوع

ابن الصلاح نے مقطوع کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"وھو ما جاءعن التابعين موقوفا علیھم من اقوالھم وافعالھم۔"30

تابعین کے اقوال اور افعال کو مقطوع کہا جاتا ہے۔

اسی طرح ابن جمہور الاحسائی نے اس طرح تعریف کی گئی ہے:

"والمقطوع مالم یذکر فیه المروی عنه۔"31

مقطوع وہ حدیث ہے جس میں مروی عنہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کا ذکر نہ کیا جائے۔

2.3 خبر واحد کی دوسری تقسیم: خبر واحد کی عدد رواۃ کے اعتبار سے تین قسم کی ہے

I۔ مشہور

حدیث مشہور کی تعریف ابن جمہور الاحسائی نے اس طرح بیان کی ہے:

"مشھور وھو ما ورد عن جماعة یتاخم قولھم العلم، وھو انما یفید ظنا غالبا ویسمی المستفیض۔"32

مشہور وہ حدیث ہے جس کو ایک جماعت روایت کرے، جن کا قول علم کے قریب ہو، یہ ظن غالب کا فائدہ د دیتی ہے اور اسی حدیث کو مستفیض بھی کہا جاتا ہے۔

II۔ عزیز

بروجردی نے عزیز کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"العزیز، وھو مالا یرویه اقل من اثنین، سمی به لقلة وجودہ۔"33

عزیز وہ حدیث ہے جس کو دو سے کم راوی روایت نہ کرتے ہوں۔ اس کو عزیز قلت وجود کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔

III۔ غریب

ابن الصلاح نے حدیث غریب کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"الحدیث الذی یتفرد به بعض الرواۃ یوصف بالغریب، و کذالک الحدیث الذی یتفرد فیه بعضھم بامر لا یذکرہ فیه غیرہ امافی متنه و امافی اسنادہ۔"34

وہ حدیث جس کے بعض راوی اکیلے رہ جاتے ہیں غریب ہونے سے متصف کی جاتی ہے۔ اسی طرح وہ حدیث بھی جس میں راوی منفرد رہ گیا ہے، جسے اس کے سوا کسی نے ذکر نہیں کیا، یہ تفرد خواہ متن میں ہو یا اسناد میں غریب کہلاتی ہے۔

اسی طرح اس حدیث کی تعریف بروجردی نے طرائف المقال میں کی ہے: **"الغریب، وفیه اختلاف کثیر، ولکن الغرابة: قدتکون فی السند، وقدتکون فی المتن، وتارۃ فیھما۔ والاول ماتفرد به واحد عن مثله مع کون المتن معروفا عن جماعة من الصحابة، والثانی ما تفرد واحد بروایة متنه ثم یرویه عنه بلا واسطة، او**

معها جماعة كثيرة فتشتهر ۔ والثالث ما كان راويه مع عدم اشتهار متنه عن الجماعة، وهذا هو المراد بالغريب۔"35

حدیث غریب میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے، لیکن غرابت کبھی اس کی سند میں ہوتی ہے، کبھی متن میں تو کبھی دونوں میں ہوتی ہے۔سند میں غرابت سے مراد ہے: ایک راوی متفرد ہو جبکہ متن حدیث صحابہ کی ایک جماعت سے معروف ہو۔ دوسرا متن میں غرابت سے مراد: ایک ہی راوی متن کی روایت کرنے میں اکیلا رہ جائے اور اس کے بعد اس حدیث کو بغیر واسطے کے نقل کرے یا اس کے ساتھ ایک جماعت روایت کرے تو وہ حدیث غریب مشہور ہو گی۔ تیسرا: (متن اور سند دونوں میں غرابت) وہ حدیث جس میں راوی روایت کرتا ہے جبکہ متن ایک جماعت سے مشہور نہ ہو۔

2.4 خبر واحد کی تیسری تقسیم راویوں کی صفات کے اعتبار سے تقسیم

I۔ صحیح

ابن الصلاح نے صحیح حدیث کی تعریف اس بیان کی ہے:

"اما الحديث الصحيح فهو الحديث المسند الذى يتصل اسناده بنقل العدل الضابط عن العدل الضابط الى منتهاه ولا يكون شاذا ولا معللا۔"36

صحیح اس مسند حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند متصل ہو جو صاحب عدالت اور ضابطہ راوی دوسرے عادل اور ضابطہ راوی سے روایت کرے یہاں تک کہ وہ منتہا (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تک پہنچ جائے اور وہ شاذ اور معلل نہ ہو۔

ابن جمہور الاحسائی نے صحیح کی تعریف اس طرح بیان ہوئی ہے :

"الصحيح ما رواه العدل الامامى المعلوم عدالته عن مثله حتى يتصل بالمروى عنه من نبى او امام۔"37

صحیح وہ حدیث ہے جس کو وہ عادل امامی روایت کرے جس کی عدالت معلوم ہو اپنے جیسے ہی عادل امامی راوی سے یہاں تک کہ وہ مروی عنہ نبیؐ تک یا کسی امام پہنچ جائے۔

II۔ حسن

حدیث حسن کی تعریف ابن الصلاح نے اس طرح بیان کی ہے :

"الحسن ماعرف مخرجه واشتهر رجاله۔"38

حدیث حسن وہ حدیث ہے جس کا مخرج معروف ہو اور اس کے رجال مشہور ہوں۔

اس کے ساتھ وضاحت کرتے ہوئے ابن الصلاح لکھتے ہیں:

"وعليه مدار اكثر الحديث وهو الذى يقبله اكثر العلماء ويستعمله عامة الفقهاء وروينا عن ابى عيسى الترمذى رضى الله عنه انه يريد بالحسن ان لا يكون فى اسناده من يتهم بالكذب و لا يكون حديثا شاذا ويروى من غير وجه نحو ذلك۔"39

اسی پر اکثر احادیث کا دارومدار ہے۔ اسی کو علماء کی اکثریت قبول کرتی ہے اور عام فقہاء بھی اسے استعمال کرتے ہیں۔ ہم نے ابوعیسیٰ الترمذی سے روایت کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ وہ حدیث جس کی سند میں کوئی ایسا راوی نہ ہو جو متہم بالکذب ہو، حدیث شاذ نہ ہو اور متعدد سندوں سے مروی ہو۔

اس حدیث کی تعریف ابن جمہور الاحسائی نے اس طرح کی گئی ہے:

"والحسن ما رواه الممدوح من الامامية الذى لم يبلغ مدحه تعديله، بان يكون فى الطريق ولو واحدا۔"40

حدیث حسن وہ حدیث ہے جس کو روایت کرے ممدوح امامی جس کی مدح عدالت تک نہ پہنچی ہو، چاہے اس کی سند میں ایک ہی راوی ہو۔

III۔ ضعیف

ابن الصلاح نے ضعیف حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"كل حديث لم تجتمع فيه صفات الحديث الصحيح و لا صفات الحديث الحسن المذكورات فيما تقدم فهو حديث ضعيف۔"41

ہر وہ حدیث جس میں حدیث صحیح اور حدیث حسن کی مذکورہ صفات جمع نہ ہوں وہ حدیث ضعیف ہے۔

ابن جمہور الاحسائی نے اس حدیث کی تعریف اس طرح بیان ہوئی ہے :

"والضعيف ما رواه غير العدل من الامامية، سواء كان معلوم الفسق او مجهول الحال فى التعديل وعدمه، او ما رواه غير الامامى ممن لم يوثق، بان يكون فى الطريق ولو واحد۔"42

حدیث ضعیف وہ حدیث ہے جس کو روایت کرے غیر عادل امامی چاہے اس کا فسق معلوم ہو یا وہ مجہول الحال ہو یا غیر امامی جو ثقہ نہ ہو روایت کرے، چاہے اس کی سند میں ایک ہی راوی ہو۔

IV۔ موثق

حدیث موثق کا نام صرف مکتب تشیع میں ہے، اس کی تعریف اس طرح کی گئی ہے:

"الموثق ما رواه العدل غير الامامى الذى علم من حاله المحافظة على نقل الحديث و عدم الكذب فيه، بان يكون فى الطريق ولو واحدا۔"43

حدیث موثق وہ حدیث ہے جس کو روایت کرے عادل غیر امامی جس کا نقل حدیث میں محافظت کا حال معلوم ہو اور اس میں کذب نہ ہو، چاہے سند میں ایک ہی راوی ہو۔

V۔ القوی

"وقدیرادبالقوی مروی الامامی غیر الممدوح ولاالمذموم۔"44

قوی حدیث سے مرادوہ حدیث ہے جس کو روایت کرے ایسا امامی جو نہ ممدوح اور نہ ہی مذموم ہو۔

VI ۔ موضوع

ابن الصلاح نے موضوع حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"الموضوع وھو المختلق المصنوع۔"45

وہ گھڑی ہوئی بنائی ہوئی حدیث ہے۔

VII۔ متروک

ڈاکٹر خالد علوی نے متروک کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

طعن راوی کی دوسری قسم اتہام کذب ہے اور راوی اگر متہم بالکذب ہو تو اس کی حدیث متروک ہو گی۔46

VIII۔ شاذ

ابن الصلاح شاذ حدیث کی تعریف اس طرح لکھتے ہیں:

"روینا عن یونس بن عبد الاعلی قال قال لی الشافعی رضی اللہ عنہ لیس الشاذ من الحدیث ان یروی الثقۃ مالا یروی غیرہ انما الشاذ ان یروی الثقۃ حدیثا یخالف ماروی الناس۔"47

ہم نے یونس بن عبد الاعلی کے واسطے سے امام شافعی سے نقل کیا ہے کہ حدیث شاذ یہ نہیں کہ ثقہ راوی ایسی روایت نقل کرے جو دوسرے نہیں کرتے بلکہ شاذ یہ ہے کہ ثقہ راوی وہ حدیث بیان کرے جو لوگوں کی روایت کردہ حدیث کے مخالف ہو۔

اسی طرح طرائف المقال میں اس کی تعریف کی گئی ہے :

"الشاذ، وھو مایرویہ الثقۃ مخالفا لمارواہ الاکثر۔"48

شاذ وہ حدیث ہے جس کو ثقہ راوی اکثر کے خلاف روایت کرے۔

IX۔ محفوظ

حدیث شاذ کی ضد کو محفوظ کہا جاتا ہے۔

X۔ منکر

ابن الصلاح نے البردیجی سے حدیث منکر کی تعریف اس طرح نقل کی ہے:

"انہ الحدیث الذی ینفرد بہ الرجل ولا یعرف متنہ من غایر روایتہ لا من الوجہ الذی رواہ ولا من وجہ آخر۔"49

منکر اس حدیث کو کہتے ہیں، جس کے روایت کرنے میں کوئی شخص منفرد ہو اور دوسرے کسی طریقے سے بھی اس کی تائید نہ ہوتی ہو۔

XI۔ معروف

حدیث منکر کے مقابل کو معروف کہا جاتا ہے۔

XII۔ معلل

ابن الصلاح نے حدیث معلل کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"الحدیث المعلل ھو الحدیث الذی اطلع فیه علی علة تقدح فی صحته مع ان ظاھرة السلامة منھا۔"50

معلل وہ حدیث ہے جس میں موجود ایسی علت کا پتا چلے، جو اس کی صحت کے لیے قادح ہو باوجودیکہ ظاہری طور پر اس کی محفوظ نظر آئے۔

"المعلل، وھو ما اشتمل علی ذکر علة الحکم و سببه تامة او ناقصة۔"51

معلل وہ حدیث ہے، جو مشتمل ہو اس کے حکم کی علت و اسباب پر، چاہے وہ تامہ ہوں یا ناقصہ۔

XIII۔ مضطرب

مضطرب حدیث کی تعریف ابن الصلاح نے اس طرح بیان کی ہے:

"المضطرب من الحدیث ھو الذی تختلف الروایة فیه فیرویه بعضھم علی وجه و بعضھم علی وجه آخر مخالف له وانما نسمیه مضطربا اذا تساوت الروایتان۔"52

مضطرب حدیث وہ ہے جس کی روایت میں اختلاف ہو، ایک روای ایک طریق پر روایت کرے اور دوسرا روای دوسرے طریق پر روایت کرے جو پہلے سے مخالفت میں ہو۔ ہم اسے مضطرب اسی صورت میں کہیں گے جب دونوں برابر سطح کی روایات ہوں۔

اسی طرح بروجردی نے اس کی تعریف بیان کی ہے:

"المضطرب، وھو ما اختلف فی متنه او سنده، و موارد الاختلاف فی الاخیر کثیرة۔"53

مضطرب وہ حدیث ہے جس کے متن اور سند میں اختلاف پایا جاتا ہو۔ اختلاف کے موارد سند میں بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

XIV۔ مقلوب

ابن الصلاح نے مقلوب کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"ھو نحو حدیث مشھور عن سالم جعل عن نافع لیصیر بذالک غریبا مرغوبا فیه۔"54

مقلوب جیسے سالم کی مشہور حدیث کو نافع کی سند سے بیان کیا تا کہ عجیب ہونے کی وجہ سے لوگوں کی توجہ ہو۔
بروجردی نے اس حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"المقلوب، ذکر بعض المعاصرین بانه ما قلب بعض ما فی سنده او متنه الی بعض آخر مما فیه لا الی الخارج عنهما، و حاصله ما وقع فیه القلب المکانی۔"55

مقلوب کی تعریف بعض معاصرین نے اس طرح کی ہے کہ اس کی سند یا متن میں سے بعض کو تبدیل کیا جائے، جو اسی میں ہی ہو خارج سے کچھ نہ ہو۔ اس سے حاصل نتیجہ یہ ہے کہ وہ حدیث جس میں مکانی تبدیلی واقع ہوئی ہو۔

XV۔ مصحف

حدیث مصحف کی تعریف بروجردی نے اس طرح بیان کی ہے:

"المصحف، وهو ما غیر بعض سنده، او متنه بغیره۔"56

مصحف اس حدیث کو کہا جاتا ہے، جس کی سند کو تبدیل کیا جائے یا اس کے متن کو تبدیل کیا جائے۔

XVI۔ مدرج

ابن الصلاح حدیث مدرج کی تعریف اس طرح بیان کرتے ہیں:

"ان یروی الراوی حدیثا عن جماعة بینهم و بینه اختلاف فی اسناده فلا یذکر الاختلاف فیه به یدرج روایتهم علی الاتفاق۔"57

راوی ایک حدیث ایک ایسی جماعت سے روایت کرے جس کے درمیان اس کی سند میں اختلاف ہو اور راوی اس اختلاف کو بیان نہ کرے بلکہ ان کی روایت متفقہ حیثیت سے بیان کرے۔

اسی طرح بروجردی نے مدرج کی تعریف اس طرح بیان کی ہے :

"المدرج، وهو علی اقسام ثلاثة، یجمعها درج الراوی امرا فی امر : اولها ما ادرج فیه کلام بعض الرواة فیظن انه من الاصل۔ وثانیها ما اذا کان عنده متنان باسنادین فیدرج احدهما فی الآخر۔ وثالثها ما اذا کان حدیث واحد مروی عن جماعة مختلفین فی سنده۔"58

حدیث مدرج کی تین اقسام ہیں، ان تینوں اقسام میں روای بعض امور کا اضافہ کرتا ہے۔ پہلی قسم یہ کہ راوی بعض رواۃ کا کلام اصل حدیث میں اضافہ کر دیتا ہے یہ سمجھ کر کہ وہ اصل حدیث ہے۔ دوسری قسم یہ ہے کہ اس کے پاس دو متن حدیث ہیں وہ ایک کو دوسرے میں ملا دیتا ہے۔ تیسری قسم یہ ہے ایک ہی حدیث ایک جماعت سے مروی ہو اس کی سند کے اختلاف کے ساتھ۔

2.5 خبر واحد کی چوتھی تقسیم: سقوط اور عدم سقوط کے اعتبار سے تقسیم۔

I۔ متصل

حدیث متصل کی تعریف ابن الصلاح نے اس طرح بیان کی ہے:"المتصل ویقال فیہ ایضا الموصول ومطلقہ یقع علی المرفوع والموقوف۔ وھو الذی اتصل اسنادہ فکان کل واحد من رواتہ قد سمعہ ممن فوقہ حتی ینتھی الی منتھاہ۔"59

حدیث متصل کو موصول بھی کہا جاتا ہے اس کا اطلاق مرفوع اور موقوف دونوں پر ہوتا ہے۔ حدیث متصل وہ حدیث ہے جس کی اسناد متصل ہوں پس سلسلہ رواۃ میں ہر راوی اپنے سے اوپر والے راوی سے سنے یہاں تک کہ اسناد اپنے منتہا تک پہنچ جائیں۔

II۔ مسند

حدیث مسند کے بارے میں ابن الصلاح نے اپنے مقدمہ میں تین اقوال نقل کئے ہیں، یہاں پر تینوں اقوال بیان کئے جارہے ہیں :

(الف) ذکر ابو بکر الخطیب الحافظ رحمہ اللہ ان المسند عند اھل الحدیث ھو الذی اتصل اسنادہ من راویہ الی منتھاہ واکثر مایستعمل ذلک فیما جاء عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دون ما جاء عن الصحابۃ وغیرھم۔60

ابو بکر خطیب الحافظ رحمہ اللہ ذکر کرتے ہیں کہ حدیث مسند اہل حدیث کے پاس اس طرح ہے کہ وہ حدیث جس کی اسناد متصل ہوں روای سے لے کر منتہا تک۔ حدیث مسند اکثر ان احادیث میں استعمال ہوتی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہوں صحابہ وغیرہ کی نہ ہوں۔

(ب) وذکر ابو عمر بن عبد البر الحافظ ان المسند ما رفع الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ۔ وحکی ابو عمر عن قوم ان المسند لا یقع الا علی ما اتصل مرفوعا الی النبی صلی اللہ علیہ۔ 61

ابو عمر بن عبد البر الحافظ نے مسند حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے: مسند وہ حدیث ہے جس کی سند خاص طور پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے۔ ابو عمر نے بیان کیان ہے کہ بعض لوگوں کے نزدیک مسند کا اطلاق صرف متصل مرفوع پر ہوتا ہے۔

(ج) قلت وبھذا قطع الحاکم ابو عبد اللہ الحافظ ولم یذکر فی کتابہ غیرہ فھذہ اقوال ثلاثۃ مختلفۃ۔62

میں کہتا ہوں کہ اس رائے کا قطعی اظہار حافظ ابو عبد اللہ حاکم نے کیا ہے اور انہوں نے اپنی کتاب میں اس کے علاوہ کوئی اور رائے بیان نہیں کی۔ لہٰذا یہ تین مختلف اقوال ہیں۔

اسی طرح بروجردی نے اس کی تعریف یوں بیان کی ہے:

"وهو ما اتصل سنده ، بان يذكر جميع رجال سنده فی کل مرتبة من المراتب الی ان ينتهی الی المعصوم عليه السلام و اکثر ما يستعمل فيما جاء عن النبی صلی الله عليه و آله۔"63

حدیث مسند وہ حدیث ہے جس کی اسناد متصل ہوں اس طرح کے اس کی سند کے تمام مراتب میں تمام رجال کا ذکر کیا جائے یہاں تک کہ وہ معصوم علیہ السلام تک پہنچ جائے۔ اکثر اس کا استعمال اس حدیث پر ہوتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہو۔

III۔ منقطع

اس حدیث کی تعریف ابن الصلاح نے اس طرح کی ہے:

"و ان المنقطع منه الاسناد فيه قبل الوصول الی التابعی راو لم يسمع من الذی فوقه و الساقط بينهما غير مذكور لا معينا و لا مبهما و منه الاسناد الذی ذكر فيه بعض رواته بلفظ مبهم نحو رجل او شيخ او غيرهما۔"64

منقطع وہ حدیث ہے جس کی سند میں تابعی تک پہنچنے سے پہلے کوئی ایسا راوی ہو، جس نے اپنے سے اوپر والے راوی سے نہ سنا ہو، اور ان کے درمیان جو راوی ساقط ہو وہ غیر مذکور ہو نہ وہ معین ہو اور نہ ہی مبہم ہو اور اس میں سے اس کی اسناد میں بعض راوی مبہم ہوں اس طرح بیان کیا جائے کہ رجل یا شیخ یا ان کے علاوہ کوئی اور ہو۔

IV۔ معلق

"ان لفظ التعليق وجدته مستعملا فيما حذف من مبتدا اسناده واحد فاكثر حتی ان بعضهم استعمله فی حذف كل الاسناد۔"65

میں نے تعلیق کے الفاظ کو ان احادیث کے لیے مستعمل پایا جن کی ابتدائے اسناد میں ایک یا زیادہ راوی محذوف ہوں حتی کہ بعض نے پورے اسناد کے محذوف ہونے پر اس کا اطلاق کیا ہے۔

اسی طرح بروجردی نے اس حدیث کی تعریف یوں بیان کی ہے:

"المعلق ، ما سقط من اول الاسناد واحدا او اكثر ولم يستعملوه فيما سقط من وسطه او آخره لتسميتهما بالمنقطع و المرسل۔"66

معلق اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس کی سند کے آغاز سے ایک یا زیادہ راوی ساقط ہوں لیکن جس حدیث کے وسط میں یا آخر میں کوئی راوی ساقط ہو تو اس کو معلق نہیں کہا جائے گا بلکہ اس کو مرسل اور منقطع کہا جائے گا۔

V۔ معضل

حدیث معضل کی تعریف ابن الصلاح نے اس طرح کی ہے:

"المعضل وهو لقب لنوع خاص من المنقطع فكل معضل منقطع وليس كل منقطع معضلا وقوم يسمونه مرسلا كما سبق وهو عبارة عما سقط من اسناده اثنان فصاعدا۔"67

حدیث معضل منقطع حدیث کی ایک خاص قسم ہے اس طرح کے ہر معضل منقطع ہے لیکن ہر منقطع معضل نہیں ہے۔ بعض لوگوں نے اسے مرسل کہا ہے جیسا کہ گزر چکا۔ حدیث معضل وہ حدیث ہے جس میں دو یا دو سے زیادہ راوی پے در پے ساقط ہوئے ہوں۔

بروجردی نے اس کی تعریف اس طرح کی ہے:

"المعضل، وهو من اقسام المرسل بالمعنى الاعم، فخصه المحقق القمي بما تعدد الساقط منه من غير اختصاصه بكونه في الوسط، ثم قال: وقد يطلق على الاعم من ذلك، فيشمل المعلق والمنقطع الوسط والمرسل وغير ذلك۔" 68

حدیث معضل، عمومی طور پر مرسل حدیث کی اقسام میں سے ہے۔ محقق قمی نے اس کو متعدد رواۃ کے ساقط ہونے سے مخصوص کر دیا ہے، بغیر اس کے کہ اس کے وسط سے راوی ساقط ہو۔ اس کے بعد کہتے ہیں کہ اس کا اطلاق اس عام پر بھی ہوتا ہے، تو یہ حدیث معلق، منقطع وسط اور مرسل وغیرہ کو بھی شامل ہو جاتی ہے۔

VI۔ مرسل

ابن الصلاح نے حدیث مرسل کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"حديث التابعي الكبير الذى لقى جماعة من الصحابة وجالسهم كعبيد الله بن عدى بن الخيار ثم سعيد بن المسيب وامثالهما اذا قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والمشهور التسوية بين التابعين اجمعين في ذلك رضى الله عنهم۔" 69

حدیث مرسل جس کے سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اس تابعی کبیر کی حدیث جو صحابہ کی ایک جماعت سے ملا ہو اور ان کے پاس بیٹھا ہو۔ جیسے عبد اللہ بن عدی بن الخیار اور پھر سعید بن مسیب اور ان جیسے تابعین میں سے کوئی یہ کہے کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور مرسل حدیث کے بارے میں مشہور یہ ہے کہ تمام تابعین کی حیثیت برابر ہے۔

ابن جمہور الاحسائی اس کی تعریف اس طرح کی ہے :

"والمرسل ما رواه الراوى عن المروى عنه بغير ذكر الواسطة، وهو ممن لم يلقه۔" 70

حدیث مرسل وہ حدیث ہے جس کو کوئی راوی بغیر واسطے کے اس سے روایت کرے جس سے اس کی ملاقات نہ ہوئی ہو۔

بروجردی نے اس حدیث کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"المرسل، وهو بمعناه الاعم ما سقط راويه، او ذكر مبهما فيشمل المرفوع والمعلق والموقوف والمقطوع: اما بمعناه الخاص ما سقطت رواته اجمع، او من آخرهم وان ذكر بلفظ مبهم، كالبعض والرجل

، دون ما اذا ذكر بلفظ مشترك وان لم يميز ۔ وربما يختص المرسل باسناد التابعی الی النبی صلی الله علیه وآله من غیر ذکر الواسطة، کقول سعید قال رسول الله صلی الله علیه وآله۔ "71

مرسل وہ حدیث ہے جس کی عمومی معنی یہ ہے کہ اس کا راوی ساقط ہو، یا اس کا راوی مبہم ہو۔ یہ حدیث شامل ہے مرفوع، معلق، موقوف اور مقطوع کو۔ اس کی خصوصی معنی یہ ہے کہ اس کے یا تو تمام راوی ساقط ہوں یا اس کے آخر میں راوی ساقط ہوں اگرچہ اس کو مبہم لفظ سے بیان کیا جائے جیسے البعض و الرجل نہ یہ کہ کوئی لفظ مشترک ذکر کیا جائے جس کی تمیز نہ ہو سکے۔ کبھی کبھی یہ مخصوص ہو جاتی ہے تابعی کی حدیث سے، جو نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بغیر واسطے سے حدیث روایت کرے۔ جیسے سعید کہے: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ۔

VII۔ مدلس

مدلس حدیث کی دو اقسام ہیں، ایک تدلیس الاسناد دوسری تدلیس الشیوخ ہے۔ ان دونوں کی تعریف درج ذیل بیان کی جارہی ہے۔

(الف) تدلیس الاسناد

ابن الصلاح نے تدلیس الاسناد کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"تدلیس الاسناد وھو ان یروی عمن لقیه مالم یسمع منه موھما انه سمع منه او عمن عاصره ولم یلقه موھما انه قد لقیه و سمعه منه ثم قد یکون بینھما واحد و قد یکون اکثر۔"72

تدلیس الاسناد: وہ یہ ہے کہ محدث اس شخص سے جس سے وہ ملا ہے اور سماع کیا ہے ایک حدیث یہ تاثر دیتے ہوئے روایت کرے کہ اس نے سماع کیا ہے۔ یا ایسے شخص سے روایت جو اس کا ہم عصر ہو لیکن اس سے اس کی ملاقات نہ ہوئی ہو اور وہ یہ تاثر دیتے ہوئے کہ اس سے ملا ہے اور سماع بھی کیا ہے، پھر ان دنوں کے درمیان ایک یا ایک سے زیادہ ہوں۔

(ب) تدلیس الشیوخ

"تدلیس الشیوخ: وھو ان یروی عن شیخ حدیثا سمعه منه فیسمیه او یکنیه او ینسبه او یصفه بما لا یعرف به کی لا یعرف۔"73

تدلیس الشیوخ یہ ہے کہ وہ ایک شیخ سے ایسی حدیث بیان کرے جسے اس نے شیخ سے سنا ہو پھر وہ اسے ایسا نام، یا کنیت، یا نسبت یا اس کا ایسا وصف بیان کرے جس سے وہ معروف نہیں تاکہ اسے پہچانا جانہ سکے۔

بروجردی نے اس کی تعریف اس طرح کی ہے:

"المدلس، وھو ما اخفی عیبه الذی فی السند، کعدم سماعه من المروی عنه، فیرویه علی وجه یوھم سماعه منه، او وجود رجل ضعیف او صغیر السن فی السند، فیسقطه لیحسن السند بذلك۔"74

مدلس وہ حدیث ہے جس کے عیب کو چھپایا جائے، جو اس کی سند میں موجود ہے۔ جیسے مروی عنہ سے عدم سماع ہو اور اس سے روایت کرے یہ تاثر دیتے ہوئے کہ اس نے اس سے سنا ہے۔ یا اس کی سند میں کوئی ضعیف مرد ہو یا صغیر السن ہو وہ اس کو ساقط کر دے تاکہ حدیث کی سند حسن ہو جائے۔

2.6 خبر واحد کی پانچویں قسم: صیغ کے اعتبار سے تقسیم

I۔ معنعن

معنعن اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس میں فلان عن فلان کے الفاظ سے روایت کی گئی ہو اور سماع حدیث کا ذکر صراحتہ نہ کیا گیا ہو۔ اس حدیث کی تعریف صاحب وصول الاخیار الی اصول الاخبار میں اس طرح بیان کی گئی ہے:

"المعنعن وھو مایقال فی سندہ فلان عن فلان۔" 75

المعنعن وہ حدیث ہے جس کی سند میں فلان عن فلان کہا جائے۔

بروجردی نے اس کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

"والمراد بہ ماذکر فی سندہ عن فلان عن فلان الی آخر السند۔" 76

اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ اس کی سند میں فلان عن فلان کا ذکر سند کے آخر تک کیا جائے۔

II۔ مسلسل

حدیث مسلسل کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے:

"المسلسل وھو ماتتابع رجال اسنادہ علی صفۃ او حالۃ تارۃ للرواۃ وتارۃ للروایۃ۔" 77

مسلسل وہ حدیث ہے جس کی اسناد کے رجال کا کسی صفت یا حالت میں ایک طرح کا تسلسل ہو، یہ کیفیت کبھی راویوں میں ہوتی ہے تو کبھی روایت میں ہوتی ہے۔

3۔ کتب احادیث کی اقسام

کتب احادیث کی محدثین نے درج ذیل اقسام بیان کی ہیں:

3.1۔ جامع

محدثین کی اصطلاح میں جامع اس حدیث کی کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں ہر موضوع سے متعلق حدیثیں موجود ہوں مثلاً: ایمان، عقائد، احکام، آداب، تفسیر، شمائل، تاریخ، سیر، مغازی، مناقب، زہد و سلوک، الرقاق، اور بدء الخلق وغیرہ۔ اس میں صحاح ستہ میں سے صرف دو کتابیں صحیح البخاری اور جامع الترمذی شامل ہیں۔

3.2۔ سنن

محدثین کی اصطلاح میں سنن حدیث کی ان کتابوں کو کہا جاتا ہے جن کی جمع وترتیب فقہی ابواب پر ہو، ان کتابوں کا آغاز کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلاۃ سے ہو، صحاح ستہ کی صرف چار کتابیں سنن میں داخل ہیں اور وہ یہ ہیں :(1)سنن الترمذی،(2)سنن ابوداود،(3)سنن نسائی،(4)سنن ابن ماجہ، ان کے علاوہ(5)سنن دارمی،(6) سنن دار قطنی،(7) سنن بیہقی،(8) السنن الکبری بھی کہا جاتا ہے،(9)السنن الکبیر،(10)سنن سعید بن منصور، وغیرہ بھی شامل ہیں۔

3.3۔ مستخرج

اُس حدیث کے مجموعے کو کہتے ہیں جس کا مؤلف کسی ایک خاص حدیث کی کتاب کو سامنے رکھ کر، اس کتاب کی احادیث کو اپنی سند سے بیان کرے، محدثین نے اس قسم کی کئی کتابیں لکھی ہیں جن میں امام یعقوب بن اسحاق اسفرائینی رحمہ اللہ کی مستخرج ابی عوانہ ہے، جسے صحیح ابی عوانہ بھی کہتے ہیں، اس کتاب کو امام اسفرائینی رحمۃ اللہ نے صحیح مسلم کی احادیث پر مستخرج کیا ہے۔

3.4۔ مستدرک

اُس حدیث کی کتاب کو کہا جاتا ہے جس کا مولف کسی خاص ایک یا دو حدیث کی کتابوں کو سامنے رکھ کر، اسی صاحب کتاب کی شروط پر احادیث درج کرتا ہے، جو اُس کتاب کے موضوع میں شامل ہونے سے رہ گئی تھیں۔ پھر اپنی کتاب میں ان احادیث کو الگ کرکے جمع کردیتا ہے، اس عمل کو استدراک اور اس کتاب کے مجموعے کو مستدرک کہتے ہیں۔ اس قسم کی سب سے مشہور کتاب امام حاکم رحمہ اللہ کی مستدرک حاکم ہے، جو انہوں نے بخاری و مسلم پر استدراک کرتے ہوئے تالیف کی ہے۔

3.5۔ مسند

اس حدیث کے مجموعے کو کہا جاتا ہے، جس میں ہر صحابی کی تمام روایات کو، چاہے وہ کسی بھی موضوع سے متعلق ہوں، ایک جگہ جمع کردی گئی ہوں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ترتیب بھی تین لحاظ سے ہوگی:

I) حروف تہجی کے اعتبار سے۔

II) باعتبار سبقت اسلام۔

III) باعتبار شرف نسب۔

کتب مسانید بہت سی ہیں لیکن ان میں سب سے زیادہ مشہور کتاب (1)مسند احمد بن حنبل ہے، اس کے علاوہ(2) مسند ابن ابی شیبہ (3)، مسند بزار،(4) مسند عبد بن حمید،(5) مسند ابی داود الطیالسی،(6)مسند ابی یعلیٰ(7) مسند یعقوب بن شیبہ (8)اور مسند ابن ابی اسامہ وغیرہ ہیں۔

3.6۔ معجم

اصطلاح محدثین میں اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں احادیث کو بترتیب شیوخ واساتذہ لکھا جائے۔ شیوخ کی ترتیب بھی تین لحاظ سے ہو گی:

I۔ ترتیب وفات کے لحاظ سے۔

Ii۔ تقویٰ اور علم کے لحاظ سے۔

III۔ حروف تہجی کے اعتبار سے۔

معجم میں سب سے مشہور کتاب امام ابو القاسم طبرانی رحمہ اللہ کی "المعجم الکبیر"، "المعجم الاوسط "اور "المعجم الصغیر "ہے۔

3.7۔ الجزء

محدثین کی اصطلاح میں اس حدیث کی کتاب کو کہتے ہیں، جس میں کسی ایک صحابی کی یا کسی ایک خاص موضوع یا خاص مسئلے پر احادیث جمع کی جائیں۔ اجزاء میں سب سے مشہور جزء امام بخاری کی " جزء رفع الیدین "ہے، جس میں آپ نے رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع الیدین کرنے کی احادیث جمع کی ہیں، نیز آپ نے جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ الفاتحہ پڑھنے کی تمام احادیث کو "جزء القراءۃ" کے نام سے ایک کتاب میں جمع کی ہے۔ اسی موضوع پر امام بیہقی رحمہ اللہ نے بھی "کتاب القراءۃ" کے نام سے ایک مجموعہ حدیث جمع کیا ہے جسکا شمار بھی جزء ہی میں ہوتا ہے۔

3.8۔ اربعین

محدثین کی اصطلاح میں اربعین اس مجموعہ حدیث کو کہا جاتا ہے جس میں کسی ایک راوی کی ایک ہی موضوع پر چالیس احادیث کو جمع کیا جائے، یا متعدد راویوں کی مختلف موضوعات پر چالیس احادیث کو جمع کیا جائے، اس قبیل کی کتابوں میں سب سے مشہور کتاب امام نووی کی " اربعین نوویہ "ہے۔

3.9۔ کتب علل

اُن کتابوں کو کہتے ہیں، جن میں احادیث کے ضعف کی وجوہات کو بیان کیا جائے، مثلاً: کوئی روایت اگر ضعیف ہے تو کیوں ہے؟ یا اس کا کوئی راوی ضعیف ہے، یا اس کی سند کا سلسلہ منقطع ہے، یا کوئی اور وجہ ہے۔ غرضیکہ احادیث کو ان کی علتوں کے ساتھ بیان کیا جائے۔ اس موضوع پر امام ابن جوزی کی "العلل المتناہی" اور امام دار قطنی ہ کی "کتاب العلل" اور امام ابن حاتم کی "علل ابن حاتم" ہے۔

3.10۔ اطراف

محدثین کے نزدیک اطراف کی شکل یہ ہوتی ہے کہ ایک خاص حدیث کی تمام سندیں، یا کئی مخصوص احادیث کی اسانید کو جمع کر دیا، جہاں تمام اسانید ایک جگہ جمع ہو جائیں، تو وہاں سے آگے ایک سند نقل کر دی جائے، اس قسم کی کئی کتابیں ہیں: مثلاً ابن عساکرہ کی " الاشراف علی معرفۃ الاطراف" ، حافظ جمال الدین مزّی ہ کی " تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف" حافظ ابن حجر کی "تحاف المھرۃ باطراف العشرۃ" وغیرہ ہیں۔

3.11۔ مسلسل

اصطلاحِ محدثین میں مسلسل اس مجموعہ حدیث کو کہتے ہیں جس میں وہ احادیث جمع کی جائیں، جن کے اندر ایک خاص راوی یا کئی راویوں کی کوئی صفت، کوئی فعل یا کسی قول کا تسلسل موجود ہو، مثلاً: ایک راوی نے ایک حدیث بیان کی اور اس کے بعد وہ ہنس پڑے اور فرمانے لگے کہ اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد میرے شیخ نے بھی اسی طرح ہنسا تھا اور ان کے شیخ نے بھی یہ فعل کیا تھا اور فلاں صحابی نے بھی اس روایت کو بیان کرنے کے بعد یہ عمل دہرایا تھا، اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد تبسم فرمایا تھا۔ اس قسم کی روایات کو جسمیں کسی حدیث کو بیان کرنے کے بعد کوئی خاص فعل کیا گیا ہو، تو اسے روایت "مسلسل بالفعل" کہا جائے گا، اگر کسی خاص صفت والی روایات جمع کی جائیں تو انہیں "مسلسل بالصفۃ" کہا جائے گا۔

3.12۔ صحیحین

صحیح احادیث کی دو کتابیں یعنی صحیح بخاری اور صحیح مسلم۔

3.13۔ صحاح ستہ

معروف حدیث کی چھ کتب یعنی بخاری، مسلم، ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ۔

3.14۔ اصول اربعہ

مکتب تشیع کی وہ چار کتابیں جو صحیح ترین ہیں اور ان کے فقہی ماخذ کی بنیاد ہیں۔

4۔ القاب المحدثین

4.1۔ طالب

وہ شخص جس نے طلب حدیث کا آغاز کیا ہو۔78

4.2۔ راوی

"الروای:من یروی الحدیث مطلقاو سواءرواہ مسندااو مرسلااو غیرھما۔"79

راوی وہ شخص ہے جو حدیث کی صرف روایت کرتا ہو چاہے مسندا روایت کرے یا مرسل یا کسی اور طریقے سے روایت کرے۔

4.3۔ مسند

وہ شخص جو اپنی سند سے روایت کرتا ہے، خواہ اسے اس حدیث کا پورا علم ہو یا نہ ہو، بلکہ وہ صرف روایت ہی کر رہا ہو۔80

اسی طرح اس کی تعریف علی اکبر غفاری بیان کرتے ہیں:

"**المسنِد: فھو من یروی الحدیث باسنادہ سواءکان عندہ علم بہ، او لیس لہ الا مجرد الروایۃ۔**"81

مسند وہ شخص ہے جو حدیث سند کے ساتھ روایت کرتا ہے اس کے پاس اس کا علم ہو یا نہ ہو، وہ صرف روایت بیان کرتا ہے۔

4.4۔ محدث

محدث وہ شخص ہوتا ہے، جس نے متون احادیث اور ان کے اصول حاصل کئے، متعدد کتب کا سماع کیا، اسانید و علل اسماء الرجال کی معرفت حاصل کی اور ان میں خوب مہارت بہم پہنچائی اور سند عالی و نازل سے آگاہ ہو، اس کے ساتھ بہت سی احادیث اس کو یاد ہوں۔82

علی اکبر غفاری محدث کی تعریف اس طرح بیان کرتے ہیں:

"**المحدث: من علم طرق اثبات الحدیث و اسماءرواتہ و عدالتھم و انہ ھل زید فی الحدیث شیء او نقص ام لا۔**"83

محدث وہ شخص ہے جو اثبات حدیث کے طرق کو جانتا ہو، راویوں کے اسماء اور ان کی عدالت کو بھی جانتا ہو اور یہ بھی جانتا ہو کہ حدیث میں کوئی کمی بیشی ہوئی ہے یا نہیں۔

4.5۔ حافظ

حافظ وہ ہے جس نے مذکورہ بالا شرائط (مسند و محدث کی شرائط) میں وسعت حاصل کرنے کے بعد احادیث کی کثیر تعداد کو حفظ کیا ہو اور رجال کو طبقہ بہ طبقہ اس طرح محفوظ کیا ہو کہ ان کے احوال، تراجم اور ان کے شہروں کی پوری معرفت حاصل کی ہو۔84

4.6۔ حجۃ

حجۃ کا اطلاق حافظ پر ہی ہوتا ہے لیکن اس وقت جب اسے اسانید و متون کے حفظ و اتقان حاصل ہو اور تمام معاملات میں گہری نظر رکھتا ہو۔ متاخرین کے ہاں حجۃ کی تعریف میں یہ شرط بیان کی گئی ہے کہ اسے تین لاکھ احادیث مع سند و متن یاد ہوں۔85

4.7۔ حاکم

حاکم وہ شخص جو تمام مروی احادیث مع سند و متن محفوظ رکھے اور اسے جرح و تعدیل اور تاریخ کا ادراک بھی ہو تاکہ وہ حاکم کہلائے۔ احادیث کے احاطہ کرنے میں کمی بیشی سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔86

حوالہ جات: الباب الثانی

(1)الشیخ حسین عبد الصمد العاملی المشہوروالد البہائی (المتوفی: 984ھ)،"وصول الاخیار الی اصول الاخبار"، ناشر: مجمع الذخائر الاسلامیۃ قم۔ایران، طبع بدون سال،صفحۃ90

(2)ڈاکٹر خالد علوی،"اصول الحدیث" ،ناشر: محمد فیصل،ندیم یونس پرنٹرز لاہور، طبع سال1998م جلد1،صفحۃ47

(3)وصول الاخیار الی اصول الاخبار،صفحۃ90

(4)وصول الاخیار الی اصول الاخبار،صفحۃ89

(5)الباجی حافظ ابوالولید سلیمان ابن خلف(المتوفی: 474ھ)،التعدیل والتجریح"، جلد1،صفحۃ13

(6)ایضا،صفحۃ14

(7)وصول الاخیار الی اصول الاخبار،صفحۃ88

(8)التعدیل والتجریح، جلد1،صفحۃ21

(9)ایضا

(10)الخطیب البغدادی ابواحمد بن علی(المتوفی: 463ھ)،الکفایۃ فی علم الروایۃ"، تحقیق وتعلیق: ڈاکٹر احمد عمرہاشم،ناشر: دار الکتب العربی بیروت۔لبنان، طبع اول سال1405ھ۔1985م،صفحۃ 32

(11)التعدیل والتجریح، جلد1،صفحۃ21

(12)وصول الاخیار الی اصول الاخبار،صفحۃ91-92

(13)التعدیل والتجریح، جلد1،صفحۃ21

(14)وصول الاخیار الی اصول الاخبار،صفحۃ88

(15)الکفایۃ فی علم الروایۃ للخطیب البغدادی،صفحۃ 6

(16)ایضا

(17)السید حسن الصدر،" نہایۃ الدرایۃ" ،ناشر: المشعر ایران،بدون الطبع،صفحۃ79،

(18)ابن منظور ابو الفضل جمال الدین ابن مکرم الافریقی المصری(المتوفی: 711)،" لسان العرب"،ناشر ادب الحوزۃ قم۔ایران، طبع اول سال محرم1405ھ، جلد2،صفحۃ131

(19)اصول الحدیث، جلد1،صفحۃ38

(20)الشہید الثانی زین الدین ابن علی العاملی(المتوفی: 965ھ)،"منیۃ المرید فی ادب المفید والمستفید"،ناشر: مکتبۃ الاعلام الاسلامی، طبع اول سال1409ھ،صفحۃ369

(21)الکفایۃ فی علم الروایۃ للخطیب البغدادی،32

(22)ابن ابی الجمہور الاحسائی محمد بن علی بن ابراہیم ،(المتوفی:880)،"عوالی اللئالی"،ناشر: مطبعۃ سید الشہداء، قم ایران، طبع اول سال1403ھ۔1983م، جلد4،صفحۃ138

(23)اصول الحدیث،ڈاکٹر خالد علوی، جلد 1، صفحہ62

(24)ایضا،صفحہ63

(25)الکفایۃ فی علم الروایۃ للخطیب البغدادی،32

(26)ابن الصلاح ابو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عویضۃ(المتوفی)،" مقدمۃ ابن الصلاح فی علم الحدیث"، ناشر: دار الکتب العلمیۃ بیروت۔لبنان، طبع اول سال1416ھ، صفحہ42

(27)وصول الاخیار الی اصول الاخبار لوالد البہائی العاملی، صفحہ103

(28)مقدمۃ ابن الصلاح، صفحہ 43

(29)وصول الاخیار الی اصول الاخبار لوالد البہائی العاملی، صفحہ104

(30)مقدمہ ابن الصلاح: صفحہ43-44

(31)عوالی اللئالی لابن ابی الجمہور الاحسائی، جلد4، صفحہ138

(32)ایضا

(33)البروجردی السید علی اصغر بن العلامۃ السید محمد شفیع الجابلقی(المتوفی: 1313ھ)،"طرائف المقال فی معرفۃ طبقات الرجال"، ناشر: مکتبۃ آیۃ اللہ العظمی المرعشی النجفی قم۔ایران، طبع اول سال1410ھ، جلد2، صفحہ250

(34)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ163

(35)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ250

(36)مقدمہ ابن الصلاح:صفحہ15-16

(37)ابن ابی الجمہور الاحصائی، عوالی اللئالی، جلد4 صفحہ138

(38)مقدمۃ ابن الصلاح، صفحہ32

(39)ایضا

(40)ابن جمہور الاحصائی، "عوالی اللئالی" ، جلد4، صفحہ138

(41)مقدمہ ابن الصلاح،39-40

(42)ابن ابی الجمہور الاحصائی، عوالی اللئالی، جلد4 صفحہ139

(43)ایضا،صفحہ138- 139

(44)وصول الاخیار الی اصول الاخبار لوالد البہائی العاملی، صفحہ97

(45)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ77

(46)اصل الحدیث،ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ541

(47)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ61

(48)طرائف المقال، جلد2، صفحہ250

(49)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ63-64

(50)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ71

(51)طرائف المقال، جلد2، صفحہ255

(52)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ73

(53)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ254

(54)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ81

(55)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ253

(56)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ253

(57)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ74-75

(58)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ255

(59)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ41

(60)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ40-41

(61)ایضا

(62)ایضا

(63)طرائف المقال، السید علی البروجردی، جلد2، صفحہ251

(64)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ50

(65)مقدمہ ابن الصلاح صفحہ57

(66) طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ252

(67)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ51-52

(68)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ255

(69)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ 48

(70)عوالی اللئالی لابن الجمہور الاحسائی، جلد4، صفحہ138

(71)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ251

(72)مقدمہ ابن الصلاح، صفحہ58-59

(73) ایضاصفحہ 59

(74)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ255

(75)وصول الاخیار الی اصول الاخبار، والد البہائی العاملی، صفحہ100

(76)طرائف المقال للبروجردی، جلد2، صفحہ253

(77)وصول الاخیار الی اصول الاخبار، والد البھائی العاملی، صفحہ101

(78)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ50

(79)الغفاری علی اکبر، دراسات فی علم الدرایۃ تلخیص مقباس الھدایۃ للعلامۃ المامقانی (المتوفی: 1352ھ)، ناشر: جامعۃ الامام الصادق ۔ایران، طبع اول سال1369ھ۔ش، صفحہ165

(80)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ50

(81)دراسات فی علم الدرایۃ تلخیص مقباس الھدایۃ للعلامۃ المامقانی، صفحہ165

(82)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ50

(83)دراسات فی علم الدرایۃ تلخیص مقباس الھدایۃ للعلامۃ المامقانی، صفحہ166-165

(84)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ51

(85)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ52

(86)اصول الحدیث ڈاکٹر خالد علوی، جلد1، صفحہ52

Chapter-III Ahaadith of Khutab الباب الثالث: احاديث الخطب

1۔خلف فیکم کما خلفت الانبیاء فی امم‍ها اذلم یتر کوھم ھملا بغیر طریق واضح وعلم قائم۔

ترجمہ: آپ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) نے تمہارے درمیان اسی طرح کی چیزیں چھوڑ گئے ہیں، جو انبیاء کرام (علیہم السلام) اپنی امتوں میں چھوڑ جاتے تھے، جبکہ انہوں نے (اپنی قوم کو) لاوارث نہیں چھوڑا تھا، جس کے لیے کوئی واضح راستہ اور محکم نشان نہ ہو۔

1۔الشریف الرضی محمد ابن ابی احمد (المتوفی 404): "نہج البلاغہ" (تحقیق وحواشی الشیخ محمد عبدہ، ناشر: المطبعۃ الرحمانیۃ مصر بدون سال، خطبہ 1۔

تخریج:

یہ حدیث مبارکہ لفظی اختلاف کے ساتھ تین مختلف الفاظ کے ساتھ مروی ہے، ان تینوں کی تفصیل پیش کی جارہی ہے۔ (الف) جس میں صرف قرآن کریم کا تذکرہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی امت کی ہدایت کے لیے قرآن کریم کو چھوڑا ہے۔(ب) جس میں قرآن اور سنت پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تذکرہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی امت کی ہدایت کے لیے قرآن کریم اور اپنی سنت کو چھوڑا ہے۔(ج) جس میں قرآن اور اہل بیت پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تذکرہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی امت کی ہدایت کے لیے قرآن کریم اور اپنے اہلبیت اطہار علیہم السلام کو چھوڑا ہے۔

یہاں پر ان تینوں قسم کی احادث کی تخریج پیش کی جارہی ہے۔

(1) وہ حدیث، جس میں صرف قرآن کریم کا تذکرہ ہے۔

1 ۔ اس حدیث کی تخریج کی ہے: الامام مسلم ، ابو الحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری النیسابوری (المتوفی: 261ھ) : "المسند الصحیح المشهور بصحیح المسلم"، ناشر : دار الفکر ، بیروت ۔لبنان، طبع سال 2000م، کتاب الحج، باب حجة النبی صلی الله علیه وسلم، حدیث: 2950، یہ ایک طویل حدیث، جو کہ آپ ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع کا جزء ہے، مکمل حدیث اس طرح ہے: حدثنا ابو بکر بن ابی شیبة، و اسحاق بن ابراهیم، جمیعا عن حاتم، قال ابو بکر: حدثنا حاتم بن اسماعیل المدنی، عن جعفر بن محمد، عن ابیه، قال: دخلنا علی جابر بن عبد الله، فسال عن القوم حتی انتهی الی، فقلت: انا محمد بن علی بن حسین، فاهوی بیده الی راسی فنزع زری الاعلی، ثم نزع زری الاسفل، ثم وضع کفه بین ثديي و انا یومئذ غلام شاب، فقال: مرحبا بك، یا ابن اخی، سل عما شئت، فسالته، و هو اعمی، و حضر وقت الصلاة، فقام فی نساجة ملتحفا بها، کلما وضعها علی منکبه رجع طرفاها الیه من صغرها، ورداؤه الی جنبه، علی المشجب ، فصلی بنا، فقلت: اخبرنی عن حجة رسول الله صلی الله علیه وسلم، فقال: ---------**"وقد ترکت فیکم ما لن تضلوا بعده ان اعتصمتم به کتاب الله، و انتم تسالون عنی، فما انتم قائلون؟"** قالوا: نشهد انك قد بلغت و ادیت و نصحت، فقال: باصبعه السبابة، یرفعها الی السماء و ینکتها الی الناس اللهم، اشهد، اللهم، اشهد ثلاث مرات---------

اسی طرح اس حدیث کی تخریج کی ہے:

2۔ ابن ابی شیبۃ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبۃ ابراھیم بن عثمان بن خواستی العبسی (المتوفی: 235ھ)، "مصنف ابن ابی شیبۃ" تحقیق وتعلیق سعید محمد اللحام ،ناشر: دار الفکر بیروت ،طبع سال 1409ھ ،کتاب :26، کتاب فضائل القرآن، باب: 27 في الوصية بالقرآن وقراءته، حديث:(1)29471، مکمل حدیث اس طرح ہے: حدثنا حاتم بن اسماعيل، عن جعفر، عن ابيه، عن جابر، ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: "تركت فيكم ما ان تضلوا ابعده ان اعتصمتم به: كتاب الله۔

3۔ النسائی ابو عبد الرحمن احمد بن شعيب بن علي بن سنان بن بحر بن دينار الخراساني (المتوفی:303 ھ)، "السنن الكبرى"، تحقيق دكتور عبد الغفار سليمان البنداري ، وسيد كسروي حسن، ناشر: دار الكتب العلمية بيروت، طبع سال 1411ھ، كتاب المناسك، اشعار الهدي، الخطبة على الناقة بعرفة، حديث:3873

4۔ ابن خزمية، محمد بن اسحاق بن خزيمة النيسابوري (المتوفی:311ھ)، "صحيح ابن خزيم، تحقیق ڈاکٹر محمد مصطفى الاعظمى، ناشر:المكتب الاسلامى، ،طبع الثانى، سال 1412 ھ 1992م، كتاب المناسك، جماع ابواب ذكر افعال اختلف الناس في اباحته للمحرم، باب ذكر البيان ان النبي صلى الله عليهوسلمانما خطب، حديث:2623۔

5۔ الطحاوی، ابو جعفر حمد بن محمد بن سلامة بن عبد الملک بن سلمة الازدی الحجری المصری (المتوفی: 321ھ)، "شرح مشكل الآثار"، تحقیق شعيب الارناؤوط، ناشر: مؤسسة الرسالة بيروت، طبع سال 1415ھ، باب بيان ما اشكل علينا مما قد روي عنه عليه السلام، حديث:28

اس حدیث کے راوی: *حضرت جابر بن عبد اللہ الانصاری، عبد اللہ بن عمر بن الخطاب، عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم ہیں۔*

حکم: *صحیح*

کیفیت: *حدیث مرفوع متصل*

(ب)وہ حدیث، جس میں قرآن کریم اور سنت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تذکرہ ہے۔

1۔ *اس حدیث کی تخریج کی ہے:* الامام الحاكم ابو عبد الله محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدويه بن نعيم الضبي الطهماني النيسابوري (المتوفی:405ھ)، "المستدرک على الصحيحين"، تحقيق و تقديم: ڈاکٹر محمد، ناشر: دار الفكر ، للطباعة و النشر و التوزيع، طبع اول 2002م، كتاب العلم، فاما حديث عبد الله بن نمير، حديث:321، *مکمل حدیث اس طرح ہے:* حدثنا ابو بكر احمد بن اسحاق الفقيه ، انبا العباس بن الفضل الاسفاطي ، ثنا اسماعيل بن ابي اويس ، واخبرني اسماعيل بن محمد بن الفضل الشعراني ، ثنا جدي ، ثنا ابن ابي اويس ، حدثني ابي ، عن ثور بن زيد الديلي ، عن عكرمة ، عن ابن عباس ، ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خطب الناس في حجة الوداع ، فقال : قد يئس الشيطان بان يعبد بارضكم ولكنه رضى ان يطاع فيما سوى ذلك مما تحاقرون من اعمالكم، فاحذروا يا ايها الناس! "اني قد تركت فيكم ما ان اعتصمتم به فلن تضلوا ابدا كتاب الله وسنة نبيه صلى الله عليه وسلم"، ان كل مسلم اخ مسلم، المسلمون اخوة ، ولا يحل لامرئ من مال اخيه الا ما اعطاه عن طيب نفس ، ولا تظلموا ، ولا ترجعوا من بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض"۔ امام حاکم مزید لکھتے ہیں: " وقد احتج البخاري باحاديث عكرمة واحتج مسلم بابي اويس ، وسائر رواته متفق عليهم، وهذا الحديث لخطبة النبي صلى الله عليه وسلم متفق على اخراجه في الصحيح : "يا ايها الناس اني قد تركت فيكم ما لن تضلوا بعده ان اعتصمتم به كتاب الله ، وانتم مسئولون عني فما انتم قائلون؟ وذكر الاعتصام بالسنة في هذه الخطبة غريب ويحتاج اليها". وقد وجدت له شاهدا من حديث ابي هريرة۔ اسی طرح، حديث:288

اسی طرح اس حدیث کی تخریج کی ہے:

2۔ الدارقطني، ابو الحسن علي بن عمر بن احمد بن مهدي الدارقطني البغدادي (المتوفى: 385 ھ) ، "سنن الدارقطني "،تصحيح وتخريج :عبد الله هاشم المدنى، ناشر: شركة الطباعة الفنية المتحدة المدينة المنورة، طبع سال 1386ھ، كتاب في الاقضية والاحكام وغير ذلك، في المراةتقتل اذاارتدت، حديث:4038

3۔ اللالكائى، ابو القاسم هبة الله بن الحسن بن منصور الطبري الرازي الشافعي اللالكائى (المتوفى: 418ھ)، " شرح اصول اعتقاد اهل السنة والجماعة، من الكتاب والسنة واجماع الصحابة والتابعين من بعدهم"، تحقیق ڈاکٹر احمد سعد حمدان، ناشر: دار طيبة، الرياض، طبع سال 1409ھ، سياق ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في الحث، حديث:81۔

4۔ البيهقي ابو بكر احمد بن الحسين بن علي بن عبد الله بن موسى الخسروجردي (المتوفى: 458ھ)، "السنن الكبرى"، كتاب قسم الصدقات، باب بيان آل محمد، حديث 13238، اور كتاب آداب القاضي، باب ما يقضي به القاضي ويفتي به المفتي، فانه غير جائز حديث:20335۔

5۔ الخطيب البغدادي ، ابو بكر احمد بن علي بن ثابت بن احمد بن مهدي ، المعروف بالخطيب البغدادی(المتوفى: 463ھ)، "الفقيه والمتفقه"، تحقيق عادل بن يوسف العزازي، ناشر: دار ابن الجوزی، السعودی عرب، طبع سال 1417ھ، باب: ذكر الخبر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم بان سنته، حديث:270اور 271

6۔ ابو بكر محمد بن عبد الله بن ابراهيم بن عبدويه البغدادی الشافعی البزاز (المتوفى: 354ھ)، "الفوائد الشهير بالغيلانيات"، تحقيق: حلمي كامل اسعد عبد الهادی، وتقديم: مشهور حسن آل سلمان، ناشر: دار ابن الجوزی الدمام سعودی عرب، طبع سال 1417ھ، ومن القراءة على الشافعي، حديث:595۔

7۔ ابن حجر احمد بن علي بن محمد بن محمد بن علي العسقلانی (المتوفى: 852ھ)، "المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانی"، ناشر: داري العاصمة والغيث، الرياض۔سعودی عرب، طبع سال 1419، كتاب الايمان والتوحيد، باب، حديث:2987۔

اس حدیث کے راوی: حضرت عبد اللہ بن عباس، ابو ہریرہ، عمر بن الخطاب، سعد بن مالک بن سنان الانصاری رضی اللہ عنہم ہیں۔

حکم: صحیح

کیفیت: حدیث مرفوع متصل

ج) وہ حدیث جس میں قرآن کریم اور اہل بیت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تذکرہ ہے۔

تخریج:

1۔ اس حدیث کی تخریج کی ہے: صحيح مسلم، كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالى عنهم، باب من فضائل علي بن ابي طالب رضي الله عنه، حديث: 6225، مکمل حدیث اس طرح ہے: حدثني زهير بن حرب، وشجاع بن مخلد، جميعا عن ابن علية، قال زهير: حدثنا اسماعيل بن ابراهيم، حدثني ابو حيان، حدثني يزيد بن حيان، قال: انطلقت انا وحصين بن سبرة، وعمر بن مسلم، الى زيد بن ارقم، فلما جلسنا اليه قال له حصين: لقد لقيت يا زيد خيرا كثيرا، رايت رسول الله صلى

الله عليه وسلم، وسمعت حديثه، وغزوت معه، وصليت خلفه لقد لقيت، يا زيد خيرا كثيرا، حدثنا يا زيد ما سمعت من رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: يا ابن اخي والله لقد كبرت سني، وقدم عهدي، ونسيت بعض الذي كنت اعي من رسول الله صلى الله عليه وسلم، فما حدثتكم فاقبلوا، وما لا، فلاتكلفونيه، ثم قال: قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما فينا خطيبا، بماء يدعى خما بين مكة والمدينة فحمد الله واثنى عليه، ووعظ وذكر، ثم قال: **"اما بعد، الا ايها الناس فانما انا بشر يوشك ان ياتي رسول ربي فاجيب، وانا تارك فيكم ثقلين: اولهما كتاب الله فيه الهدى والنور فخذوا بكتاب الله، واستمسكوا به فحث على كتاب الله ورغب فيه، ثم قال: واهل بيتي اذكركم الله في اهل بيتي، اذكركم الله في اهل بيتي، اذكركم الله في اهل بيتي۔"**

اسی طرح اس حدیث کی تخریج کی ہے:

2۔ الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسی بن سورۃ بن موسی بن الضحاک (المتوفی: 279ھ)، "الجامع الصحیح، المشهور باسم سنن الترمذي"، "ناشر: دار الفكر، بيروت۔لبنان، طبع سال 2000م، ابواب المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب مناقب اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم، حديث: 3786 *اس حدیث کے بارے میں لکھتے ہیں:* وفي الباب عن ابي ذر، وابي سعيد، وزيد بن ارقم، وحذيفة بن اسيد وهذا حديث حسن غريب من هذا الوجه. وزيد بن الحسن، قد روى عنه سعيد بن سليمان، وغير واحد من اهل العلم۔

3۔ ابن ابی شیبۃ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبۃ ابراہیم بن عثمان بن خواستی العبسی (المتوفی: 235ھ)، " مسند ابن ابی شیبۃ "، تحقیق : عادل عزازي، اوراحمد فريد المزيدي، ناشر: دار الوطن، الرياض، طبع سال 1998م، باب: ما رواه زيد بن ثابت رضي الله عنه، حديث: 135۔ *اسی طرح انہوں نے اس حدیث کی تخریج کی ہے:* "مصنف"، میں :کتاب: 30، کتاب الفضائل، باب: 1 ما اعطى الله تعالى محمدا صلى الله عليه وسلم، حديث: (41) 31041۔

4۔ ابن حنبل ابو عبد الله احمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن اسد الشيباني المروزي البغدادي (المتوفى: 241ھ)، "مسند الامام احمد" تحقيق حمزة احمد الزين، دار الحديث القاهره، الطبعة الاولى 1995م، مسند ابي سعيد الخدري رضي الله عنه، حديث: 11046، 11073، اسی طرح: حديث زيد بن ارقم، حديث: 19209، حديث زيد بن ثابت، حديث: 21470 اور 21547۔

5۔ ابن حمید، ابو محمد عبد الحمید بن حمید بن نصر الکسی (المتوفی: 249ھ)، "مسند عبد بن حمید"، تحقیق صبحی البدری السامرائی، ومحمود محمد خلیل الصعیدی، ناشر: مکتبۃ السنۃ بالقاهرۃ، طبع سال 1408ھ، باب: مسند زيد بن ثابت رضي الله عنه، حديث: 241۔

6۔ الطبراني ابو القاسم سليمان بن احمد بن ايوب بن مطير اللخمي، (المتوفي: 360ھ)، "المعجم الكبير" حققه وخرج احاديثه: حمدی عبد المجید السلفی، الطبعة الثانية 1984، المكتبة الوطنية بغداد، عراق، باب الزاي من اسمه زيد، زيد بن ثابت الانصاري يكنى ابا سعيد ويقال ابو خارجة، القاسم بن حسان، حديث: 4921-4923۔ *اسی طرح:* زيد بن ارقم الانصاري يكنى ابا عامر ويقال ابو انيسة ويقال، باب: ابو الضحى مسلم بن صبيح، حديث: 4980-4982۔ باب: يزيد ابن حيان التيمى، حديث: 5025-5028

7۔ المعجم الاوسط میں، باب الحاء، من اسمه حمدان، حدیث:3624، اور باب العین، من اسمه: عبد الرحمن، حدیث:4859۔

8۔ ابن ابی عاصم ابو بکر بن ابي عاصم وهو احمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني (المتوفی: 287ھ)، "السنة"، تحقيق و تخريج: محمد ناصر الدين الالباني، ناشر: المكتب الاسلامي ببيروت، طبع سال 1419ھ، باب ما ذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم: انه، حدیث: 618، اسی طرح: باب في فضائل اهل البيت، حدیث: 1328۔

9۔ ابن حنبل أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الشيباني المروزي البغدادي (المتوفی: 241ھ)، "فضائل الصحابة"، تحقيق وصی الله محمد عباس، ناشر: مؤسسة الرسالة بيروت طبع سال 1403ھ، فضائل علي عليه السلام، حدیث: 990۔ *اسی طرح*: باب: فضائل الحسن، حدیث: 1335 اور 1355۔

10۔ المستدرك على الصحيحين للحاكم، كتاب معرفة الصحابة رضي الله عنهم، ومن مناقب امير المؤمنين علي بن ابي طالب رضي الله عنه، حدیث: 4634، *اس حدیث کے بارے میں لکھتے ہیں*: هذا حديث صحيح الاسناد على شرط الشيخين و لم يخرجاه بطوله، حدیث: 4635، *اسی طرح*: و من مناقب اهل بيت رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم، حدیث: 4769۔ *اس حدیث کے بارے میں امام حاکم لکھتے ہیں*: هذا حديث صحيح الاسناد على شرط الشيخين و لم يخرجاه

11۔ النسائي ابو عبد الرحمن احمد بن شعيب بن علي بن سنان بن بحر بن دينار الخراساني (المتوفى: 303ھ)، "السنن الكبرى"، كتاب المناقب، مناقب اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من المهاجرين و الانصار، فضائل علي رضي الله عنه، حدیث: 7882 اور كتاب الخصائص، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "من كنت، حدیث: 8195۔

12۔ ابن سعد ابو عبد الله محمد بن سعد بن منيع الهاشمي المعروف بابن سعد (المتوفى: 230ھ): "الطبقات الكبرى"، بتحقيق احسان عباس، ناشر: دار للطباعة و النشر بيروت لبنان، طبع: سال 1398ھ، باب: ذكر ما قرب لرسول الله صلى الله عليه وسلم من اجله، حدیث: 1785۔

اس حدیث کے راوی: *حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام، حضرت جابر بن عبد اللہ الانصاری، زید بن ثابت بن الضحاک الانصاری، سعد بن مالک بن سنان الانصاری، زید بن ارقم بن زید بن قیس الانصاری رضی اللہ عنہم ہیں۔*

حکم: صحیح

کیفیت: حدیث مرفوع متصل

2۔و بین مثبت فی الکتاب فرضہ و معلوم فی السنۃ نسخہ۔

ترجمہ: بعض احکام کے فرض کا کتاب میں ذکر کیا گیا ہے اور سنت سے ان کے منسوخ ہونے کا علم حاصل ہوا ہے۔

2۔ نہج البلاغہ، خطبہ 1۔

تخریج:

قرآن میں بعض احکام فرض ہیں لیکن حدیث سے منسوخ ہو چکے ہیں یہ اشارہ ہے قرآن کریم کی اس آیت کریمہ (وَ اللاتّي يَأْتينَ الْفاحِشَةَ مِنْ نِسائِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِنْكُمْ فَإِنْ شَهِدُوا فَاَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيوتِ حَتَّى يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللهُ لَهُنَّ سَبيلاً۔ وَ الَّذانِ يَأْتِيانِها مِنْكُمْ فَآذُوهُما فَإِنْ تابا وَ اَصْلَحا فَاَعْرِضُوا عَنْهُما اِنَّ اللهَ كانَ تَوَّاباً رَحيماً) کی طرف ہے، جس کا حکم جلد (کوڑے) زانی غیر محصن اور رجم (سنگسار) زانی محصن میں منسوخ ہو چکا ہے۔ زانی غیر محصن کو جلد کیا جائے گا جبکہ زانی محصن کو رجم کیا جائے گا، جس کی تفصیل درج ذیل پیش کی جا رہی ہے۔

(1) زانی غیر محصن کی جلد (کوڑے لگانے) کے بارے میں احادیث کی تخریج:

نوٹ: یہ حدیث مبارکہ متن کے اعتبار سے تین طرح سے روایت ہوئی ہے: (الف) غیر محصن زانی کے جلد کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم، (ب) کنیز غیر محصن زانی کے جلد کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم، (ج) اسی طرح ایک اور طرح کی حدیث ہے جس میں ایک غیر محصن مرد نے محصن عورت کے ساتھ زنا کیا تو آپ ﷺ نے عورت کو رجم کا حکم دیا اور مرد پر جلد کا حکم دیا۔ ان تینوں طرح کی احادیث کی تخریج درج ذیل پیش کی جا رہی ہے:

(الف) غیر محصن زانی کے جلد کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم:

1۔ اس حدیث کی تخریج کی ہے: **البخاری ابو عبد الله محمد بن اسماعیل بن ابراهیم البخاري (المتوفى: 256ھ) "الجامع االصحيح المسند من احاديث رسول الله و سننه و ايامه المشهور بصحيح البخاری" ناشر: دار الفكر، بيروت ۔لبنان، طبع سال 2000م، كتاب الحدود، باب البكران يجلدان وينفيان، حديث: 6831،** مکمل حدیث اس طرح ہے: **حدثنا مالك بن اسماعيل، حدثنا عبد العزيز، اخبرنا ابن شهاب، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن زيد بن خالد الجهني، قال: سمعت "النبي صلى الله عليه و سلم يامر فيمن زنى ولم يحصن: جلد مائة وتغريب عام"**۔ اسی طرح، حدیث: 6833 اور **كتاب الشهادات، باب شهادة القاذف و السارق و الزاني، حديث: 2649**۔

اسی طرح اس حدیث کی تخریج کی ہے:

2۔ اسی طرح مختصر لفظی اختلاف کے ساتھ اس حدیث کی تخریج کی ہے: صحیح مسلم ،کتاب الحدود، باب حد الزنی، حدیث: 4414-4415

3۔ **ابو داود سليمان بن الاشعث بن إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو الازدی السجستانی (المتوفى: 275ھ) "سنن ابی داود"، ناشر: دار الفكر، بيروت۔لبنان، طبع سال 2000م، كتاب الحدود، باب في الرجم، حديث: 4415**

4۔ **ابن ماجه ابو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجه القزوينی (المتوفى: 273ھ)، "سنن ابن ماجه" ناشر: دار الفكر، بيروت۔لبنان، طبع سال 2000م، كتاب الحدود، باب حد الزنا، حديث: 2550**

5۔ **الترمذی، ابو عيسیٰ محمد بن عيسى بن سورة بن موسى بن الضحاك (المتوفى: 279ھ)، "الجامع**

الصحیح، المشهور باسم سنن الترمذي"، "ناشر: دار الفکر، بیروت۔لبنان، طبع سال 2000م، ابواب الحدود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ماجاء في الرجم على الثيب، حدیث: 1434۔ اس حدیث کے بارے میں امام الترمذی لکھتے ہیں: هذا حديث صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم: علي بن ابي طالب، وابي بن كعب، وعبد الله بن مسعود، وغيرهم، قالوا: الثيب يجلد ويرجم، والى هذا ذهب بعض اهل العلم، وهو قول اسحاق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم: ابو بكر، وعمر، وغيرهما: الثيب انما عليه الرجم ولا يجلد وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم
مثل هذا في غير حديث في قصة ماعز وغيره، انه امر بالرجم ولم يامر ان يجلد قبل ان يرجم، والعمل على هذا عند بعض اهل العلم، وهو قول سفيان الثوري، وابن المبارك، والشافعي، واحمد

6۔ السنن الکبری للبیهقي ، کتاب القسامة، کتاب الحدود ، باب ما جاء في نفي البکر، حدیث: 15786-15787 اور باب من وقع على ذات محرم له، حدیث: 15860

7۔ مسند احمد بن حنبل ، ومن مسند بني هاشم، مسند ابي هريرة رضي الله عنه، حدیث: 9655۔ اس حدیث کے بارے میں حمزہ احمد الزین لکھتے ہیں: اسناده صحيح

8۔ ابو داود سلیمان بن داود بن الجارود الطیالسی البصری (المتوفی: 204ھ)، "مسند ابی داؤدالطیالسی" ،تحقیق ڈاکٹر محمد بن عبد المحسن الترکی، ناشر دار هجر، مصر، طبع سال 1419ھ، باب: زيد بن خالد الجهني، حدیث: 1414

9۔ مسند ابن الجعد، من حديث عبد العزيز بن عبد الله بن ابي سلمة الماجشون، حدیث: 2439

10۔ المعجم الكبير للطبراني، باب الزاي من اسمه زيد، زيد بن خالد الجهني يكنى ابا طلحة ويقال ابو محمد ويقال، عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، حدیث: 5194، 5197-5198۔

اس حدیث کے راوی: حضرت زید بن خالد الجہنی، حضرت ابو اہریرہ رضی اللہ عنہما

حکم: صحیح

کیفیت: حدیث مرفوع متصل

(ب) کنیز غیر محصن زانی کے جلد کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم:

1۔ اس حدیث کی تخریج کی ہے: صحيح البخاري، كتاب البيوع، باب بيع العبد الزاني، حدیث: 2152، مکمل حدیث اس طرح ہے: حدثنا اسماعيل، قال: حدثني مالك، عن ابن شهاب، عن عبيد الله بن عبد الله، عن ابي هريرة، وزيد بن خالد رضي الله عنهما: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم، سئل عن الامة اذا زنت ولم تحصن، قال: "ان زنت فاجلدوها، ثم ان زنت فاجلدوها، ثم ان زنت فبيعوها ولو بضفير" قال ابن شهاب: لا ادري بعد الثالثة او الرابعة، اسی طرح: حدیث: 2153-2154، باب بيع المدبر، حدیث: 2232-2234، كتاب العتق، باب كراهية التطاول على الرقيق، حدیث: 2255-2256، كتاب الحدود، باب اذا زنت الامة، حدیث: 6837-6838

اسی طرح اس حدیث کی تخریج کی ہے:

2۔ صحیح مسلم، كتاب الحدود، باب رجم اليهود اهل الذمة في الزنى، حدیث: 4445-4449۔

3۔ سنن ابي داود، كتاب الحدود، باب في الامة تزني ولم تحصن، حدیث: 4469-4471۔

4۔ سنن ابن ماجه، کتاب الحدود، باب اقامة الحدود على الاماء، حديث: 2565-2566۔

5۔ سنن الترمذي الجامع الصحيح، ابو اب الحدود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء في اقامة الحد على الاماء، حديث: 1440، اس حدیث کے بارے میں امام الترمذی لکھتے ہیں: وفي الباب عن علي، وابي هريرة، وزيد بن خالد، وشبل، عن عبد الله بن مالك الاوسي: حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح، وقد روي عنه من غير وجه والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم، راوا ان يقيم الرجل الحد على مملوكه دون السلطان، وهو قول احمد، واسحاق وقال بعضهم: يرفع الى السلطان، ولا يقيم الحد هو بنفسه، والقول الاول اصح۔ اسی طرح حدیث: 1441، اس حدیث کے بارے میں امام الترمذی لکھتے ہیں: هذا هديث حسن صحيح۔

6۔ مصنف ابن ابي شيبه، كتاب الحدود، في الرجل يزني مملوكه، حديث: 27703، اسی طرح: كتاب الرد على ابي حنيفة، اقامة الحدود على ملك اليمين، حديث: 35411 اور 35412

7۔ السنن للنسائي، كتاب الرجم، حد الزاني البكر، حديث: 7007، اسی طرح: اقامة الرجل الحد على وليدته اذا هي زنت، حديث: 7019-7031۔

8۔ مسند احمد بن حنبل، اول مسند الكوفيين، حديث عبد الله بن مالك الاوسي، حديث: 18646-18647 اس حدیث کے بارے میں حمزہ احمد الزین لکھتے ہیں: اسناده صحيح

